علمی وتحقیقی مجلہ

معارفِ اسلامی

جلد ۳ شمارہ ۲

جولائی ۲۰۰۳ء تا دسمبر ۲۰۰۴ء



کلیۂ عربی وعلوم اسلامیہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

علم تفسیر کے ارتقائی مراحل

(عہد رسالت تا ۳۱۰ ہجری)

عبدالحمید خان عباسی *

عہد نبوت سے عہد حاضر تک قرآن مجید کی تفسیر کئی مراحل سے گزری ہے۔ ہر ایک مرحلہ میں مفسرین حضرات اپنے اپنے اغراض ومقاصد کے پیش نظر نئے نئے انداز سے کام کرتے رہے۔ یہی اغراض ومقاصد دراصل تفسیر نویسی میں تنوع کا سبب بنتے رہے اور نتیجہ کے طور پر کئی کئی جلدوں پر مشتمل تفسیریں عالم وجود میں آتی رہیں۔ یہ سلسلہ آج تک جاری ہے اور ان شاء اللہ تا قیامت جاری رہے گا۔ مگر اس مقالہ میں صرف نبی اکرم ﷺ کے عہد مبارک سے امام طبریؒ (متوفی ۳۱۰ھ) کے زمانہ تک علم تفسیر کے ارتقائی مراحل اور ہر ایک مرحلہ کی تفسیری خصوصیات کو بالاختصار بیان کیا جاتا ہے:

پہلا مرحلہ

یہ مرحلہ عہد نبوت، عہد صحابہؓ اور عہد تابعین پر مشتمل ہے۔ اس ابتدائی مرحلہ میں تحمل واداء (یعنی اخذ و روایت) کے اعتبار سے تفسیر کا اسلوب یہ تھا کہ قرآنی آیات کی تفسیر سے متعلقہ احادیث کو روایت کے طرز پر ایک دوسرے سے حاصل و بیان کیا جاتا تھا۔

ڈاکٹر محمد حسین ذہبیؒ لکھتے ہیں:

> ''تفسیر...... کو بطریق روایت نقل کیا جاتا تھا، صحابہ کرامؓ جس طرح رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے اسی طرح ایک دوسرے سے بھی روایت کرتے اور (اسی طرز پر) تابعین صحابہ سے روایت کرتے اور خود ایک دوسرے سے بھی روایت کرتے۔ یہ (قرآن مجید کی) تفسیر کا پہلا خطوہ (مرحلہ، قدم) ہے۔''(۱)

---

* اسسٹنٹ پروفیسر/ انچارج، شعبہ قرآن وتفسیر، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد۔

اس انداز کا تعلق تو صرف تفسیری روایات کے اخذ و بیان سے ہے مگر جہاں تک اس مرحلہ میں عملاً تفسیر و توضیح کرنے کا تعلق ہے تو اس امر کی معرفت کے لیے ہمیں مرحلہ کی تینوں کڑیوں کا بالاختصار جائزہ لینا ہو گا تا کہ ہر ایک کڑی کے تفسیری اسلوب یا رجحان کی کیفیت و نوعیت کو متعین کیا جا سکے:

عہد نبوت

نبوت کے مبارک عہد میں تفسیر قرآن کا اسلوب یہ تھا کہ:

''اگر کسی آیت کے متعلق حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے ضرورت محسوس فرمائی تو اللہ تعالیٰ کی منشا و مراد بتا دی، یا کسی کو کوئی اشکال پیش آیا تو اس نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھ کر اپنی تشفی کر لی اور وہ آیات جن کا تعلق عمل سے ہے اسے حضور ﷺ نے کر کے بتا دیا۔'' (۲)

اس عہد میں مفسر اور تفسیر کا اطلاق حضور ﷺ کی ذاتِ طیبہ اور آپ ﷺ کے اسوۂ حسنہ پر ہوتا ہے، چنانچہ مولانا بلخی علماء کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ:

''عہد نبوت میں اسوہ نبویہ بمنزلہ تفسیر قرآن کے تھا'' مطلب یہ کہ نبی اکرم ﷺ کا ہر ارشاد اور آپ ﷺ کا ہر عمل قرآن کی تفسیر و تشریح تھا۔ اس لیے کہ رسول اللہ ﷺ کی حیات طیبہ محض ایک بشر کی زندگی نہ تھی بلکہ دراصل وہ آیات قرآنیہ کی چلتی پھرتی تصویر تھی۔ قرآنی ہدایات و تعلیمات کے متشکل ہو جانے کا نام اسوۂ رسول اللہ ﷺ ہے اور اسوۂ رسول ﷺ کا دوسرا نام تفسیر قرآن ہے۔'' (۳)

اس ضمن میں عبدالصمد صارم علماء کے حوالے سے لکھتے ہیں:

''......قرآن مجید کے مفسر اول حضور علیہ الصلاۃ والسلام اور پہلی تفسیر حدیث رسول اکرم ﷺ ہے۔ امام شافعیؒ نے فرمایا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے جو کچھ فرمایا ہے اس کا استنباط قرآنی آیات سے کیا ہے۔ ابن جرجانی کا قول ہے کہ جس قدر صحیح حدیثیں ہیں

ان کی اصلیت قرآن میں بجنسہ یا قریب قریب موجود ہے......اسی وجہ سے اکثر صحابہ کا یہ طرز تھا کہ جب کوئی حدیث بیان کرتے تو اس کی تصدیق و توثیق کے لیے آیت پڑھتے۔'' (۴)

حضور علیہ الصلاۃ والسلام کے اس مبارک دور میں حدیث کے جو مجموعے تحریر ہوئے ان میں سے ''ہر مجموعہ قرآن کی تفسیر ہے (مثلاً ...... کتاب الصدقہ خود حضور ﷺ نے حضرت ابوبکر بن حزم انصاری رضی اللہ عنہ (۵۱ھ) کو لکھائی۔ یہ دو صفحہ کا رسالہ تھا، اس میں زکوٰۃ کے احکام تھے، گویا آیات زکوٰۃ کی تفسیر تھی۔ اس کی نقول دیگر امراء کو بھی بھیجی گئیں'' (۵) ''حضور ﷺ نے حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ کو نماز، روزہ، ربا، شراب وغیرہ کے احکام لکھا دیئے تھے گویا یہ آیاتِ صوم وصلوٰۃ وغیرہ کی تفسیر تھی'' (۶) لیکن حضور ﷺ کے عہد...... میں جو کچھ لکھا گیا وہ سب حدیثوں کا ذخیرہ تھا، خالص تفسیر کے نام سے کوئی مجموعہ نہ تھا۔ (۷)

مختصر یہ کہ:

''آنحضرت ﷺ کی زندگی کا سارا نبوی دور قرآن کریم کی تفسیر کا دور ہے۔ کیونکہ اس سارے دور میں قرآن حسب ضرورت تھوڑا تھوڑا کر کے نازل ہوتا رہا اور آپ ﷺ ساتھ ساتھ ہی نزول آیات کا مطلب و مدعا لوگوں کو بیان کر کے سناتے رہے اور ہدایت کا پیغام دیتے رہے۔'' (۸)

عہد صحابہ رضی اللہ عنہم

جہاں تک عہد صحابہ رضی اللہ عنہم کا تعلق ہے تو اس میں ''......قرآنی علوم اور تفسیر کے پیشوا دس صحابہ مانے گئے ہیں۔ خلفاء اربعہ (یعنی ابوبکر صدیق (متوفی ۱۳ھ)، عمر بن الخطاب (متوفی ۲۴ھ)، عثمان بن عفان (متوفی ۳۵ھ)، علی مرتضے (متوفی ۴۰ھ)، عبداللہ بن مسعود (متوفی ۳۴ھ)، عبداللہ بن عباس (متوفی ۷۸ھ) عبداللہ بن زبیر (متوفی ۷۳ھ)، ابی بن کعب رضی اللہ عنہم (متوفی ۱۹ھ یا ۲۴ھ)، اسی طرح معاذ بن جبل (متوفی ۱۸ھ) اور ابوالدرداء رضی اللہ عنہما کو بھی قرآنی علوم میں خصوصی امتیاز تھا۔'' (۹)

❷ تفسیری منابع

تفسیری منابع یعنی مصادر و مآخذ کے حوالے سے صحابہ کرامؓ کے عہد کا اطلاق اس زمانہ پر بھی ہوگا جسے انہوں نے مفسر اول علیہ الصلاۃ والسلام کی حیات مبارکہ میں گزارا اور اس وقت پر بھی ہوگا جسے آپ ﷺ کے رخصت ہو جانے یعنی ۱۱ھ کے بعد گزارا ہے گویا یہ عہد عہدِ نبوت و عہد صحابہ دونوں کو شامل ہے۔ مگر جب عہدِ خلفاء راشدین کہا جائے تو اس کا اطلاق صرف ۱۱ھ سے ۴۰ھ تک کے زمانہ پر ہوگا۔

قرآنی آیات کی تفسیر کرنے کے لیے صحابہ کرام جن منابع پر اعتماد کرتے تھے علماء نے ان کی تعداد چار بیان کی ہے:

① قرآن مجید، کہ اس کی بعض آیات بعض کی تفسیر کرتی ہیں جیسے ﴿لَيْلَةٌ مُبَارَكَةٌ﴾ سے مراد ﴿لَيْلَةُ الْقَدْرِ﴾ ہے۔

② حضور علیہ الصلاۃ والسلام، کہ ان کی بابت قرآن مجید میں ہے:

﴿وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ﴾ ......(۱۰)

''اور ہم نے آپؐ پر قرآن نازل کیا تاکہ آپ لوگوں کے لیے اس کتاب کی توضیح کر دیں جو آپ پر نازل کی گئی ہے۔''

اسالیبِ تفسیر

نبی اکرم ﷺ نے قرآنی آیات کی تفسیر درج ذیل اسالیب سے فرمائی ہے:

الف۔ مجمل یا مشکل آیات کی توضیح، عام آیات کی تخصیص اور مطلق کی تقیید کی۔

ب۔ الفاظ آیات کی تشریح کی جیسے "مَغْضُوْبٌ عَلَيْهِم" سے مراد یہودی اور "الضالین" سے مراد عیسائی ہیں۔

ج۔ قرآنی احکام سے زائد احکام بیان کئے جیسے صدقہ فطر کا حکم، پھوپھی، بھتیجی، بھانجی اور خالہ سے بیک وقت نکاح کرنے کی حرمت اور شادی شدہ زانی کو سنگسار کرنے کا حکم وغیرہ۔

د۔ ناسخ ومنسوخ آیات کی نشاندہی فرمائی جیسے وارث کے حق میں آیت وصیت کو حکماً منسوخ بتایا۔

ر۔ قرآن مجید میں مذکور حکم کی تائید وتاکید فرمائی جیسے:

﴿وَلَا تَأْكُلُوا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ﴾ (۱۱) کی تائید میں فرمایا:

"لا يحل مال امرىء مسلم إلا بطيب نفسه" (۱۲)۔

(یعنی کسی مسلمان کا مال اس کی رضامندی کے بغیر حلال نہیں)۔

اجتہاد وقوت استنباط

جن آیات کی تفسیر میں فکر ونظر کی ضرورت ہوتی تو ان کی تفسیر کرنے میں متعدد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اپنی رائے واجتہاد پر اعتماد کرتے اور اس اسلوب میں درج ذیل آلات وذرائع سے مدد لیتے:

ا۔ عربی زبان کے اوضاع (حالات) واسرار کی معرفت۔

ب۔ عربوں کی عادات سے متعلقہ آیات کی تفسیر میں ان کی عادات کی معرفت جیسے سورۃ التوبہ (۹): ۳۷ اور سورۃ البقرۃ (۲): ۱۸۹۔

ج۔ یہود ونصاریٰ کے متعلق نازل ہونے والی آیات کی تفسیر میں اس وقت موجود اہل کتاب کے احوال کی معرفت کہ اس سے ان کے فہم میں بڑی مدد ملتی ہے۔

د۔ نہایت پوشیدہ مفہوم والی آیات کے لیے خداداد قوت فہم اور وسعت ادراک کی صلاحیت جیسے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما تھے۔

ر۔ چوتھا مصدر اہل کتاب تھے کیونکہ بعض مسائل میں قرآن مجید، تورات اور انجیل میں موافقت ہے۔ تحریف کے پیش نظر اس مصدر کی اہمیت بہت کم ہے۔ (۱۳)

عہد صحابہؓ کی مکتوبہ تفسیریں

مصادر سے پتہ چلتا ہے کہ عہدِ صحابہ رضی اللہ عنہم میں دو تفسیروں کو کتابی صورت میں مدون ومرتب کیا گیا:

❶ تفسیر ابیؓ بن کعب رضی اللہ عنہ (متوفی ۱۹ھ یا ۲۴ھ)

مولانا محمد عبدالحلیم چشتی کی تحقیق کے مطابق یہ عہد صحابہ رضی اللہ عنہم کی سب سے پہلی قرآنی تفسیر ہے، چنانچہ وہ لکھتے ہیں کہ:

''پہلی صدی ہجری میں قرآن کی تفسیر سب سے پہلے سید المسلمین حضرت ابی بن کعبؓ رضی اللہ عنہم نے لکھی موصوف کا انتقال عہد فاروقی میں ہوا تھا، جس سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ عہد فاروقی یا عہد صدیقی کی تالیفات میں سے ہے مشہور مفسر محمد بن جریر طبریؒ (متوفی ۳۱۰ھ) اور ابن ابی حاتم (متوفی ۳۲۷ھ) نے اپنی تفسیروں میں اس سے بکثرت روایتیں کی ہیں اسی طرح ابوعبداللہ الحاکم (متوفی ۴۰۵ھ) اپنی مستدرک میں اور امام احمد بن حنبل (متوفی ۲۴۱ھ) اپنی مسند میں اس سے روایت کرتے ہیں'' (۱۴) حاکمؒ نے ۴۰۵ھ میں وفات پائی اس لیے یہ تفسیر پانچویں صدی تک ضرور موجود تھی۔'' (۱۵)

یہ تفسیر جس سند سے مروی ہے وہ صحیح ہے، چنانچہ علامہ احمد طاش کبری زادہ (متوفی ۹۶۸ھ) لکھتے ہیں:

"اما ابی بن کعبؓ فعنه نسخة کبیرة یرویها ابو جعفر الرازی عن الربیع بن انس بن ابی العالیة عنه و هذا اسناد صحیح۔" (۱۶)

''جہاں تک ابی بن کعبؓ کا تعلق ہے تو ان کی تفسیر کا نسخہ بڑا ہے جس کو ابوجعفر رازی بواسطہ ربیع بن انس از ابوالعالیہ از ابی بن کعب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں اور یہ سند صحیح ہے۔''

علاوہ ازیں! انہوں ہی نے سب سے پہلے ''فضائلِ قرآن'' کے موضوع پر کتاب لکھی جو ''علوم قرآن پر عہد اسلامی کی غالباً سب سے پہلی تصنیف ہے۔'' (۱۷)

❷ تفسیر ابن عباس رضی اللہ عنہما (متوفی ۶۸ھ)

یہ عہد صحابہ رضی اللہ عنہم میں کتابی صورت میں مدون ہونے والی دوسری تفسیر ہے۔ اس کے متعلق امام احمد بن حنبلؒ کے حوالے سے ابوالخیر طاش کبری زادہ لکھتے ہیں کہ:

''امام احمد بن حنبلؒ نے فرمایا تفسیر میں ایک صحیفہ مصر کے اندر موجود ہے جس کو علی بن ابی طلحہ روایت کرتے ہیں۔ اگر کوئی اس کی طلب میں مصر کا سفر کرے تو یہ کوئی بڑا کام نہیں ہے، اور یہ وہ نسخہ ہے جس پر امام بخاریؒ نے اپنی صحیح میں ان روایتوں پر، جو انہوں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالہ سے نقل کی ہیں، اعتماد کیا ہے اور علی بن ابی طلحہ اور ابن عباس رضی اللہ عنہما کے درمیان صرف ایک واسطہ ہے اور وہ مجاہد یا سعید بن جبیر کا ہے۔ حافظ ابن حجرؒ کا بیان ہے کہ واسطہ معروف اور ثقہ ہے تو پھر روایت کرنے میں کوئی نقصان نہیں۔'' (۱۸)

ان کے علاوہ عکرمہ (متوفی ۱۰۵ھ) طاؤس بن کیسان (متوفی ۱۰۶ھ) وقیس بن مسلم کوفی (متوفی ۱۲۰ھ) کے طریق بھی صحیح ہیں۔ حضرت ابن عباس کی تفسیر کے متفرق ومختلف نسخے کتب خانوں میں ہیں۔ (۱۹)

اسلوب

ان دونوں تفسیروں کے اسلوب کو مولانا افتخار احمد بلخی کے درج ذیل بیان سے بخوبی معلوم کیا جا سکتا ہے، وہ لکھتے ہیں:

ا۔ ''صحابہ کرام سے قرآن کی جو تفسیریں منقول ہیں اور بعض کتابوں سے معلوم ہوتا کہ دو تحریری طور پر بھی قلمبند کی گئی تھیں۔ ایک تفسیر ابن عباس رضی اللہ عنہما اور دوسری تفسیر ابن کعب رضی اللہ عنہ۔ ان کا بیشتر حصہ قرآن کے مفرد اور غریب الفاظ کی تشریح سے تعلق رکھتا ہے۔ یا آیات احکام سے متعلق کوئی حدیث انہیں معلوم ہوتی تو وہی ان آیات کی توضیح وتشریح میں بیان کر دیا کرتے تھے اور اگر کوئی حدیث انہیں معلوم نہ ہوتی اور وقت کا تقاضا ہوتا تو پھر خود ہی فقہی نقطۂ نظر سے تفسیر وتشریح کرتے لیکن ایسا کم ہوا ہے۔ رہے اعتقادی مسائل یا اسرارِ کائنات سے متعلق تفسیریں تو اس باب میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے بہت کم چیزیں منقول ہیں۔'' (۲۰)

۲۔ پھر نتیجۃً لکھتے ہیں:

''اس طرح ہم کہہ سکتے کہ دورِ صحابہؓ کی تفسیر لغوی، اثری اور قدرے فقہی تھی۔'' (۲۱)

علاوہ ازیں! علماء کرام کے بیان کردہ درج ذیل تفسیری خصائص سے بھی عہد نبوی و عہد صحابہ میں تفسیری اسالیب کا اظہار ہوتا ہے:

① اس دور میں قرآن مجید کی پوری تفسیر بیان نہیں کی گئی۔

② صرف ان آیات کی تفسیر کی گئی جن کے فہم میں کچھ مشکل درپیش آتی تھی یا ان میں اجمال پایا جاتا تھا۔

③ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم قرآن مجید کے اجمالی معنی پر اکتفا کرتے تھے اور تفصیلاً مطالب کو سمجھنا ضروری تصور نہیں کرتے تھے۔ مثلاً اللہ تعالیٰ کے اس قول: ﴿وَفَاكِهَةً وَّأَبًّا﴾ پھل اور سبزہ (عبس:۳۱) میں ان کے نزدیک صرف بندوں پر اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی تعداد مراد ہے۔

④ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں قرآن مجید کے معانی کے فہم میں بہت قلیل اختلاف تھا۔

⑤ صحابہ کرام رضی اللہ عنہ کم سے کم الفاظ میں لغوی معنی کی توضیح پر اکتفا کرتے۔ مثلاً ﴿غَيْرَ مُتَجَانِفٍ لِّإِثْمٍ﴾ (المائدۃ:۳)۔ (گناہ کا قصد کرنے والا نہ ہو) کا معنی ہے "غير متعرض لمعصية الله" یعنی گناہ سے تعریض کرنے والا۔

⑥ متحد العقیدہ ہونے اور مذہبی اختلافات کے عدم وجود کی وجہ سے صحابہ کرامؓ شاذ و نادر ہی فقہی احکام کا استنباط کرتے تھے (۲۲)۔

اس بحث سے جو چیز سمجھ میں آتی ہے وہ یہ ہے کہ اس دور کا تفسیری اسلوب بالکل سادہ تھا۔ اور سادگی کے عنصر کا غالب رہنا ایک فطری امر تھا کیونکہ تدوین تفسیر کی یہ ابتداء تھی اور ہر ابتدائی کام کی جو کیفیت و نوعیت ہوتی ہے اس سے اصحابِ عقل و دانش بخوبی آگاہ ہیں۔

عہد تابعینؒ

جہاں تک عہد تابعینؒ کا تعلق ہے تو اس میں علوم قرآن اور تفسیر میں درج ذیل حضرات خاص شہرت کے حامل تھے:

☆ مکہ میں، سعید بن جبیرؒ (متوفی ۱۰۴ھ)، عکرمہؒ مولیٰ بن عباس رضی اللہ عنہما (متوفی ۱۰۴ھ)، طاؤس بن کیسان یمانیؒ (متوفی ۱۰۶ھ)، اور عطاء بن أبی رباحؒ (متوفی ۱۰۴ھ)۔

☆ مدینہ میں، ابوالعالیہؒ (متوفی ۹۰ھ)، محمد بن کعب القرظیؒ (متوفی ۱۱۸ھ)، زید بن اسلمؒ (متوفی ۱۳۶ھ)

☆ عراق میں، علقمہ بن قیسؒ (متوفی ۶۱ یا ۶۲ھ)، مسروق بن اجدعؒ (متوفی ۶۳ھ)، اسود بن یزیدؒ (متوفی ۷۴ یا ۷۵ھ)، مُرّہ ہمدانیؒ (متوفی ۷۶ھ)، عامر شعبیؒ (متوفی ۱۰۹ھ)، حسن بصریؒ (متوفی ۱۱۰ھ)، اور قتادہؒ (متوفی ۱۱۷ھ) (۲۳)

تفسیری منابع

تفسیر قرآن کے منابع (مصادر) کے حوالے سے یہ بات ذہن میں رکھنی چاہیے کہ عہدِ تابعین کا اطلاق اس وقت پر بھی ہوگا جسے ان حضرات نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ گزارا اور اس زمانہ پر بھی ہوگا جو آخری صحابی رضی اللہ عنہ کے رخصت ہو جانے کے بعد گزارا، ''حلف بن خلیفہؒ (متوفی ۱۸۱ھ) کو آخری تابعی تصور کیا جاتا ہے کیونکہ موصوف نے آخری صحابی ابوالطفیلؓ، جن کا نام عامر بن واثلہ (متوفی ۱۱۰ھ) ہے، سے مکہ میں ملاقات کی تھی۔ اس لیے کہا گیا ہے کہ تابعینؒ کا عہد ۱۸۱ھ میں ختم ہو گیا تھا۔'' (۲۴)

تابعین حضرات قرآنی آیات کی تفسیر میں بقول ڈاکٹر محمد حسین ذہبیؒ ان مصادر پر اعتماد کرتے تھے:

① قرآن مجید پر (یعنی قرآنی آیات کی تفسیر قرآنی آیات سے)۔

② احادیث رسول اللہ ﷺ جنہیں صحابہ رضی اللہ عنہم نے بیان کیا ہے۔

③ تفسیر کے سلسلہ میں صحابہ رضی اللہ عنہم کے اقوال۔

④ اہل کتاب کی کتب میں بیان شدہ متعلقہ مواد۔

⑤ تابعین کے اجتہاد واستنباط پر مبنی اقوال۔

⑥ عربوں کی لغت اور ان کے اسالیب کلام۔

⑦ نزول قرآن کے وقت پیش آنے والے واقعات (۲۵)۔

یہ ہیں وہ مصادر جن پر اعتماد کرتے ہوئے تابعین حضراتؒ نے قرآن مجید کی تفسیر کے اس خلا کو پر کیا جو عصرِ صحابہ رضی اللہ عنہم میں باقی رہ گیا تھا۔

عہد تابعین کی مکتوبہ تفاسیر

مصادر سے معلوم ہوتا ہے کہ مذکور تابعینؒ میں سے ہر ایک تابعیؒ نے تفسیر میں کتاب تحریر فرمائی جو اسی کے نام سے مشہور ہوئی (۲۶)، جیسے:

❶ تفسیر سعید بن جبیر

یہ پہلی تفسیر ہے جسے عہد تابعین میں تحریر کیا گیا، چنانچہ مولانا محمد عبدالحلیم چشتی لکھتے ہیں کہ:

''...... پہلی صدی ہجری کے وسط میں کبار تابعین میں سے غالباً سب سے پہلے ترجمان القرآن حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے نامور شاگرد حضرت سعید بن جبیرؒ (متوفی ۹۳ھ یا ۹۵ھ) نے قرآن مجید کی تفسیر لکھی جو تفسیر سعید بن جبیر کے نام سے موسوم ہے'' (۲۷)۔

اس تفسیر کے سبب تالیف کے متعلق حافظ شمس الدین ذہبیؒ (متوفی ۷۴۸ھ) فرماتے ہیں کہ:

''عبدالملک بن مروان (متوفی ۸۶ھ) نے حضرت سعید بن جبیرؒ کو لکھا اور فرمائش کی کہ قرآن مجید کی تفسیر لکھ کر بھیج دیں تو اس فرمائش پر انہوں نے تفسیر لکھ کر بھیج دی'' (۲۸)

خلیفہ نے اس کو شاہی خزانہ میں محفوظ کر دیا تھا۔ کچھ عرصہ کے بعد یہ تفسیر حضرت عطار بن دینار تابعیؒ (متوفی ۱۲۶ھ) کے ہاتھ آ گئی اور ان کے نام سے مشہور ہوئی (۲۹)۔

❷ تفسیر ابی العالیہ

حضرت سعید بن جبیرؒ کے بعد کبار تابعین میں سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے تلمیذ خاص ابو العالیہ رفیع بن مہران ریاحی بصریؒ (متوفی ۹۳ھ) نے قرآن مجید کی تفسیر لکھی (۳۰)۔

حافظ شمس الدین ذہبیؒ ان کے تذکرہ میں لکھتے ہیں کہ:

''ابوبکر بن ابی داود نے فرمایا: صحابہ رضی اللہ عنہم کے بعد ابوالعالیہؒ اور پھر سعید بن جبیر سے زیادہ قرآن حکیم جاننے والا کوئی نہیں ہے'' (۳۱)

گویا سعید بن جبیرؒ کے مقابلہ میں ابوالعالیہؒ کا درجہ تفسیر میں بلند ہے۔

حضرت ابوالعالیہ کی یہ تفسیر اصل میں حضرت ابی بن کعب صحابی رضی اللہ عنہ کی تفسیر کا مجموعہ تھا۔ ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے اسے ابوالعالیہؒ نے اور ان سے ربیع بن انسؒ (متوفی ۱۳۶ھ) نے اور ان سے ابوجعفر رازیؒ نے روایت کیا ہے۔ یہ سلسلہ سند صحیح ہے۔ مفسرین اور محدثین نے اپنی اپنی کتب میں خوب اس تفسیر سے استفادہ کیا ہے۔ (۳۲)

اسلوب تفسیر

تابعین حضراتؒ کے عہد میں اسلوب تفسیر کے حوالے سے ان مشکلات کا ذہن میں رکھنا ضروری ہے جن سے ان حضرات کو واسطہ پڑا اور جن کی وجہ سے ان کے تفسیری اسلوب (رجحان) میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے اسلوب کی نسبت کچھ جدت پیدا ہوئی۔ ایسی مشکلات کی نشاندہی مولانا افتخار احمد بلخی نے کی ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

''اس دور تابعین میں:

☆ ایک طرف تو مختلف فرقے (مثلاً خوارج، قدریہ وغیرہ) اپنے باطل افکار ونظریات کی اشاعت کے لیے قرآن کو آلہ کار بنانے میں زیادہ سرگرم ہو گئے تھے۔

☆ دوسری طرف دور دور تک اسلامی دعوت کے پہنچنے کی وجہ سے جب رومیوں اور ایرانیوں کا اختلاط زیادہ ہوا تو کچھ ایسے عجمی افکار کو دخل اندازی کے مواقع ملے جن سے ذہنی انتشار پیدا ہونا لازمی تھا۔

☆ تیسری طرف یونانی فلسفہ تھا جو آگے بڑھ رہا تھا۔

☆ اور چوتھی طرف اسلامی مملکت کے رقبہ کے وسیع تر ہو جانے کے سبب معاشرتی، معاشی اور سیاسی نوعیت کے بہت سے پیچیدہ مسائل ابھر رہے تھے۔'' (۳۳)

اس کے بعد لکھتے ہیں کہ:

''یہ گوناگوں مشکلات تھیں جن سے تابعین کو عہدہ برآ ہونا تھا۔ چنانچہ ان سے نمٹنے کے لیے انہوں نے تفسیر قرآن کے باب میں جو طریقہ (اسلوب) اختیار کیا وہ:

① اصلاً اس سے کچھ زیادہ مختلف نہ تھا، جو صحابہ رضی اللہ عنہم کا تھا۔ ان کی کوشش یہی ہوتی تھی کہ ان تک صحابہ رضی اللہ عنہم کے ذریعہ جو کچھ پہنچا ہے اسے بیان کرنے پر اکتفا کریں۔

② لیکن ساتھ ہی دوسرے متذکرہ بالا مسائل سے بھی وہ آنکھیں بند نہیں کر سکتے تھے۔ اس لیے اس باب میں تابعین کی روش یہ تھی کہ:

وہ کبھی کبھی گفتگو میں اور بحثیں بھی کیا کرتے مگر اس معاملہ میں ان کی کوشش یہی ہوتی کہ ذہنی کشش اور مناظرہ کا رنگ پیدا نہ ہو، بلکہ جہاں تک ہو سکے اذہان کو کج بحثوں سے ہٹا کر احکام کی پابندی کی راہ پر لگایا جائے مثلاً محمد بن سیرینؒ سے ایک مرتبہ بعض لوگوں نے مسئلہ جبر و قدر کے متعلق کچھ بحث کی۔ ان کا جواب دیتے ہوئے ابن سیرینؒ نے یہ آیت تلاوت کی:

﴿اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ ......﴾۔ مطلب یہ تھا کہ اس طرح کے مسائل میں وقت برباد کرنے کے بجائے عمل خیر کرو کہ اسی کا حکم تمہیں دیا گیا ہے۔

③ رہے اپنے زمانے کے بدلتے ہوئے حالات اور وسعتِ مملکت کی مقتضیات اور پیش آنے والے نت نئے مسائل، تو اس باب میں اگر انہیں صحابہ رضی اللہ عنہم سے کوئی رہنمائی نہ ملی ہوتی تو پھر ایسے پیش آمدہ مسائل کے حل کی خاطر وہ خود اپنی علمی بصیرت سے کام لے کر قرآنی آیات کی تفسیر و تشریح کرتے۔ جس کی بکثرت مثالیں قاضی شریح، ابراہیم نخعی، مجاہد، عطاء، ابنِ سیرین اور مکحولؒ کے افادات میں مل سکتی ہیں۔'' (۳۴)

تفسیری اختلافات کا جہاں تک تعلق ہے تو: ''عہد صحابہؓ میں یہ نہایت کم تھا۔ عہد تابعینؒ میں اس میں کچھ اضافہ ہوا۔ مگر تابعینؒ کا اختلاف تفسیر میں کم تھا اور احکام میں زیادہ۔'' (۳۵)

اور ایسا قدرۃً ہونا چاہیے۔ کیونکہ زمانے کے تقاضے اور بدلتے ہوئے حالات کی بناء پر ابھرنے والے نت نئے مسائل کے حل کی خاطر اجتہاد کیا جائے گا تو لازمی طور پر آراء کے درمیان اختلاف ہوگا اور تفسیر میں تابعین کے درمیان جس قسم کے اختلاف کا ثبوت ملتا ہے وہ زیادہ تر تنوع کا ہے نہ کہ تضاد کا۔(۳۶)

④ عہد تابعین کے تفسیری اسالیب میں سے ایک یہ بھی ہے کہ اس دور میں اسرائیلی ونصرانی روایات کو تفسیر میں بیان کیا گیا۔

چنانچہ ڈاکٹر محمد حسین ذہبیؒ لکھتے ہیں:

''اس دور میں بکثرت اسرائیلیات ونصرانیات تفسیر میں داخل ہوئیں کیونکہ اس دور میں بہت سارے اہل کتاب اسلام میں داخل ہوئے اور ان کے اذہان میں ایسے واقعات موجود تھے جن کا شرعی احکام سے کوئی تعلق نہیں تھا، جیسے پیدائش کی ابتداء، وجود کے اسرار اور ظہور کائنات کے بارے میں اخبار اور دیگر قصے وکہانیاں جن کے سننے کے لیے انسانی نفوس شائق ہوتے ہیں......۔''(۳۷)

⑤ تحمل واداء: تابعین حضراتؒ تفسیر میں تحمل واداء یعنی اخذ وروایت کا اہتمام کرتے تھے۔ یہ ان کے تفسیری اسلوب کا ایک نمایاں پہلو ہے۔ ڈاکٹر ذہبیؒ لکھتے ہیں:

''دور تابعین کی تفسیر پر بھی نقل وروایت کی چھاپ بدستور رہی مگر نبی ﷺ اور آپ کے صحابہ رضی اللہ عنہم کے عصر کی طرح اس اخذ ونقل میں عموم کا مفہوم شامل نہ تھا بلکہ اس میں اختصاص شامل تھا۔ یعنی ہر شہر کے باسی اپنے ہی شہر کے امام کے اقوال کا اہتمام کرتے تھے۔ جیسے مکہ والے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے، مدینہ والے ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے اور عراق والے عبداللہ بن مسعودؓ سے تفسیری اقوال نقل کرتے تھے۔''(۳۸)

اس بحث سے ثابت ہوا کہ: ''تابعین حضرات علم حدیث کی طرح علم تفسیر بھی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے حاصل کرتے تھے۔ یہ صرف منقول پر ہی اکتفا نہیں کرتے تھے بلکہ نظر واستدلال اور اجتہاد واستنباط کی رائیں بھی اختیار کرتے تھے۔''(۳۹)

علاوہ ازیں! ''تابعینؒ نے جو تفسیریں تصنیف کیں ان کا طرز (اسلوب) یہ تھا کہ آیت اور اس کے تحت میں حدیث اور اقوال صحابہ رضی اللہ عنہم و تابعینؒ نقل کرتے تھے۔ قصص و علمی نکات پر زیادہ توجہ نہ تھی۔'' (۴۰)

تابعین کے آخری دور میں اسلوب تفسیر کی نوعیت

اسلوبِ تفسیر کی نوعیت کے حوالے سے تابعین حضرات کا آخری دور خاص اہمیت کا حامل ہے کیونکہ:

''اس دور میں تفسیر ایک نئے مرحلے میں داخل ہوتی ہے۔ یہ مرحلہ تھا فکری الجھنوں کی چھان بین کرنے اور شکوک وشبہات کی نوعیت کو پیش نظر رکھ کر اس انداز سے قرآن کی تفہیم کا کہ فکری انتشار بلکہ آوارگی سے اذہان وقلوب کو محفوظ رکھا جائے۔ یہی وجہ ہے کہ تابعین کے اس آخری دور میں پوری تفسیر قرآن پر کم اور زیادہ تر خاص خاص مختلف موضوعات پر تالیف کا سراغ ملتا ہے'' (۴۱) مثلاً:

① علم ناسخ ومنسوخ: اس موضوع پر مقاتل بن سلیمانؒ (متوفی ۱۵۰ھ)، علامہ حسین بن واقد المروزیؒ (متوفی ۱۵۷ھ) اور پھر امام شافعیؒ (متوفی ۲۰۴ھ) نے کتاب تالیف کی۔

② نُقَطِ مصاحف پر کبار تابعی، قاضی بصرہ ابو الاسود دؤلیؒ (متوفی ۶۹ھ) نے ایک مختصر رسالہ لکھا۔ پھر دوسری صدی ہجری میں اس موضوع پر امام لغت خلیل احمد بصریؒ (متوفی ۱۷۰ھ) نے قلم اٹھایا اور سب سے پہلے نُقَطِ مصاحف کے اسباب وعلل سے بحث کی اور انہیں کتابی صورت میں مرتب کر کے پیش کیا۔

③ غریب القرآن پر ابان بن تغلب بکری کوفیؒ (متوفی ۱۴۱ھ) نے کتاب لکھی۔

④ وجوہ ونظائر قرآن پر مقاتل بن سلیمانؒ (متوفی ۱۵۰ھ) اور علامہ حسین بن واقد مروزیؒ (متوفی ۱۵۷ھ) نے کتاب تصنیف کی۔

⑤ حروف قرآن پر سب سے پہلے امام ابوعمرو بن العلاء البصریؒ (۱۵۱ھ) نے کتاب تالیف کی۔

⑥ اسی طرح انہوں نے قرأت کے موضوع پر غالباً سب سے پہلے کتاب لکھی۔ ان کے ہمعصر ابان بن تغلبؒ اور مقاتل بن سلیمانؒ نے بھی اس موضوع پر کتاب لکھی۔

⑦ احکام القرآن پر محمد بن السائب کلبیؒ (متوفی ۱۴۶ھ) نے کتاب لکھی۔

⑧ متشابہ القرآن پر غالباً پہلی کتاب مقاتل بن سلیمانؒ نے تالیف کی۔

⑨ اجزاء قرآن کے فن میں سے ''اسباع القرآن'' پر امام ابوعمارہ حمزہ بن حبیب کوفیؒ (متوفی ۱۵۸ھ) نے ''العواشر'' پر امام نافع بن عبدالرحمٰن مدنیؒ (متوفی ۱۶۹ھ) نے اور ''تقسیم القرآن'' پر محمد بن السائب کلبی (متوفی ۱۴۶ھ) نے کتاب لکھی (۴۲)۔

علاوہ ازیں! ''تفسیر بالروایت کے سلسلے میں دوسری صدی ہجری میں ابن جریجؒ (متوفی ۱۵۰ھ)، مقاتل بن سلیمانؒ (متوفی ۱۵۰ھ) اور سفیان ثوریؒ (متوفی ۱۶۱ھ) نے کچھ لکھا۔ ابن جریجؒ کی یہ تحریریں تو اب نہیں ملتیں لیکن سفیان ثوریؒ کی تفسیر حال ہی میں ہندوستان میں چھپی ہے۔'' (۴۳)

اس میں صحابہ رضی اللہ عنہم کی تفسیر کی مخصوص سادگی پائی جاتی ہے۔ اگرچہ سفیان ثوریؒ کے اقوال میں کہیں کہیں ان کے دور کی خصوصیت جھلکتی ہے: مثال کے طور پر ان کا ایک قول ہے کہ (قرآن غیر مخلوق ہے اور جو اس پر اعتقاد نہیں رکھتا، وہ مومن نہیں) (۴۴) لیکن پھر بھی انہوں نے اپنی تفسیر میں کلامی بحثوں کو داخل ہونے کی اجازت نہیں دی۔ (۴۵)

جہاں تک مقاتل بن سلیمانؒ کی تفسیر کا تعلق ہے تو ''اس...... میں بھی آپ کو یہی سادگی ملے گی، البتہ ان کے ثقہ ہونے میں علماء میں اختلاف ہے۔ یہ تو طے شدہ بات ہے کہ انہوں نے اپنی تفسیر میں یہود اور نصاریٰ سے روایات کی ہیں۔'' (۴۶)

اور ان کا اثر اس تفسیر میں نمایاں نظر آتا ہے۔ مقاتل بن سلیمان نے قرآن کی آخری سورت کی تفسیر میں لکھا ہے:

> ''شیطان ایک کھونٹی کی طرح آدمی کے دل کے ساتھ چمٹا ہوا ہے اور جب ﴿ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ﴾ پڑھی جاتی ہے تو وہ دفع ہو جاتا ہے۔'' (۴۷)

قرآن کی آیت:

﴿إِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ......﴾ (سورۃ الفجر (۸۹):۱۴)۔

(بے شک آپ کا رب گھات میں لگا ہے) کی تفسیر یوں کی ہے:

''دوزخ پر سات پل ہیں، ان میں سے ہر پل پر سوال و جواب ہوگا، اس مرحلے سے گزرے بغیر آدمی کو جنت میں داخل ہونے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ ہر پل پر اس سے ایمان، نماز، زکوٰۃ، روزہ، حج، عمرہ اور دوسری تمام کوتاہیوں کے بارے میں سوال کیا جائے گا۔ اگر اس نے صحیح جوابات دیئے تو وہ ایک پل سے دوسرے پل تک جائے گا۔ اگر اس نے اسی طرح ساتوں پل پار کر لیے تو پھر وہ جنت میں داخل ہوگا۔ جب یہ سوال جواب ہوں گے تو فرشتے وہاں موجود ہوں گے۔ یہ مطلب ہے قرآن کی آیت ﴿إِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ﴾ کا'' (۴۸)۔

علماء کرام کے اس اہتمام سے ''دراصل بنیاد پڑ رہی تھی علوم قرآن کی اور تیاریاں ہو رہی تھیں مختلف نقطۂ نظر سے قرآنی تفاسیر تالیف کیے جانے کی۔ مثلاً آثار و روایات کے لحاظ سے لغت و بلاغت کے لحاظ سے، عقلی زاویہ نگاہ سے، طبعی اور معاشرتی علوم کے نقطۂ نظر سے وغیرہ وغیرہ'' (۴۹)

دوسرا مرحلہ

عصر صحابہ رضی اللہ عنہم و تابعینؒ کے بعد تفسیر نویسی کا دوسرا مرحلہ شروع ہوتا ہے جو اصل میں تبع تابعین کی کاوشوں پر مشتمل ہے۔ یہاں اس بات کا ذہن میں رکھنا ضروری ہے کہ تابعین حضرات کے دور میں جو مشکلات پیدا ہوئی تھیں ان سے نمٹنے کے لیے انہوں نے تفسیر میں جو اسلوب اختیار کیا اس کا ذکر تو ہو چکا ہے۔ تبع تابعین کے دور میں ان مشکلات میں مزید ترقی ہوئی، چنانچہ علامہ بلخی لکھتے ہیں:

''......اس دور میں وہ سارے باطل و فاسد افکار و نظریات کھل کر میدان میں آ گئے جو اس سے پہلے (یعنی تابعین کے دور میں) ذرا جھجکتے ہوئے سامنے آتے تھے۔ ایک طرف سبائیت وغیرہ باطل فرقے اپنے اپنے عقائد و نظریات کی نشر و اشاعت اور اپنے

اپنے مقاصد کے حصول کی غرض سے قرآن کو استعمال کرنے میں تیز گام ہو گئے۔ اور دوسری طرف یونانی فلسفہ تھا جو اذہان وقلوب کو مسموم کر ڈالنے کے لیے بڑھ چڑھ کر حصہ لینے لگا۔ مزید برآں ملحدین کا ایک طبقہ تھا جو قرآن پر طرح طرح کے اعتراضات کر رہا تھا۔'' (۵۰)

پھر لکھتے ہیں کہ:

''اس صورت حال سے نمٹنے کے لیے سب سے پہلا قدم یہ اٹھایا گیا کہ تفسیریں تالیف کی گئیں جن میں رسول اللہ ﷺ سے مروی تفاسیر اور صحابہ رضی اللہ عنہم اور تابعینؒ کے اقوال کو جمع کیا گیا۔'' (۵۱)

اسلوب

اس دور میں احادیث نبویہ کی تدوین چونکہ ابواب کے اسلوب پر ہو رہی تھی، اس لیے محدثین حضرات نے احادیث کے ابواب کے ساتھ ایک مستقل باب تفسیر کے لیے مختص کر لیا تھا، چنانچہ ڈاکٹر محمد حسین ذہبیؒ لکھتے ہیں کہ:

① ''عصر صحابہ رضی اللہ عنہم اور تابعینؒ کے بعد تفسیر کے دوسرے مرحلہ کی ابتداء ہوئی۔ یہ اس وقت ہوئی جب (ابواب کے اسلوب پر) تدوین حدیث کا آغاز ہوا۔ حدیث نبوی مختلف ابواب میں منقسم تھی اور ان میں ایک باب تفسیر پر بھی مشتمل تھا۔

② اس دور میں ایسی خاص تالیف نہیں تھی جس میں سورتوں اور آیات کی ترتیب کے لحاظ سے ابتداء سے آخیر تک قرآن مجید کی تفسیر کی گئی ہو۔

③ اس دور میں ایسے علماء موجود تھے جو حدیث جمع کرنے کی خاطر مختلف امصار و بلاد کا چکر لگاتے تھے اور حدیث کے ساتھ ساتھ تفسیر سے متعلقہ ان اقوال کو جمع کرتے جو نبی ﷺ، صحابہ رضی اللہ عنہم، یا تابعینؒ کی جانب منسوب ہوتے تھے،

مثلاً: یزید بن ہارون السلمیؒ (متوفی ۱۱۷ھ)، شعبہ بن حجاجؒ (متوفی ۱۱۸ھ)، وکیع بن الجراحؒ (متوفی ۱۹۷ھ) سفیان بن عیینہؒ (متوفی ۱۹۸ھ)، روح بن عبادہ بصریؒ (متوفی ۲۰۵ھ)، عبدالرزاق بن ہمامؒ (متوفی ۲۱۱ھ)، آدم بن ابی ایاسؒ (متوفی ۲۲۰ھ) اور عبد بن حُمیدؒ (متوفی ۲۴۹ھ) وغیرہ'' (۵۲)

یہ علماء کرام مفسرین کے تیسرے طبقہ (یعنی تبع تابعین) میں سے درجہ اول کے مفسرین ہیں۔ ان حضرات نے چونکہ تفسیر قرآن سے متعلقہ احادیث رسول ﷺ اور اقوال صحابہ رضی اللہ عنہم وتابعینؒ کو جمع کیا، اس لیے یہ کہا جاسکتا ہے کہ:

''یہ گویا تفسیر بالماثور یا تفسیر بحسب الآثار کی بابت تدوین وتالیف کی پہلی کوشش تھی'' (۵۳)

جیسا کہ پہلے بتایا جا چکا ہے کہ اس مرحلہ میں باطل فرقوں (جیسے معتزلہ وقدریہ وغیرہ) نے اپنے افکار برسرِ عام پھیلانے شروع کر دیئے تھے، جن کے اثرات لوگوں کے اذہان پر مرتب ہوتے جا رہے تھے۔ اس امر کی روک تھام کے لیے صرف تفسیر بالماثور کا اہتمام کافی نہ تھا بلکہ معتبر دلائل سے باطل فرقوں کے نظریات اور ان کے اعتراضات وشبہات کی تردید درکار تھی۔ تو علماء اسلام نے بروقت کر دکھایا جیسے:

''حافظ ابو محمد سفیان بن عیینہ کوفیؒ (متوفی ۱۹۸ھ) نے ...... غالباً سب سے پہلے دوسری صدی ہجری میں فرق باطلہ کی تردید میں قلم اٹھایا، اور کتاب ''جوابات القرآن'' تصنیف کی۔ پھر اس موضوع پر علامہ قطرب ابوعلی محمد بن المستنیرؒ (متوفی ۲۰۶ھ) نے کتاب لکھی جس کا نام **فیماسئل عنه الملحدون من آی القرآن** ہے۔'' (۵۴)

تفسیر نویسی کے تیسرے مرحلے کی طرف ہوتے ہوئے یہاں اجمالاً یہ بیان کرتے چلیں کہ مصادر سے پتہ چلتا ہے کہ دوسری صدی ہجری میں فن تفسیر اور اس کے متعلقات پر ساٹھ سے زیادہ کتب تالیف ہوئیں۔

چنانچہ عبدالصمد صارم لکھتے ہیں:

''اس قرن (ثانی) میں ساٹھ سے زیادہ کتابیں علوم القرآن، تفسیر قرآن اور علوم تفسیر کے متعلق تصنیف ہوئیں اور اس قرن سے تفسیر میں علمی نکات پر بھی بحث ہونے لگی'' (۵۵)

علامہ عبدالصمد صارم کی اس بات کا ثبوت یہ ہے کہ انہوں نے اپنی کتاب ''تاریخ التفسیر'' کے صفحہ ۵۵۔۵۶ پر قرن ثانی میں لکھی جانے والی کتب اوران کے مؤلفین کے اسماء ذکر کیے ہیں۔ان کی اس تحقیق کی بنیاد ابن ندیمؒ کی ''الفہرست'' معلوم ہوتی ہے، جس کے اردو ترجمہ کے ص ۸۳تا۹۱ تک تفسیر اور مختلف قرآنی علوم پر کتب اوران کے مؤلفین کے نام بیان ہوئے ہیں۔

تیسرا مرحلہ

بقول ڈاکٹر محمد حسین ذہبیؒ:

''......تفسیر نویسی تیسرے مرحلے پر پہنچ کر حدیث نبوی سے الگ ہوگئی اوراس نے ایک مستقل علم کا روپ اختیار کر لیا۔ اب قرآنی ترتیب کے مطابق ہر آیت کی تفسیر مرتب ہونے لگی۔ یہ کام علماء کرام کی ایک خاص جماعت کے ہاتھوں مکمل ہوا جیسے ابن ماجہؒ (متوفی ۲۷۳ھ)، ابن جریر طبریؒ (متوفی ۳۱۰ھ)، ابو بکر بن منذر نیشاپوریؒ (متوفی ۳۱۸ھ)، امام حاکمؒ (متوفی ۴۰۵ھ) اور ابو بکر بن مردویہؒ (متوفی ۴۱۰ھ) وغیرہ۔'' (۵۶)

یہ علماء کرام مفسرین کے ''تیسرے طبقہ (یعنی تبع تابعین) میں سے درجہ دوم کے مفسرین ہیں جنہوں نے تفسیر میں کتابیں تصنیف کیں'' (۵۷) ان کی تصانیف تفسیر بالماثور کہلاتی ہیں کیونکہ ان کی تیاری میں احادیث نبویہ، اقوال صحابہ وتابعین اور تبع تابعین پر اعتماد کیا گیا ہے، چنانچہ ڈاکٹر محمد حسین ذہبیؒ لکھتے ہیں:

''یہ تمام (مذکورہ بالا) تفاسیر رسول اللہ ﷺ، صحابہ رضی اللہ عنہم، تابعین اور تبع تابعین کی طرف مسند ہیں [یعنی سند کے لحاظ سے ان سے منقول ہیں]، اور ان (تفسیروں) میں ماثور تفسیر سے زیادہ کوئی اور چیز نہیں ہے۔ سوائے ابن جریر طبریؒ کے کہ انہوں نے (تفسیری) اقوال ذکر کر کے ان کی توجیہ کی ہے اور کسی قول کو دوسرے اقوال پر ترجیح دی ہے۔ علاوہ ازیں! ضرورت کے مطابق کلمات کی اعرابی حالت بھی بیان کی ہے اور قرآنی آیات سے جس قدر احکام کا استنباط ممکن تھا کیا ہے۔'' (۵۸)

یہاں ہی سے تفسیری اسالیب ومناہج یا تفسیری رجحانات اپنے ترقی پذیر مراحل طے کرنے کے بعد ترقی یافتہ مراحل میں داخل ہوتے ہیں اور باقاعدہ طور پر ان کی ابتداء ہوتی ہے۔ پھر آگے چل کر یہی اسالیب یا رجحانات تفسیر میں وسعت کا سبب بنتے ہیں اور نتیجہ کے طور پر کئی اسالیب سامنے آتے ہیں۔

ان میں سے شاہ ولی اللہ محدثؒ دہلویؒ نے اپنی کتاب ''**الفوز الكبير فی أصولِ التفسير**'' میں سات اسالیب (رجحانات) گنوائے ہیں۔

ڈاکٹر محمد حسین ذھبی نے ان ہی رجحانات کو اپنی کتاب ''**التفسير والمفسرون** ''میں تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے اور ان پر دو اور رجحانوں (اسالیب) کا اضافہ کیا ہے۔

ان دونوں حضرات کے علاوہ جس نے بھی تفسیری رجحانات کو بیان کیا ہے اس نے ان ہی کے متعین کردہ اسالیب کو اپنے انداز میں بیان کرنے کی کوشش کی ہے، مثلاً:

علامہ رشید رضا نے ''تفسیر المنار'' کے مقدمہ میں ان اسالیب کو تفسیر کی آٹھ صورتوں کے طور پر پیش کیا ہے۔(۵۹) ان شاء اللہ آنے والے مقالہ میں ''تفسیر بالماثور اور اس کے اسالیب ومناہج'' کو بیان کیا جائے گا اور تاریخی پس منظر میں یہ بتایا جائے گا کہ تفسیر کے اس بنیادی اسلوب (یعنی تفسیر بالماثور) کے ذیلی اسالیب کیسے وجود میں آئے اور ہر ایک اسلوب کو ایک خاص نام سے کیسے موسوم کیا گیا؟

حوالہ جات وحواشی

۱۔ الذھبی، ڈاکٹر محمد حسین، التفسیر والمفسرون (مکتبۃ وھبۃ، القاہرۃ ۱۹۸۹ء ط چہارم) ج ۱ ص ۱۴۲۔

۲۔ بلخی، مولانا افتخار احمد، تفسیر اور اس کا ارتقاء، در سیارہ ڈائجسٹ، قرآن نمبر ج ۲ ص ۵۵۸۔

۳۔ ایضاً۔

۴۔ صارم، عبدالصمد، تاریخ التفسیر (مکتبہ معین الادب، لاہور ۱۹۸۲ء، ط پنجم) ص ۱۹-۲۰۔

۵۔ ایضاً ص ۵۲، بحوالہ سنن دار قطنی، کتاب الزکوٰۃ۔ کتاب الصدقہ کے مکمل متن کے لیے دیکھئے، (رضوی مولانا سید محبوب، مکتوبات نبوی ﷺ (ادارۂ اسلامیات، لاہور ۱۹۷۸ء، ط اول) ص ۲۱۶-۲۱۹۔

۶۔ صارم، تاریخ التفسیر، محولہ بالہ ص ۵۲-۵۳۔

۷۔ ایضاً ص ۵۳۔

۸۔ مصطفیٰ، محمد طاہر، تفسیری رجحانات کا ارتقاء (شکیل سنز، راولپنڈی ۱۹۹۴ء، ط اول) ص ۴۷۔

۹۔ ندوی، عبدالقیوم، تاریخ قرآن (قرآن محل کراچی، س ن) ص ۸۵، بحوالہ طبقات ابن سعد ج ۲ ص ۱۰۴۔

۱۰۔ سورۃ النحل: ۴۴۔

۱۱۔ ایضاً، سورۃ النساء: ۲۹۔

۱۲۔ رواہ اصحاب السنن۔

۱۳۔ ان مصادر کی تفصیل کیلئے دیکھئے: الذھبی، التفسیر والمفسرون، محولہ بالا ج ۱ ص ۴۰-۶۳، عتر، ڈاکٹر نورالدین، القرآن والحدیث (مطعتہ الانشاء، ۱۹۸۲ء) ص ۳۲۵-۳۲۷۔

۱۴۔ چشتی، محمد عبدالحلیم، علوم قرآن اور الاتقان، دیباچہ الاتقان فی علوم القرآن، مترجم: محمد عبدالحلیم انصاری (میر محمد کتب خانہ کراچی، س ن) ج ۱ ص ۵۸۔

۱۵۔ صارم، تاریخ التفسیر، محولہ بالا ص ۵۳، بحوالہ شیخ محمد خضری دمیاطی، رسالہ مبادی التفسیر۔

۱۶۔ چستی، علوم قرآن اور الاتقان محولہ بالا ص ۵۸، بحوالہ کبری زادہ، احمد طاش، مفتاح السوادۃ ومصباح السیادۃ۔ (دائرۃ المعارف النظامیۃ، حیدر آباد دکن ۱۳۲۸ھ، ط اول) ج ۱ ص ۴۰۴۔

۱۷۔ ایضاً ص ۵۸، بحوالہ، ابن الندیم، ابوالفرج محمد بن اسحاقؒ (۳۸۵ھ) (مطبعہ رحمانیہ، مصر ۱۳۴۸ھ) ص ۵۵۔ "حاجی خلیفہ نے اس عنوان [یعنی فضائل قرآن] کے تحت امام شافعیؒ کو "اَوَّلُ مَنْ صَنَّفَ فِیْهِ"، کے الفاظ سے یاد کیا ہے جو صحیح نہیں،، (سابق حوالہ ص ۵۸، حاشیہ)۔

۱۸۔ ایضاً،ص ۵۸-۵۹، بحوالہ کبری زادہ، مفتاح السعادۃ، حوالہ مذکور ج اص ۴۰۱۔ دو واضح رہے کہ ابوالخیر طاش کبری زادہ کی یہ معلومات حافظ ابن حجرؒ (متوفی ۸۵۲ھ) کی کتاب اسباب النزول سے ماخوذ ہیں جن کو سیوطی نے تفسیر ''الدرالمنثور'' کی چھٹی جلد کے آخر میں نقل کیا ہے'' (سابق حوالہ ص ۵۹، حاشیہ نمبر ۱)۔

۱۹۔ صارم، تاریخ التفسیر، محولہ بالا ص ۵۳، مزید تفصیل کیلئے دیکھئے جالندھری، ڈاکٹر رشید احمد، علم تفسیر اور مفسیرین (المکتبۃ العلمیۃ، لاہور ۱۹۷۱ء، ط اول) ص ۱۶-۱۸۔

۲۰۔ بلخی، تفسیر اور اس کا ارتقاء محولہ بالا ج ۲ ص ۵۵۹۔

۲۱۔ ایضاً۔

۲۲۔ الذھبی التفسیر والمفسرون، محولہ بالا ج اص ۹۷۔

۲۳۔ ان حضرات کے حالات، زندگی کیلئے دیکھئے، سابق حوالہ ص ۱۰۴-۱۲۷۔

۲۴۔ علوی، ڈاکٹر خالد۔ حفاظت حدیث (المکتبۃ العلمیۃ، لاہور ۱۹۷۱ء، ط اول) ص ۲۲۶۔

۲۵۔ الذھبی، التفسیر والمفسرون، محولہ بالا ج اص ۱۰۱، ۱۰۲۔

۲۶۔ مثلاً دیکھئے: ابن ندیم، الفہرست، مترجم: محمد اسحاق بھٹی (ادارہ ثقافت اسلامیہ، لاہور ۱۹۹۰ء، ط: دوم) ص ۸۳، ۸۴، صارم، تاریخ التفسیر، محولہ بالا ص ۵۳-۵۵۔

۲۷۔ چشتی، علوم قرآن اور الاتقان، محولہ بالا ج اص ۵۹، تاریخ التفسیر از شیخ قاسم القیسی ص ۵۳۔

۲۸۔ ایضاً، بحوالہ: الذھبی، حافظ شمس الدینؒ، میزان الاعتدال فی نقد الرجال (قاہرۃ، ۱۳۲۵ء) ج ۲ ص ۵۹-۶۰۔

۲۹۔ صارم، تاریخ التفسیر، محولہ بالا ص ۵۴۔

۳۰۔ چشتی، علوم قرآن اور الاتقان محولہ بالا ص ۵۹-۶۰۔

۳۱۔ الذھبی، حافظ شمس الدینؒ، تذکرۃ الحفاظ، مترجم: حافظ محمد اسحاق، تقدیم وتہذیب: منیر احمد السّلفی (اسلامک پبلشنگ ھاوس لاہور ۱۹۸۱ء، ط اول) ج اص ۶۸۔

۳۲۔ دیکھئے الذہبی، التفسیر والمفسرون، محولہ بالا ج اص ۱۱۷، بحوالہ ابن حجرؒ، تہذیب التہذیب (طبعہ ہندیہ، ۱۳۲۵ھ) ج ۳ ص ۲۸۴-۲۸۵۔

۳۳۔ بلخی، تفسیر اور اس کا ارتقاء، محولہ بالا ص ۵۵۹-۵۶۰۔

۳۴۔ ایضاً، ص ۵۶۰۔

۳۵۔ ابن تیمیہ، علامہ تقی الدینؒ (متوفی ۷۲۸ھ)، مقدمہ فی اصول التفسیر (نشر السُّنّۃ لاہور، س ن) ص ۸۔ ا، الذھبی التفسیر المفسرون، محولہ بالا ج ا، ص ۱۳۳۔

۳۶۔ بلخی تفسیر اور اس کا ارتقاء، محولہ بالا ص ۵۶۰، مزید تفصیل کیلئے دیکھئے ابن تیمیہؒ، مقدمہ، محولہ بالا ص ۸۔

۳۷۔ الذھبی، التفسیر والمفسر ون، محولہ بالا ج اص ۱۳۱، مزید تفصیل کیلئے دیکھئے ابن خلدون، علامہ عبدالرحمٰن بن محمد، مقدمہ ابن خلدون (موسسۃ الاعلمی بیروت، سن ن) ۔الفصل الخامس، ص ۴۳۹-۴۴۰۔

۳۸۔ الذھبی، سابق حوالہ ص ۱۳۱-۱۳۲۔

۳۹۔ ابن تیمیہؒ، مقدمہ، محولہ بالا ص ۷-۸۔

۴۰۔ صارم، تاریخ التفسیر، محولہ بالا ص ۲۸۔

۴۱۔ بلخی، تفسیر اور اس کا ارتقاء، محولہ بالا ص ۵۶۰۔

۴۲۔ ان کتب کے متعلق تفصیل کے لیے دیکھئے: چشتی، علوم قرآن اور الاتقان (دیباچہ الاتقان اردو) محولہ بالا ج اص ۶۱ و مابعدھا

۴۳۔ جالندھری، علم تفسیر اور مفسرون، محولہ بالا ص ۲۲، بحوالہ سفیان ثوریؒ تفسیر القرآن الکریم، مرتب: امتیاز علی عرشی (رامپور، ۱۹۶۵ء) صفحہ غیر مذکور۔

۴۴۔ جالندھری، سابق حوالہ، بحوالہ الذھبی، تذکرۃ الحفاظ (تذکرہ سفیان ثوریؒ)۔

۴۵۔ جالندھری، سابق حوالہ۔

۴۶۔ ایضاً، بحوالہ دمیری، حیاۃ الحیوان (قاہرہ، ۱۸۸۷ء) ج اص ۲۳۰۔

۴۷۔ ایضاً، بحوالہ تفسیر مقاتل، مخطوطہ نمبر ۹۷، فولیو ۱۷۴، ملت لائبریری استنبول۔

۴۸۔ ایضاً، بحوالہ "تفسیر الحلال والحرام"، برٹش میوزیم۔ مخطوطہ نمبر ۶۳۳۳ فولیو، مزید تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو ترجمہ از ڈاکٹر عبدالحلیم نجار (قاہرہ، ۱۹۵۵ء) ص ۷۷، ۷۸۔

۴۹۔ بلخی، تفسیر اور اس کا ارتقاء، محولہ بالا ص ۵۶۰-۵۶۱۔

۵۰۔ ایضاً، ص ۵۶۱۔

۵۱۔ ایضاً، نیز دیکھئے: الطباخ، محمد راغبؒ (متوفی ۱۳۷۰ھ) الثقافۃ الاسلامیۃ از علامہ راغب الطباخ کا اردو ترجمہ از افتخار احمد بلخی بنام "تاریخ افکار و علوم اسلامی" (اسلامک پبلیکیشنز، لاہور ۱۹۸۷ء، ط چہارم، ج اص ۲۴۱۔

۵۲۔ الذھبی، التفسیر والمفسر ون، محولہ بالا ج اص ۱۴۳۔

۵۳۔ بلخی، تفسیر اور اس کا ارتقاء، در سیارہ ڈائجسٹ، قرآن نمبر ج ۲ ص ۵۶۱۔

۵۴۔ چشتی، علوم قرآن اور الاتقان، محولہ بالا ص ۷۴-۷۵۔

۵۵۔ صارم، عبدالصمد، تاریخ التفسیر، محولہ بالا ص ۲۸۔

۵۶۔ الذھبی، التفسیر والمفسر ون، محولہ بالا ج اص ۱۴۴۔

۵۷۔ الطباخ، الثقافۃ الاسلامیہ (اردو) محولہ بالا ج اص ۲۴۲۔

۵۸۔ الذھبی، التفسیر والمفسر ون، محولہ بالا ج اص ۱۴۴۔

۵۹۔ دیکھئے رشید رضا، تفسیر المنار (القاہرۃ، ۱۳۷۳ھ) ج اص ۱۷ (مقدمہ)

امام حاکم نیشاپوری (م ۴۰۵ھ)

تعارف۔ تذکرہ۔ خدمات

ڈاکٹر علی اصغر چشتی *

نام ونسب

آپ کا نام محمد، کنیت ابوعبداللہ اور حاکم لقب ہے۔ پورا نسب نامہ یوں ہے: محمد بن عبداللہ بن محمد بن حمدویہ بن نعیم بن حاکم۔ امام حاکم کے آباء واجداد میں کوئی بزرگ تجارتی کاروبار کی بنا پر ''بیع'' (بیوپاری) کہلاتے تھے۔ اس نسبت سے آپ کو ''ابن بیع'' کہا جاتا ہے(۱) منصب قضاء پر فائز رہنے کی وجہ سے آپ ''حاکم'' کے لقب سے مشہور ہوئے۔ حافظ ابن کثیر نے آپ کا لقب ''ابن الحاکم'' بتایا ہے۔(۲) یہ غالباً اس لئے کہ آپ کے جدِامجد کا نام حاکم تھا۔ ممکن ہے بعد میں ابن حذف ہو کر صرف حاکم رہ گیا ہو۔

مولد ومسکن

امام صاحب بروز اتوار ۳ ربیع الاول ۳۲۱ھ کو نیشاپور میں پیدا ہوئے۔ امام صاحب کے مولد ہونے کا فخر عراق عجم کے مشہور مردم خیز شہر نیشاپور کو حاصل ہے۔ اسلئے آپ نیشاپوری کہلاتے ہیں۔ لیکن ضبی اور طہمانی کی نسبتوں سے آپ کا عربی قبائل سے خاندانی تعلق ظاہر ہوتا ہے۔ حافظ ذہبی لکھتے ہیں:

> ''حاکم کی دادی سبطہ، عیسیٰ بن عبدالرحمٰن ضبی کی صاحبزادی تھیں۔ طہمانی کی نسبت ابراہیم بن طہمان کی جانب ہے جو صاحب فضل وکمال بزرگ تھے۔ امام حاکم ایک علمی خانوادے کے چشم وچراغ تھے۔ آپ کے والد اور ماموں علم وفن کے دلدادہ تھے۔ ان دونوں بزرگوں کے فیض توجہ سے آپ بچپن ہی میں علم وفن کی تحصیل میں مشغول ہو گئے تھے، اور سب سے پہلے اپنے والد ماجد سے استفادہ کیا۔''(۳)

---

* چیئرمین شعبہ حدیث وسیرت/ مدیر مسؤل ''معارفِ اسلامی''، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

شیوخ واساتذہ

امام حاکم کوتقریبا دو ہزار فقہاء اور محدثین سے استفادہ کرنے کا موقع ملا تھا۔خاص نیشاپور کے اساتذہ کی تعداد ایک ہزار بتائی جاتی ہے۔اپنے والد کے علاوہ جن ممتاز محدثین سے آپ نے روایات اخذ کی ہیں ان کے نام یہ ہیں:

ابن ابی سبرۃ، ابن درستویہ، ابوحامد بن حسنویہ مقری، ابوسہل بن زیاد، ابوبکر احمد بن سلمان نجاد، حسن بن یعقوب بخاری، ابوعلی حسین بن علی الحافظ نیشاپوری، ابوصالح خلف بن محمد بن اسماعیل خیام، ابومحمود علی بن احمد سجزی، ابومحمد عبدالرحمٰن بن حمدان جلاب، ابوعمر عثمان بن محمد بن سماک، علی بن محمد بن عقبہ شیبانی، ابوالعباس محمد بن احمد بن محبوب التاجر محبوبی، ابوجعفر محمد بن صالح بن ہانی، محمد بن عبداللہ الصفار اصفہانی، ابوجعفر محمد بن علی شیبانی، محمد بن علی بن عمر، ابونصر محمد بن محمد بن یوسف، ابوالعباس محمد بن یعقوب الاصم، ابوعبداللہ محمد بن یعقوب شیبانی وغیرہ وغیرہ۔

فقہ کی تحصیل اس دور کے مشہور فقہاء ابوسعد محمد بن سلیمان صعلوکی، ابوعلی بن أبی ہریرۃ، ابوالولید حسان بن محمد اور ابوبکر احمد بن اسحاق الضبی وغیرہ سے، قراءت کا فن محمد بن ابومنصور، علی بن علی کوفی اور بکار بغدادی سے سیکھا۔تصوف وسلوک کی منازل طے کرنے کیلئے ابوعمر بن نجید، ابوالحسن جوشنجی، ابوسعد بن یعقوب ثقفی، ابونصر صفار، ابوالقاسم، ابوعثمان مغربی اور ابوعمر بن محمد بن جعفر خلدی وغیرہ مشائخ وصوفیا کی صحبت اختیار کی (۴)

تلامذہ

امام حاکم کے تلامذہ کی تعداد بھی ہزاروں میں ہے۔ان میں سے جن کو شہرت حاصل ہوئی ان کے نام درج ذیل ہیں:

حافظ ابوذر ہروی، ابوصالح مؤذن، ابویعلی خلیلی، ابوبکر احمد بن حسین البیہقی، ابوبکر احمد بن علی خلف شیرازی، اسماعیل بن عبدالہانی صابونی، ابوالقاسم ابن احمد ازہری، ابوالقاسم عبدالکریم قشیری، عثمان بن محمد جحی، ابومحمد بن احمد بن ابی الفوارس، محمد بن احمد بن یعقوب، ابوبکر محمد بن علی بن اسماعیل قفال شاشی اور ابوالعلاء محمد بن یعقوب واسطی۔(۵)

امام حاکم بچپن ہی میں تعلیم وتعلم میں مشغول ہو گئے تھے اور نو سال کی عمر میں با قاعدہ حلقہائے حدیث میں بیٹھنا شروع کیا۔ علم سے شغف کا یہ حال تھا کہ اپنے سے کم تر اور کمسن رفقاء سے بھی روایت کرنے میں کسی طرح کا عار نہ ہوتا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ آپ کے اساتذہ کی تعداد بے شمار ہے۔

طلب علم کیلئے سفر

اپنے علمی ذوق کی تسکین کیلئے امام حاکم نے سب سے پہلے اپنے وطن نیشا پور کے علماء، فقہاء اور محدّثین کی جانب رجوع کیا۔ جب آپ کی عمر بیس سال کی ہوئی تو دوسرے بلاد وامصار اور علمی مراکز کا رخ کیا۔ عراق، حجاز، ماوراء النہر، ہمدان اور اصفہان وغیرہ تشریف لے گئے۔ اسفار کی کثرت کی وجہ سے مؤرخین آپ کے بارے میں لکھتے ہیں: "طاف الآفاق رحل الكثير". بغداد دو بار گئے۔ پہلی بار عنفوان شباب میں اور دوسری بار بڑھاپے میں۔ (۶) علم حدیث میں غیر معمولی کمال وامتیاز کی بناء پر امام حاکم الحافظ الکبیر اور امام المحدّثین وغیرہ کے القاب سے یاد کئے جاتے ہیں۔ ابو حازم عبدوی کا بیان ہے کہ امام حاکم اپنے زمانہ میں محدّثین کے امام تھے۔ (۷)

یافعی لکھتے ہیں:

"حدیث اور اس کے متعلق علوم کی معرفت میں امام حاکم کو بڑی مہارت حاصل تھی۔" (۸)

حافظ ذہبی کہتے ہیں:

"نہ صرف خراسان بلکہ ساری دنیا میں اقلیم حدیث کی تاجداری امام حاکم پر ختم ہو گئی"۔ (۹)

حافظ ابن الصلاح اور امام نووی نے صحاح ستہ کے مؤلفین کے بعد جن سات محدّثین کو نہائت صاحب کمال قرار دیا ہے ان میں امام دار قطنی کے بعد دوسرا نام امام حاکم کا بتایا ہے۔ ان کے زمانہ کے جن چار محدّثین کو خصوصیت کے ساتھ سر آمد روزگار سمجھا جاتا تھا۔ ان میں ایک امام حاکم بھی تھے۔

عبد الغافر کہتے ہیں:

''امام حاکم اپنے عہد میں علمائے حدیث کے امام اور فن حدیث سے بخوبی واقف تھے''۔(۱۰)

حفظ وثقاہت

حدیث میں امام حاکم کے کمال کا اس سے بھی اندازہ ہوتا ہے کہ آپ کے حفظ وضبط اور ثقاہت وعدالت پر تمام ائمہ حدیث اور محدّثین کا اتفاق ہے۔

اہل سیر نے:''**الحافظ الكبير**''،''**من اهل الحفظ**'' اور'' **من اكابر حُفَّاظ الحديث**'' وغیرہ کہہ کر آپ کے حافظہ کی توثیق کی ہے۔

ابوعبدالرحمٰن سلمی کا بیان ہے:

''میں نے امام دارقطنی سے امام حاکم اور حافظ ابن مندہ کے بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے فرمایا:''ابن بیع حافظہ میں زیادہ مستند اور متقن ہیں''۔(۱۱)

زہدوتقوی

امام حاکم زہدواتقا اور دیانت وامانت میں ممتاز تھے۔ حافظ ابن کثیر کا بیان ہے کہ امام حاکم متدّین، امین، صاحب حزم وورع اور اللہ جل شانہ کی جانب مائل ومتوجہ رہتے تھے۔ حج بیت اللہ سے بھی مشرف ہوئے تھے۔ تصوف وسلوک سے اشتغال اور اکابر صوفیہ ومشائخ سے وابستگی بھی آپ کے تدّین کا ثبوت ہے۔(۱۲)

سیاسی وسماجی حیثیت

امام حاکم عہدۂ قضا پر متمکن ہونے کی بنا پر''حاکم'' کہلاتے ہیں۔ بعض مورخین نے آپ کو''نسا'' کا لیکن اکثر نے نیشاپور کا قاضی بتایا ہے۔ یہ ۳۵۹ھ کا واقعہ ہے۔ اس زمانہ میں دولت سامانیہ کی طرف سے نیشاپور میں ابوالنصر محمد بن عبدالجبار کی ولایت قائم تھی امام صاحب محکمہ قضاء کے فرائض سے اسقدر خوش اسلوبی کے ساتھ عہدہ برآ ہوئے کہ دوبارہ ان کو''جرجان'' کا عہدہ قضا پیش کیا گیا لیکن انہوں نے اس کو قبول نہیں کیا۔

مگر بعض مؤرخین نے آپ کے جرجان کے قاضی مقرر کئے جانے کی تصریح کی ہے۔ امام حاکم پر دولت سامانیہ اوراس کے امراء وحکاّم کو بڑا اعتماد تھا۔ امیر ابوالحسن ان سے مشورے طلب کرتا تھا اور بنی بویہ کے پاس سفارت کے لئے بھیجتا تھا امام حاکم نے بنی بویہ اور سامانی حکومت کے درمیان سفارتی فرائض بڑی خوبی کے ساتھ انجام دیئے۔

امام حاکم کوسماجی امور ومعاملات سے بھی یک گونہ دلچسپی تھی۔ ایک زمانہ میں مدرسۃ دار السنۃ کے انتظام وانصرام کی ذمہ داری انہی کے سپرد تھی۔ آپ کے استاذ احمد بن اسحاق نے اپنی وفات کے وقت مدرسہ کے امور ومعاملات اوراوقاف کی تولیت واہتمام کے بارے میں آپ کووصیت کی تھی۔

امام حاکم اپنے گوناگوں کمالات کی وجہ سے مسلمانوں کے مقتدااوران کی عقیدت وتوجہ کا مرکز بن گئے تھے اور خواص وعوام سب میں یکساں مقبول اور ہر دل عزیز تھے۔ علامہ ابن سبکی کا بیان ہے کہ ان کی عظمت شان، جلالت قدر اور امامت فن پر سب کا اتفاق ہے۔ وہ ان ائمہ اعلام میں تھے جن کے ذریعہ اللہ تعالی نے اپنے دین مبین کی حفاظت کا کام لیا ہے۔ لوگ دوردراز سے آپ کی خدمت میں آکر علمی پیاس بجھاتے تھے۔ آپ جس مجلس اور بزم میں پہنچ جاتے اس کی رونق بڑھ جاتی۔ لوگ ہاتھوں ہاتھ لیتے اور شایان شان استقبال کرتے تھے۔ اکابر محدّ ثین اور ناموراَئمہ فن کے مجمع میں بھی تشریف لے جاتے تو لوگوں کواپنے علمی تبحرّ اور خوش کلامی سے متاثر کردیتے تھے۔ حافظ عبدالغافر امام حاکم کی مدح وستائش میں نہایت رطب اللسان رہتے تھے۔ ان کا بیان ہے کہ ہمارے اساتذہ فرماتے ہیں کہ اس عہد کے اکثر فضلاء وارباب کمال جیسے صعلوکی اور ابن فورک وغیرہ امام حاکم کواپنے سے فائق، برتر اور متقدم سمجھتے تھے اوران کے حفظ ومعرفت اوران کی عزت واحترام کا پورا خیال رکھتے تھے۔ ان کی تصنیفات، طرق حدیث پران کے علم ونظر، علمی مباحث وامالی وغیرہ میں ان کے تصرفات وکمالات کا جوبھی جائزہ لے گا ان کے فضل وکمال کا ضروراعتراف کرے گا اوراس کواندازہ ہوجائے گا کہ وہ اپنے سے پہلے کے علماء پر فوقیت رکھتے تھے۔

امام حاکم اپنے کمالات کی وجہ سے اس بلند مقام پر فائز تھے جہاں پہنچنا دوسروں کے لئے ممکن نہیں تھا وہ اپنے عہد میں بے نظیر تھے ان کی موت سے جوخلاء پیدا ہواوہ پر نہیں ہوسکا۔ (۱۳)

امام حاکم نے اپنے وطن نیشا پور میں ۳ صفر ۴۰۵ھ کو اچانک انتقال کیا حمام سے غسل کر کے نکل رہے تھے کہ طبیعت ناساز ہوگئی۔ اور تھوڑی دیر میں روح قفس عنصری سے پرواز کرگئی۔ عصر کے بعد تجہیز و تکفین کی گئی۔ قاضی ابوبکر حیری نے جنازہ کی نماز پڑھائی۔ حسن بن اشعث قرشی نے خواب دیکھا کہ امام حاکم نہائت اچھی وضع قطع میں ایک گھوڑے پر سوار ہو کر کہہ رہے ہیں کہ مجھے نجات مل گئی۔ میں نے سبب پوچھا تو فرمایا:

''حدیث کی تحریر و کتابت کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے مجھ کو نجات دی ہے۔''(۱۴)

تصنیف و تالیف

امام حاکم نے تصنیف و تالیف کے میدان میں بہت مفید، وقیع اور قیمتی سرمایہ چھوڑا ہے۔ آپ کی تصنیفات کمیت و کیفیت دونوں لحاظ سے بڑی اہمیت کی حامل ہیں۔ آپ کہتے ہیں:

''میں نے زمزم کا پانی پی کر اللہ تعالیٰ سے حسن تصنیف کی دعا کی تھی''۔ آپ کی دعا قبول ہوئی۔

ارباب سیر کا اتفاق ہے کہ تصنیفی حیثیت سے امام حاکم کا مرتبہ بہت بلند ہے۔

مسعد بن زغلول زنجانی سے جب چار اہم محدّثین کے بارے میں دریافت کیا گیا تو انہوں نے ہر ایک کی جدا جدا خصوصیات بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ: ''ان سب میں امام حاکم سب سے بہتر مصنف تھے۔''(۱۵)

ابن خلکان لکھتے ہیں: ''حاکم نے علوم حدیث میں بے نظیر تصنیفات یادگار چھوڑی ہیں''۔(۱۶)

سمعانی کا بیان ہے کہ: ''انہوں نے علوم حدیث اور دیگر فنون میں بڑی عمدہ کتابیں لکھیں''۔(۱۷)

تالیفات

امام حاکم کی تالیفات کے بارے میں اختلاف ہے۔ بعض لوگوں نے پانچ سو، بعض نے ایک ہزار اور بعض نے ڈیڑھ ہزار اجزاء کے بقدر تعداد بتائی ہے۔ لیکن قدماء کی طرح ان کی بھی اکثر کتابیں اب معدوم اور ناپید ہیں۔ جن کتابوں کے نام معلوم ہیں وہ درج ذیل ہیں:

۱۔ کتاب الاربعین
۲۔ الامالی
۳۔ تراجم الشیوخ
۴۔ تراجم المسند علی شرط الصحیحین
۵۔ التلخیص
۶۔ فضائل الامام الشافعی
۷۔ فضائل العشرة المبشرة
۸۔ فضائل فاطمة
۹۔ فوائد الخراسانیین
۱۰۔ فوائد الشیوخ
۱۱۔ فوائد العراقیین
۱۲۔ مناقب الصدیق
۱۳۔ العلل الحدیث
۱۴۔ تفسیر القرآن

۱۵۔ تخریج الصحیحین

اس کا نام "مدخل الی معرفة الصحیحین" بھی ہے اور غالباً حاکم نے "رسالة المدخل" میں اسی کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ:

> "حجاز، عراق اور شام کے لوگ صحیح حدیثوں کی معرفت میں اہل خراسان کی برتری اور تقدم کے معترف ہیں۔ اس کی وجہ شیخین (بخاری و مسلم) کی اس فن میں مہارت وانفرادیت ہے۔ اللہ تعالی دونوں بزرگوں کو اسلام کی اس خدمت کی جزائے خیر عطا کرے۔ میں نے ان کی کتابوں کے بارے میں ایک کتاب لکھی ہے۔ اس میں ان کی صحیح وسقیم حدیثوں کی متفق علیہ اور مختلف فیہ شرطوں کا ذکر ہے۔" (۱۸)

اس کی ابتداء میں روایات کے حفظ واشاعت کے بارے میں احادیث وآثار اور موضوع روایات کے متعلق وعیدیں بیان کی گئی ہیں۔ پھر ان لوگوں کے نام تحریر کئے گئے ہیں جن کا صحیحین یا ان میں سے کسی ایک میں ذکر ہے۔ اس کے بعد ان اشخاص کا ذکر ہے جن سے امام بخاری نے روایات اخذ کی ہیں۔

حافظ طاہر مقدسی نے اس کتاب کے اکثر مباحث "الجمع بین رجال الصحیحین" میں درج کئے ہیں۔

۱۶۔ مزکی الأخبار

"معرفة علوم الحديث" کے بعض قلمی نسخوں میں اس کتاب کا نام "كتاب المزكّين لرواة الأخبار" لکھا ہوا ہے۔امام حاکم خود اس کے متعلق لکھتے ہیں:

''اس میں رواۃ حدیث کے دس طبقوں کا ذکر ہے۔ ہر طبقہ میں ایک دور کے چار بلند پایہ رواۃ حدیث شامل کئے گئے ہیں۔اس طرح کل چالیس راویان حدیث کا اس میں ذکر ہے۔ پہلے طبقہ میں حضرت ابوبکر صدیق، عمر فاروق، عثمان بن عفان، علی المرتضی اور زید بن ثابت رضی اللہ عنہم کا ذکر ہے۔ کیونکہ ان بزرگوں نے رواۃ حدیث کی جرح وتعدیل اور روایات کی صحت وسقم کی بحث وتحقیق کی ہے۔ دسویں طبقہ میں ابواسحاق ابراہیم بن محمد اصبہانی، ابوعلی نیشاپوری، ابوبکر محمد بن سالم بغدادی اور ابوقاسم بن حمزہ بن علی کتانی مصری کا ذکر ہے۔''

۱۷۔ کتاب الاکلیل

بعض مؤلفین نے اس کا نام 'اكليل فى الحديث'' لکھا ہے۔ یہ کتاب امام حاکم نے بعض امراء کی فرمائش پر لکھی ہے۔اس کے بعد انہوں نے اصول حدیث میں "المدخل الى الاكليل" کے نام سے بھی ایک رسالہ لکھا۔اس کے آخر میں وہی باتیں مذکور ہیں جو اکلیل میں بیان کی گئی ہیں، یعنی صحیح حدیثوں کے رموز وطبقات وغیرہ۔ علامہ ابن عساکر نے حاکم کی ایک کتاب کا نام "الإكليل فى دلائل النبوة" بھی بتایا ہے۔غالبا یہ کوئی اور کتاب ہوگی یا ممکن ہے نام میں کوئی تصحیف ہوگئی ہو۔

۱۸۔ المدخل إلى علم الحديث

"المدخل إلى معرفة الصحيح والسقيم من الاخبار اور المدخل الى علم الصحيح" بھی اسی کے نام ہیں اور غالبا حافظ ابن الصلاح اور صاحب کشف الظنون نے "المدخل الى الاكليل" بھی اسی کا نام تحریر کیا ہے۔اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ کتاب الاکلیل کا مقدمہ ہے۔خود امام حاکم کے بیان سے بھی اس کی تصدیق ہوتی ہے۔آپ لکھتے ہیں:

''میں نے اس کو امیر مظفر کی استدعا پر کتاب الاکلیل کی صحیح وسقیم روایات کی نشاندہی کیلئے لکھا تھا۔ اس میں پہلے علم اسناد و روایت کی اہمیت، محدثین کی فضیلت اور کتب حدیث کے بعض طبقات کا اجمالاً ذکر کرنے کے بعد صحیح حدیث کی دس قسمیں بیان کی گئی ہیں۔ ان میں پانچ قسمیں متفق علیہ اور پانچ مختلف فیہ اور نقد وجرح پر گفتگو کی گئی ہے اور آخر میں اکلیل کی حدیثوں میں ان امور کا ذکر ہے جن سے ان کی صحت وضعف کا پتہ چل جاتا ہے۔ امام حاکم نے اس میں متفق علیہ اور مختلف فیہ حدیثوں میں جو کچھ لکھا ہے۔ بعض علماء نے اس پر اعتراضات کئے ہیں۔ محمد راغب طباخ نے مطبع علمی حلب سے ۱۳۵۱ھ میں اس رسالہ کو شائع کیا ہے۔''

۱۹۔ تاریخ نیشاپور

یہ بڑی ضخیم کتاب ہے۔ اس میں نیشاپور کی تاریخ بغداد کی طرح علماء ومشاہیر فن کے تراجم درج ہیں۔ حوادث اور واقعات کا تذکرہ نہیں کیا گیا ہے۔ اس لئے اسے تاریخ علمائے نیشاپور بھی کہا جاتا ہے۔

علامہ ابن سبکی لکھتے ہیں:

''حاکم کے اس عظیم الشان کارنامہ کے سامنے نامور محدّثین کو سرنگوں ہو جانا پڑا۔ جو بھی اس کا بغور مطالعہ کرے گا اسے امام حاکم کے گونا گوں کمالات اور مختلف علوم میں جامعیّت کا پورا اندازہ ہو جائے گا''۔ (۱۹)

ابوالفضل ہمدانی کہتے ہیں:

''میرے نیشاپور کا سفر کرنے اور وہاں اقامت اختیار کرنے کی ایک وجہ حاکم کی اس تاریخ کو دیکھنا بھی تھا''۔ (۲۰)

عبدالغافر بن اسماعیل فارسی نے اس کا ذیل لکھا تھا۔ اس میں ۵۱۸ھ تک وفات پانے والے لوگوں کا ذکر ہے اور حافظ ذہبی نے ''مختصر تاریخ حاکم'' کے نام سے اس کا اختصار لکھا تھا۔

۲۰۔ معرفة علوم الحديث

یہ علوم حدیث پر ایک اہم اور مفید کتاب ہے۔ امام حاکم کو اپنے عہد میں بدعتوں کی کثرت، سنن سے عام ناواقفیت اور احادیث کے ضبط وتحریر میں اہمال اور لاپرواہی کی وجہ سے اس کی ترتیب وتصنیف کا خیال ہوا۔ اس سے پہلے علوم حدیث میں جو کتابیں لکھی گئی تھیں ان کی حیثیت متفرق اجزاء کی تھی۔ ابو محمد حسن بن عبدالرحمٰن بن خلاد الرامہرمزی کی کتاب "**المحدّث الفاصل بین الراوی والواعی**" اس موضوع کی پہلی باقاعدہ کتاب ہے۔ لیکن اس میں استیعاب واستقصاء نہیں کیا گیا تھا۔ امام حاکم کے بعد خطیب بغدادی اور حافظ ابن الصلاح کی کتابیں فوائد ومعلومات کے لحاظ سے اہم ہیں۔ امام حاکم کا شرف وتقدم مسلّم ہے۔

مگر حافظ ابن حجر لکھتے ہیں: "حاکم اپنی کتاب کی باقاعدہ ترتیب وتہذیب نہیں کر سکے تھے"۔

لیکن یہ بیان محل نظر ہے۔ علامہ ابن خلدون لکھتے ہیں کہ:

"علوم حدیث میں لوگوں نے متعدد کتابیں لکھی ہیں لیکن اس فن کے یگانہ روزگار ائمہ اور علمائے فحول میں ابو عبداللہ حاکم نیشاپوری ہیں ان کی کتابیں مشہور ہیں انہوں نے اس فن کو باقاعدہ مرتب ومہذب کیا ہے اور اس کے محاسن اچھی طرح نمایاں کئے"۔ (۲۱)

کشف الظنون میں ہے:

"اس فن کی جانب سب سے پہلے ابو عبداللہ حاکم نے اعتناء کیا۔ اس کے بعد حافظ ابن الصلاح نے "علوم الحدیث" کے نام سے بڑی اہم اور قابل ذکر کتاب لکھی جو مقدمہء ابن الصلاح کے نام سے مشہور ہے۔ اس میں انہوں نے بعض انواع کا مفید اضافہ کیا ہے لیکن حاکم کی حیثیت متقدم کی ہے اور ابن الصلاح ان سے متاخر اور ان کے تابع ہیں۔ انہوں نے اکثر چیزیں حاکم کے حوالہ سے لکھی ہیں"۔ (۲۲)

اس تفصیل سے معلوم ہوتا ہے کہ اس موضوع پر یہ دوسری باقاعدہ اور پہلی مکمل وجامع کتاب ہے جو پانچ اجزاء اور باون انواع پر مشتمل ہے۔ اس میں مصنف نے حدیث کی اسناد اور متون رواۃِ حدیث کے مختلف

درجات وطبقات اور اصول حدیث کے اہم مسائل پر سیر حاصل اور عمدہ بحثیں کی ہیں۔ ہر مبحث کی تعریف، اہمیت، نوعیت اور ضرورت کو مثالوں سے واضح کیا ہے۔ اس سلسلہ میں متقدمین کے کاموں کا ایک حد تک ذکر بھی آ گیا ہے۔ ہر بحث میں پہلے احادیث وآثار سنداً بیان کئے گئے ہیں اور آخر میں ان سے مصنف نے جو حقائق اور معنی خیز نتائج اخذ کئے ہیں ان کا ذکر ہے۔ ضمناً اکثر صحابہ اور رواۃ حدیث کی بعض خصوصیات، سنین وفات اور ان کے بارے میں دوسرے مختلف النوع معلومات بھی تحریر کئے گئے ہیں۔

معرفۃ علوم الحدیث کے قلمی نسخے یورپ، ترکی، مصر، شام اور انڈیا کے متعدد کتب خانوں میں موجود ہیں۔ ان سب کی مدد اور مقابلہ وتصحیح کے بعد ڈھاکہ یونیورسٹی کے شعبہ اسلامیات وعربی کے سابق صدر ڈاکٹر سید معظم حسین نے اس کو ایڈٹ کیا تھا جو ۱۹۸۳ھ میں مصر سے دائرۃ المعارف حیدر آباد کے اہتمام میں شائع ہوا ہے۔ اس کے شروع میں فاضل مرتب نے ایک جامع اور مبسوط مقدمہ بھی لکھا ہے۔ اس میں مصنف کے حالات، علمی خدمات اور اصول حدیث کے بنیادی مصادر کا تذکرہ کیا گیا ہے اور حواشی میں نسخوں کے فرق واختلاف اور کمی بیشی کی تصریح کی ہے۔ حافظ ابونعیم اصفہانی نے اس پر مستخرج لکھا تھا اور علامہ طاہر بن صالح الجزائری نے ''توجیہ النظر'' میں اس کا ملخص شامل کیا ہے۔

۲۱۔ المستدرک علی الصحیحین

یہ امام حاکم کی سب سے اہم اور شہرہ ءآفاق کتاب ہے۔ یہاں اس کے متعلق چند بنیادی اور ضروری معلومات پیش کی جاتی ہیں۔

مستدرک کی تعریف

علماء حدیث کی اصطلاح میں حدیث کی وہ کتابیں 'مستدرک' کہلاتی ہیں جن میں اُن حدیثوں کو نقل کیا جاتا ہے جو حدیث کی کسی اور کتاب کی شرط کے مطابق ہونے کے باوجود اس میں درج ہونے سے رہ گئی ہوں۔ اس طرح کی جو کتابیں لکھی گئی ہیں ان میں امام حاکم کی ''**المستدرك على الصحيحين**'' سب سے زیادہ مشہور ومتداول ہے۔ جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے کہ یہ صحیح بخاری اور صحیح مسلم پر استدراک ہے؛

یعنی اس میں ان حدیثوں کو شامل کیا گیا ہے جو امام حاکم کے خیال میں صحیحین کے معیار و شرائط کے مطابق ہونے کے باوجود ان میں شامل ہونے سے رہ گئیں۔

وجہ تالیف

امام حاکم نے "**المستدرك على الصحيحين**" کے شروع میں اس کی جمع و تالیف کا سبب، غرض و غایت اور ان حالات کا ذکر کیا ہے جو اس کی ترتیب و تالیف کا باعث ہوئے تھے۔ آپ لکھتے ہیں:

> "ائمہ حدیث میں امام محمد بن اسماعیل البخاری اور امام مسلم بن حجاج القشیری نے صحیح حدیثوں کے دو نہائت عمدہ اور بیش قیمت مجموعے مرتب کئے ہیں۔ ان دونوں کتابوں کی پوری دنیا میں شہرت ہے لیکن دونوں بزرگوں میں سے کسی نے بھی یہ دعوی نہیں کیا ہے کہ ان کی جمع کردہ روایات کے علاوہ اور کوئی بھی روایت صحیح نہیں ہے۔ مگر ہمارے عہد کے بعض مبتدعین اور اہل اہواء جو محدّثین پر سبّ وشتم کرنے میں بہت جری واقع ہوئے ہیں۔ یہ کہتے ہیں کہ صحیح روایات کی تعداد دس ہزار سے زیادہ نہیں ہے۔ رہیں وہ اسانید جو ایک ہزار یا اس سے کچھ کم وبیش اجزاء پر مشتمل ہیں سب کے سب سقیم اور غیر صحیح ہیں۔ اس صورت حال کے پیش نظر اس شہر کے کچھ اعیان و مشاہیر اہل علم نے مجھ سے خواہش کی کہ میں ایک ایسی کتاب مدوّن کروں جو ان حدیثوں پر مشتمل ہو جن کی اسانید اسی طرح کی ہوں جس طرح کی اسانید کو شیخین نے (بخاری ومسلم) صحیح اور قابل استدلال قرار دیا ہو۔ اس لئے کہ جو حدیث علت قادحہ سے خالی ہو اس کو صحیح سے خارج کرنے کے کوئی معنی نہیں"۔ (۲۳)

مستدرک کی اہمیت

مستدرک کا شمار حدیث کی مشہور اور اہم مصادر میں ہوتا ہے اور بعض حیثیتوں سے اس کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ شاہ عبدالعزیز صاحب نے کتب حدیث کے تیسرے طبقہ میں اس کو شمار کیا ہے۔ اس طبقہ میں سنن

دارمی، سنن دار قطنی، مسند ابوداؤد طیالسی اور مصنف ابن ابی شیبہ جیسی اہم اور بلند پایہ کتابیں ہیں۔ بعض محدّثین نے اس کا رتبہ صحیح ابن حبان کے قریب قریب بتایا ہے اور اس کا نام صحیح ابن خزیمہ اور صحیح ابن حبان کے ساتھ ساتھ لیا جاتا ہے۔ حافظ ابن الصلاح اور حافظ نووی نے صحاح کے بعد حدیث کے جن مصادر کو زیادہ اہم، قابل اعتماد اور مفید قرار دیا ہے ان میں سنن دار قطنی کے بعد مستدرک امام حاکم کا نام لیا ہے۔ (۲۴)

مستدرک کی روایات کی نوعیت

امام حاکم کی تصریحات سے معلوم ہوتا ہے کہ 'مستدرک' میں مندرجہ ذیل نوعیت کی روایات آئی ہیں:

① وہ روایات جو شیخین کے معیار و شرائط کے مطابق ہیں لیکن انہوں نے اپنی کتابوں میں انہیں درج نہیں کیا۔

② وہ روایات جو شیخین میں سے کسی ایک کی شرائط کے مطابق تھیں لیکن درج ہونے سے رہ گئیں۔

③ وہ روایات جو شیخین میں سے کسی ایک کی شرائط کے مطابق نہیں تھیں لیکن امام حاکم کی تحقیق کے مطابق ان میں علت اور سقم نہیں تھا۔

④ امام حاکم کے بیان کے مطابق بعض ایسی روایات بھی مستدرک میں آئی ہیں جن پر کلام کیا گیا ہے اور وہ آپ کے معیار اور شرائط کے مطابق بھی نہیں ہیں لیکن آپ نے ان کو شواہد و متابعات کی حیثیت سے نقل کیا ہے امام حاکم نے مستدرک میں کہیں کہیں ایک مقدمہ کا حوالہ دیا ہے جس میں آپ نے ان اصول و مبادی اور خصوصیات و شرائط کا مفصل ذکر کیا تھا جن کو مستدرک کی تالیف و ترتیب میں مدنظر رکھا تھا لیکن یہ مقدمہ مستدرک کے مطبوعہ نسخے میں شامل نہیں ہے۔ یا تو وہ محفوظ نہیں رہا یا حاکم اسے پوری طرح مرتب نہیں کر سکے۔ اگر یہ مقدمہ موجود ہوتا تو اس سے مستدرک کے اصول و شرائط اور اس کی روایات کی نوعیت اور خصوصیات معلوم کرنے میں بڑی آسانی ہوتی تاہم جہاں آپ نے اس کے حوالے دیئے ہیں ان سے بھی مستدرک کی روایات کی نوعیت و خصوصیت کا کچھ اندازہ ہوتا ہے اس لئے ذیل میں مستدرک کی روایات کی بعض نوعیتیں ان حوالوں کی مدد سے قلمبند کی جاتی ہیں:

① معروف تابعی کی روایت کو مستدرک میں اخذ کیا جائیگا اور اس کو 'صحیح' کا درجہ دیا جائے گا۔ خواہ اس نے ایک ہی صحابی سے روایت کی ہو۔

② ثقہ رواۃ کے تفرد اور اضافات کی تخریج بھی کی جائے گی بشرطیکہ وہ مؤلف کی تحقیق کے مطابق علت سے خالی ہوں۔

③ حلال وحرام کے متعلق روایات میں زیادہ احتیاط برتی جائے گی۔ فضائل اعمال کے سلسلہ کی حدیثوں میں زیادہ سختی سے کام نہ لیا جائے گا۔

مستدرک کی خصوصیات

مستدرک کی بعض اہم خصوصیات درج ذیل ہیں:

① امام حاکم نے اس کی ترتیب، ابواب کی تبویب اور روایات کے نقل وانتخاب میں حسن وموزونیت کے علاوہ بعض مقامات میں جدّت واختراع سے کام لیا ہے۔ اس سے آپ کی محنت اور جانفشانی کا اندازہ بھی ہوتا ہے۔ اس ضمن میں آپ لکھتے ہیں:

''جہاں تک تلاش واجتہاد نے میری رسائی کی ہے میں نے خلفائے اربعہ کے فضائل سے متعلق وہ تمام حدیثیں جمع کردی ہیں جو صحیح اسناد سے مروی ہیں اور جن کو شیخین نے ترک کردیا ہے۔ پھر میں نے اس کتاب کے نظم وترتیب کے لحاظ سے یہ مناسب سمجھا کہ ان بزرگوں کے مناقب کے بعد دیگر صحابہ کرام کے فضائل وفیات کی ترتیب کے مطابق جمع کروں''۔(۲۵)

② عام محدّثین کے برعکس امام حاکم نے کتاب الفتن والملاحم کے بعد کتاب الأھوال کا بھی ایک علیحدہ باب امام ابن خزیمہ کے طرز پر قائم کیا ہے۔ اس کا ذکر کرتے ہوئے آپ لکھتے ہیں:

''میرے مبلغ علم کے مطابق آخری زمانہ کے فتن کے متعلق آنحضرت ﷺ سے جو کچھ مروی تھا وہ سب میں نے اس کے اندر بہتر اسانید کے ساتھ بیان کردیا ہے۔ شیخین نے قیامت اور حشر نشر کے اہوال کی روایات کتاب الفتن ہی میں شامل کردی ہیں میں نے

اس سلسلہ میں ابوبکر بن محمد بن اسحاق بن خزیمہ کے انداز میں اس کو باب الفتن سے علیحدہ ذکر کیا ہے''۔(۲۶)

③ امام بخاری اور دیگر محدّثین نے کتاب البیوع میں متعدد مباحث ذکر کئے ہیں مثلاً کتاب السلم، شفعہ اور اجارہ وغیرہ لیکن امام حاکم نے کتاب البیوع کے جامع عنوان ہی میں ابواب کو بھی جمع کر دیا ہے۔اس بارے میں لکھتے ہیں:

''میں نے کتاب البیوع کے ضمن میں ان کتب کو بھی درج کر دیا ہے جن کیلئے امام بخاری نے کتاب البیوع کے آخر میں مستقل عنوانات قائم کئے ہیں۔ یہ وضاحت اسلئے کر دی گئی ہے تا کہ کسی کو یہ وہم نہ ہو کہ میں نے کتاب البیوع کو ان ابواب سے خالی رکھا ہے''۔(۲۷)

④ فضائل صحابہ میں صرف صحابہ کے مناقب وفضائل ہی بیان کرنے پر اکتفا نہیں کیا ہے بلکہ ان کے مختصر حالات بھی تحریر کئے ہیں۔مستدرک میں فقہی مسائل سے کم تعرّض کیا گیا ہے تاہم ان کے ذکر سے یکسر خالی بھی نہیں ہے اور امام حاکم نے بعض فقہی اختلافات میں راجح اور اولی کی نشاندہی بھی کی ہے جس سے آپ کی اجتہادی بصیرت کا بھی اندازہ ہوتا ہے۔

⑤ مستدرک کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ اس میں بعض روایات کے مراجع ومصادر کی نشاندہی بھی کی ہے۔اس سلسلہ میں صحیح بخاری، صحیح مسلم، سنن أبوداؤد، سنن نسائی، موطا امام مالک، اور صحیح ابن خزیمہ کے نام لئے ہیں۔لیکن بعض کتب مسانید اور وحدان کا نام لئے بغیر بھی ان کی روایات اخذ کی ہیں۔

⑥ بعض ابواب اور مضامین کی روایات کو جمع کرنے میں بڑا اہتمام کیا ہے اور بعض حدیثوں کے اسناد وطرق کو جمع کرنے میں بڑے استقصا سے کام لیا ہے اس لئے مستدرک میں بکثرت ایسی روایات آئی ہیں جن سے دوسرے مصادر حدیث خالی ہیں۔

⑦ روایات کی تصحیح وتبویب، ان کے قوی وعزیز، ضعیف وشاذ اور غریب ہونے کی نشاندہی، وقف و ارسال، رفع واتصال اور علو اسناد کی تصریح، حفظ وضبط اور اتقان کے لحاظ سے اس کے اولیٰ واحسن

ہونے اور علت وضعف سے خالی ہونے کا ذکر، رواۃ کی توثیق اور روایات کا باہمی موازنہ، راوی کے شک ووہم، اس کے تفرد، مخالفت، عدم متابعت اور سماع ولقاء کی توضیح اور بعض روایات کے بارے میں یہ بھی بتایا ہے کہ اس کو کس جگہ، کس وقت اور کس ماہ وسنہ میں انہوں نے روایت کیا ہے۔ اسی طرح روایات کے شواہد ومتابعات، فنی مباحث کے متعلق علمائے جرح وتعدیل کے اقوال، روایات ورواۃ کی صحت وقوّت یا ضعف وجرح کو واضح کر کے اس کے دلائل بھی بیان کئے ہیں اور حدیث کے مفہوم وغیرہ کے سلسلے میں بھی مختلف النوع وضاحتیں کی ہیں۔

⑧ مستدرک کے محاسن وخصوصیات کا اندازہ اس کے طرز استدلال سے بھی ہوتا ہے لیکن اکثر دلائل خالص فنی نوعیت کے ہیں۔ اس لئے جب تک ان کا اصل پس منظر اور پوری تفصیل سامنے نہ ہو۔ ان پر بحث کرنا زیادہ مفید نہ ہوگا۔

⑨ امام حاکم کے اصول وشرائط اور بحث واستدلال سے مستدرک کی تالیف میں آپ کی احتیاط کا بھی اندازہ ہوتا ہے۔ آپ نے وہی احادیث وروایات درج کرنے کی کوشش کی ہے جو آپ کے اصول ومعیار کے مطابق غیر معلّل اور ضعف وسقم سے خالی ہیں۔ اس لئے حدیث نقل کرنے کے بعد عموماً آپ نے اس کی صراحت بھی کر دی ہے کہ وہ قدح وعلت اور سقم وعیب سے پاک ہے لیکن حاکم کا عام رجحان یہ ہے کہ کوئی صحیح اور غیر معلل حدیث چھوٹنے نہ پائے۔ اس لئے احتیاط کے باوجود بھی مستدرک میں تساہل اور مداہنت کو راہ مل گئی ہے۔

روایات کے متعلق وضاحت

امام حاکم نے احادیث کے بارے میں مختلف النوع وضاحتیں کی ہیں۔ ان سے احادیث کے متعلق مفید معلومات فراہم ہوتی ہیں۔ یہ وضاحتیں مختلف طرح کی ہیں:

① کسی حدیث کے مشہور ومتداول ہونے یا کسی خاص مقام میں مروّج ہونے کا ذکر۔

② بعض حدیثوں کے متعلق بتایا گیا ہے کہ وہ کسی خاص مسئلہ میں اساس وبنیاد اور حجت ودلیل ہیں۔

③ بعض روایات کے کسی باب میں نقل کرنے کی غرض وغایت بیان کی گئی ہے۔

④ حاکم نے بعض روایات کی اپنے عہد کے حالات کے لحاظ سے خاص اہمیت وضرورت واضح کی ہے۔ مثلاً احتکار کے سلسلہ میں لکھتے ہیں: 'عسرت اور تنگی کے موقعہ پر مسلمانوں کی مواسات سے احتراز کے زجر وتوبیخ کے بارے میں جو اخبار و آثار وارد ہیں ان کا بیان کرنا بہت ضروری ہے کیونکہ اس وقت مسلمان انہی حالات سے دوچار ہیں۔(۲۸)

اس کے بعد لکھتے ہیں:

''یہ چھ روایات نہائت تلاش وجستجو کے بعد یہاں نقل کی گئی ہیں گو یہ ہماری اس کتاب کی شرط کے موافق نہیں تاہم چونکہ لوگ اس ضیق میں مبتلا ہیں اسلئے یہاں ہم نے ان کو نقل کردیا ہے''۔(۲۹)

امام حاکم نے کہیں کہیں ابواب کے شروع یا درمیان میں نوٹ لکھے ہیں جو بڑی اہمیت کے حامل ہیں مثلاً: فضائل صحابہ کے ابواب کے تحت لکھتے ہیں: ''ہم نے صحابہ کرام کے ذکر میں پہلے ان کے نسب و وفات کا ذکر کیا ہے پھر ان کے مناقب میں وہ روایات درج کی ہیں جو شیخین کی شرائط کے مطابق ہیں لیکن انہوں نے انہیں روایت نہیں کیا۔ ہم کو اعتراف ہے کہ ہم اس باب میں محمد بن عمر واقدی اور ان جیسے رواۃ کی روایات سے صرف نظر نہیں کر سکے ہیں۔(۳۰)

اصحاب صفہؓ کے بیان میں امام حاکم نے ان کے متعلق روایات کی مدد سے ان کے ناموں کی مفصل فہرست دی ہے۔ ان کے طبقات وغیرہ کا ذکر کیا ہے اور ان کے اشغال، معمولات اور امتیازی خصوصیات کے سلسلہ میں ان سے اصحابِ تصوف کے پہلو کو خاص طور پر نمایاں کیا ہے۔(۳۱)

مستدرک کی تلخیصات

جن علماء نے مستدرک کے ساتھ اشتغال کیا ہے ان میں حافظ ذھبی (م ۷۴۸ھ) کا نام زیادہ مشہور ہے حافظ ذہبی نے مستدرک کی تلخیص لکھی جو بہت مشہور ہے اور اس کی اہمیت کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے کہ خود ان کی اور بعض دیگر علماء کی رائے میں اس (تلخیص) کو دیکھے بغیر مستدرک کی تصحیح پر اعتماد نہیں کیا جا سکتا

ہے کیونکہ اس میں حافظ ذھبی نے طویل احادیث اوراسناد کا اختصار ہی نہیں کیا بلکہ جا بجا حاکم پر نقد وتعقب بھی کر کے احادیث کی تصحیح میں ان کے تساہل، روایات میں ضعف ونکارت اور رواۃ میں جرح وسقم کو بھی واضح کیا ہے۔

حافظ ذھبی نے اپنی تلخیص میں بعض مواقع پر حاکم کی توثیق وتائیداور بعض مواقع پر سکوت اختیار کیا۔ یہ بھی حاکم کی رائے سے اتفاق ہی ہے۔ رہا ان کا نقد وتعقب تو اس کی مختلف نوعیتیں ہیں۔

① حاکم نے کسی حدیث کو شیخین یا ان میں سے کسی ایک کی شرائط کے مطابق بتایا ہےاور حافظ ذھبی نے اس کی تردید کی۔

② حاکم نے کسی حدیث کو شیخین کی شرائط کے مطابق قرار دیا لیکن حافظ ذھبی کی تحقیق میں وہ صرف ایک ہی کی شرائط کے مطابق ہے۔

③ حاکم نے احادیث کی صحت اور رجال اسناد کی قوت کا ذکر کیا ہے اور حافظ ذہبی نے ان کا ضعف، جرح وتعدیل اور سقم ثابت کیا ہے۔

اس میں شبہ نہیں کہ حافظ ذھبی نے بڑی دقت نظر سے مستدرک کی تلخیص کی تھی اور ان کے تعقب کا زیادہ حصہ صحیح ہے لیکن کہیں کہیں اس میں فروگزاشتیں ہیں۔ مثلاً کسوف کے بیان میں ایک حدیث نقل کرنے کے بعد حاکم نے صرف اس قدر لکھا ہے: "**لم يخرجاه**"۔ یعنی شیخین نے اس روایت کی تخریج نہیں کی ہے۔ حافظ ذہبی نے اس پر یہ تنقید کی ہے: "**وإسناده حسن وما هوعلى شرط واحد منهما**"۔ اس کے اسناد حسن ہیں لیکن یہ شیخین میں سے کسی کی شرط کے مطابق نہیں۔ حالانکہ حاکم نے یہاں سرے سے حدیث کے شیخین کی شرط کے مطابق ہونے کا ذکر ہی نہیں کیا۔ بلکہ صرف یہ لکھا ہے کہ شیخین نے اس روایت کی تخریج نہیں کی ہے۔ اس بنا پر حافظ ذہبی کا یہ نقد صحیح نہیں ہے۔

ایک جگہ امام حاکم نے ایک حدیث کو صحیح الاسناد قرار دیا ہے۔ اس پر نقد کرتے ہوئے حافظ ذہبی نے لکھا ہے: "**عبدالرحمن لم يسمع من أبيه وعبدالرحمن ومن بعده ليسوا بحجة**".

تقریب التہذیب میں عبدالرحمٰن کو ثقہ اور صغار تابعین میں بتایا گیا ہے۔ ان کا انتقال ۲۹ھ میں ہوا

تھا۔ انہوں نے اپنے والد سے سماع کیا ہے لیکن بہت کم۔ اسی طرح عبدالرحمٰن کے صاحبزادے قاسم کے ترجمہ میں لکھا ہے کہ وہ ثقہ وعابد اور طبقہ رابعہ کے راوی ہیں۔ پس حافظ ذہبی کا ان روۃ کو مطلق عدم حجت قرار دینا کیسے صحیح ہوسکتا ہے؟ (۳۲)

بعض مقامات پر اصل اور تلخیص میں معمولی فرق بھی ہے۔ مثلاً روزے کے بیان میں حاکم نے ایک حدیث میں صرف "**وابتلت العروق**" لکھا تھا مگر حافظ ذہبی نے اس کو تلخیص میں "**وابتلت العروق بالماء**" لکھا ہے۔

ایک اور جگہ حاکم نے "**اغار**" لکھا تھا۔ ذہبی نے اس کو "اغان" کر دیا ہے۔

ایک جگہ حاکم نے "**حدثنا یعقوب بن ابراھیم**" لکھا تھا، حافظ ذہبی نے اس کو بدل کر "**رواہ یعقوب الدورقی**" کر دیا ہے۔ گو یعقوب بن ابراہیم اور یعقوب دورقی ایک ہی شخص ہیں لیکن اس تصرف سے اشتباہ ہوسکتا ہے۔

مستدرک کی یہ تلخیص مستدرک کے متن کے ساتھ چار ضخیم جلدوں میں چھپ چکی ہے۔

مستدرک کے قلمی نسخے متعدد کتب خانوں میں موجود ہیں۔ دائرۃ المعارف حیدر آباد نے اس کو کئی مخطوطات کی مدد سے چار ضخیم جلدوں میں شائع کیا ہے۔ علاوہ ازیں دار الکتب العلمیۃ، بیروت نے مصطفیٰ عبد القادر عطا کی تحقیق کے ساتھ ۱۹۹۰ء میں "المستدرک" کو بہت خوبصورت اور دیدہ زیب شکل میں چھاپ دیا ہے۔

مستدرک اور امام حاکم پر بعض اعتراضات کا اجمالی جائزہ

امام حاکم اور ان کی مستدرک پر چند اعتراضات بھی کئے گئے ہیں ان میں سے بعض تو غلط ہیں اور بعض اگر چہ غلط نہیں تاہم وہ بحث طلب ضرور ہیں۔ اسلئے مستدرک کی اہمیت وخصوصیت بیان کرنے کے بعد ان کا اجمالی جائزہ لینا مناسب معلوم ہوتا ہے۔ امام حاکم اور ان کی مستدرک پر سب سے مشہور الزام تساہل کا ہے۔ اس سلسلہ میں چند اور ضمنی الزامات بھی عائد کئے گئے ہیں لیکن ان کا اصل تعلق بھی تساہل ہی سے ہے۔

مستدرک اور صحیحین

مستدرک کی تالیف کا مقصد صحیحین میں ان متروک روایات کو جمع کرنا ہے جو امام حاکم کے خیال میں ان کی شرائط ومعیار کے مطابق صحیح ہونے کے باوجود ان میں شامل نہیں کی گئیں۔ اس سلسلہ میں بحث طلب امر یہ ہے کہ امام حاکم نے جن روایات کے شیخین کی شرط کے مطابق صحیح ہونے کا دعوی کیا ہے وہ واقعۃً صحیح ہیں یا نہیں۔ حافظ ابوسعید مالینی کا بیان ہے کہ میں نے مستدرک کا مطالعہ کیا تو مجھ کو اس کی ایک حدیث بھی شیخین کی شرائط کے مطابق نہیں ملی۔ حافظ ابراہیم بن محمد ارموی کہتے ہیں: ''ابوعبداللہ حاکم نے مستدرک میں بہت سی ایسی روایات جمع کی ہیں جن کے بارے میں گو ان کا خیال ہے کہ وہ شیخین کی حدیثوں کی طرح صحیح ہیں۔ لیکن علمائے کبار نے اس سلسلہ میں حاکم کو غلط ٹھہرایا ہے اور ان پر سخت نکیر کی ہے۔ (۳۳)

حافظ ابوسعید مالینی کی رائے کو عام طور پر حقیقت سے بعید اور زیادتی پر محمول کیا گیا ہے۔ حافظ ذہبی نے اس کی نہائت پر زور تردید کی۔ ان کی تردید اس لئے زیادہ معتبر اور قابل لحاظ ہے کہ انہوں نے مستدرک کا دقت نظر سے مطالعہ کیا ہے اور اس کی تلخیص لکھی ہے۔ آپ لکھتے ہیں:

> ''مستدرک کے متعلق حافظ مالینی کی رائے سراسر زیادتی اور صریح ناانصافی پر مبنی ہے۔ انصاف کی بات یہ ہے کہ مستدرک کا تقریبا نصف حصہ ایسی روایات پر مشتمل ہے جو شیخین یا ان میں سے کسی ایک کی شرائط کے مطابق ہیں۔ البتہ اس کے چوتھائی حصہ میں ایسی حدیثیں ہیں جن کے اسناد بظاہر تو صحیح ہیں۔ لیکن وہ شیخین کی شرائط کے مطابق نہیں ہیں۔ بقیہ چوتھائی حصےّ میں ضعیف ومنکر بلکہ موضوع روایات بھی شامل ہیں میں نے اپنی تلخیص میں ان کی تصریح اور تنبیہ کی ہے۔''

ضعیف اور موضوع روایات

دوسرا اعتراض یہ کیا جاتا ہے کہ مستدرک میں ضعیف اور موضوع روایات پائی جاتی ہیں۔ حافظ ذہبی لکھتے ہیں:

''اس میں شک نہیں کہ مستدرک میں ایسی حدیثیں بھی ہیں جو شرائط صحت کے خلاف ہیں بلکہ موضوع حدیثیں بھی ہیں جو اس کے شایان شان نہیں''۔(۳۴)

دوسری جگہ لکھتے ہیں:

''گو حاکم حدیث میں امام تھے تاہم انہوں نے مستدرک میں ساقط حدیثوں کی بھی تصحیح کردی ہے''۔(۳۵)

مستدرک میں ضعیف و منکر بلکہ موضوع روایات کا بھی یقینی طور پر پایا جانا ثابت ہے۔ حافظ ابن الجوزی نے مستدرک کی ساٹھ حدیثوں کو موضوع قرار دیا ہے۔لیکن ان میں سے اکثر کو محدّثین نے تسلیم نہیں کیا ہے۔ رہیں ضعیف روایات تو وہ موضوعات کے ساتھ شامل ہوکر چوتھے حصہ کے برابر ہوں گی۔ضعیف احادیث سے کوئی کتاب بھی خالی نہیں ہے لیکن مستدرک میں ان کی تعداد اس لئے زاید معلوم ہوتی ہے کہ وہ خود ضخیم کتاب ہے اور اس کی ضخامت کے اعتبار سے یہ تعداد زیادہ نہیں۔

شاہ عبدالعزیز صاحب نے مستدرک کا شمار حدیث کے تیسرے طبقہ کی کتابوں میں کیا ہے اور اس طبقہ کے متعلق ان کا اور ان کے والد حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی کا بیان ہے:

''اگرچہ ان کتابوں کے مؤلفین علوم حدیث میں ماہر، ثقہ اور ضبط و عدالت کی صفات سے متصف تھے۔لیکن ان میں صحیح، حسن اور ضعیف ہر قسم کی حدیثیں پائی جاتی ہیں۔ بلکہ ان کی بعض حدیثیں موضوع بھی ہیں گو ان کے اکثر رواۃ عدالت کی صفت سے متصف ہیں تاہم بعض مستور اور مجہول الحال ہیں۔''(۲۱)

حوالہ جات وحواشی

۱۔ ابن الجوزی، عبدالرحمٰن بن علی بن محمد ابوالفرج۔ المنتظم فی تواریخ الملوک والأمم، ج ۷، ص ۲۷۴

۲۔ ابن کثیر، اسماعیل عمر بن کثیر الدمشقی، البدایۃ والنھایۃ، ج ۱۱، ص ۳۵۵

۳۔ الخطیب، ابوبکر احمد بن علی البغدادی، تاریخ بغداد، ج ۵، ص ۲۴۳

۴۔ الذھبی، ابوعبداللہ محمد بن احمد۔ تذکرہ الحفاظ۔

۵۔ الذھبی، محمد بن احمد۔ سیر أعلام النبلاء۔ ج ۱۷، ص ۱۶۳

۶۔ ابن خلدون، عبدالرحمٰن، مقدمہ، ص ۴۵۸

۷۔ السبکی، ابونصر عبدالوہاب بن علی۔ طبقات الشافعیہ، ج ۴۔ ص ۱۵۹۔۱۶۰

۸۔ ایضاً

۹۔ الذھبی، سیر أعلام النبلاء۔ ج ۱۷، ص ۱۶۳

۱۰۔ السبکی، طبقات الشافعیہ۔ ج ۴، ص ۱۵۹

۱۱۔ ایضاً

۱۲۔ ابن کثیر، البدایۃ والنھایۃ۔ ج ۱۱، ص ۳۵۵

۱۳۔ ابن خلکان، ابوالعباس احمد بن محمد۔ وفیات الأعیان۔ تحقیق: د/ احسان عباس، ج ۴۔ ص ۲۸۱

۱۴۔ الذھبی، تذکرۃ الحفاظ۔ ج ۳، ص ۲۶۴

۱۵۔ السبکی، طبقات الشافعیہ۔ ج ۴، ص ۱۶۰

۱۶۔ ابن خلکان، وفیات الأعیان۔ ج ۴، ص ۲۸۱

۱۷۔ السمعانی، أبوسعد، عبدالکریم بن محمد۔ الأنساب۔ ج ۲، ص ۳۷۰

۱۸۔ حاکم، محمد بن عبداللہ نیشاپوری۔ المدخل إلی علم الحدیث۔ ص ۵، ۶

۱۹۔ السبکی، طبقات الشافعیۃ۔ ج ۴، ص ۱۶۰

۲۰۔ ایضاً

۲۱۔ ابن خلدون، مقدمہ۔ ص ۴۵۸

۲۲۔ حاجی خلیفہ، مصطفیٰ بن عبداللہ القسطنطینی۔ کشف الظنون من أسامی الکتب والفنون۔ ج ۲، ص ۲۹

۲۳۔ حاکم نیشاپوری۔ المستدرک علی الصحیحین۔ تحقیق: مصطفیٰ عبدالقادر عطاء۔ ج ۱، ص ۴۱۔۴۲

۲۴۔ ابن الصلاح، عثمان بن صلاح الدین الکردی، مقدمہ۔ص ۱۹۲

۲۵۔ حاکم، المستدرک، ج ۳، ص ۱۸۵

۲۶۔ ایضاً۔ ج ۴، ص ۸۸۵

۲۷۔ ایضاً۔ ج ۲، ص ۶۵۔۶۶

۲۸۔ ایضاً۔ ج ۲، ص ۱۱

۲۹۔ ایضاً۔ ج ۲، ص ۱۳

۳۰۔ ایضاً۔ ج ۳، ص ۶۱

۳۱۔ ایضاً۔ ج ۳، ص ۱۶۔۱۷

۳۲۔ ایضاً۔ ج ۱، ص ۵۰۹

۳۳۔ السبکی، طبقات الشافعیۃ۔ ج ۳، ص ۵۹

۳۴۔ الذھبی، تذکرۃ الحفاظ۔ ج ۳، ص ۲۵۴

۳۵۔ الذھبی، میزان الإعتدال۔ ج ۳، ص ۵۸

۳۶۔ الشاہ ولی اللہ الدھلوی۔ حجۃ اللہ البالغۃ

مسیحی علم الکلام اور مسلمان

(برصغیر کے تناظر میں)

ڈاکٹر محمد عبداللہ *

اگر مسیحی مآخذ پر اعتماد کیا جائے تو ماننا پڑے گا کہ برصغیر میں مسیحیت کی آمد بہت قدیم ہے۔(۱) تاہم باقاعدہ مسیحی آبادی کا پتہ چوتھی صدی عیسوی میں ملتا ہے جب کہ شامی خاندان کے کچھ مسیحی ہندوستان کے ساحل مالابار پر آباد ہو گئے۔ مالابار کے مقامی راجاؤں نے ان سے بہت اچھا سلوک کیا اور ان کو غیر معمولی مراعات دیں۔

تجارتی اغراض و مقاصد کے لیے سب سے پہلے پندرھویں صدی عیسوی میں پرتگیزی آئے جو کالی کٹ میں لنگر انداز ہوئے مگر انہوں نے اسی علاقے پر قناعت نہ کی بلکہ اپنی توسیع پسندانہ سرگرمیوں کے نتیجے میں مغربی ساحل کے دیگر علاقوں پر بھی قابض ہو گئے۔ پرتگیزیوں نے مغل حکمرانوں خصوصاً جلال الدین اکبر پر اثر انداز ہونے کی پوری کوشش کی اور اکبر کی نام نہاد، وسیع المشربی، کے نتیجے میں گو اسے مختلف اوقات میں تین مسیحی وفود بھی اس کے دربار میں باریاب ہوئے (۲) مذکورہ وفود کے قیام و تعلیمات کا اکبر کی شخصیت پر گہرا اثر ہوا جس کا اظہار دربار اکبری کے معروف مؤرخ ملا عبدالقادر بدایونی نے بھی کیا ہے۔(۳)

شہنشاہ جہانگیر کے دور میں برطانیہ سے سرطامس رو، کا بطور سفیر بن کر آنا ہندوستان کی مسیحی تاریخ میں نہایت اہم حیثیت رکھتا ہے، یہی وجہ ہے کہ مسیحی مؤرخین مذکورہ سفیر کی آمد کو برصغیر پاک و ہند میں مسیحیت کا باقاعدہ نقش اوّل، گردانتے ہیں جس کی بدولت سیاسی و تجارتی اثر و رسوخ کا آغاز ہوا۔(۴)

اگرچہ برصغیر میں تجارت کی غرض سے عہد مغلیہ میں دیگر ممالک کے باشندے مثلاً پرتگیزی، ولندیزی، فرانسیسی وغیرہ بھی آئے مگر جو عروج برطانوی تجارتی کمپنی، ایسٹ انڈیا کمپنی، کو حاصل ہوا وہ کسی اور کے حصے میں نہیں آیا بعد ازاں یہی تجارتی کمپنی ملک کی سیاہ و سفید کی مالک بن گئی۔

---

* لیکچرار، ادارہ علوم اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

اورنگزیب عالمگیر کی وفات کے بعد وہ قیامت برپا ہوئی کہ ملک کا شیرازہ بکھر گیا۔ اور یورپ کی وہی سفید فام طاقتیں جن پر عالمگیر کے دادا، پڑدادا نے مہربانیوں اور شاہانہ عنایات کی بارش کی تھی جن کو شاہجہان نے شکنجہ تادیب میں کسا تھا۔ جن کو عالمگیر نے پہلے ملک بدر کر دیا تھا پھر معاف کر کے تجارت کی اجازت دی تھی ابھی سو سال بھی پورے نہیں ہوئے تھے کہ عالمگیر کی راجدھانی پر اس کا تسلط ہو گیا اور عالمگیر کا پوتا (شاہ عالم) اس کا وظیفہ خوار ہوا۔ (۵)

چنانچہ برصغیر پر انگریزوں کے اس ہمہ گیر تسلط کا ایک اہم مقصد مسیحی تعلیمات کا فروغ اور مقامی آبادی کو عیسائی بنانا بھی تھا۔ اس امر کا اعتراف مسٹر مینگلز کے اس بیان سے ہوتا ہے جو اس نے برطانوی پارلیمنٹ میں 1857ء میں دیا، اس کے مطابق:

> ''قدرت نے ہندوستان کی وسیع سلطنت انگلستان کو تفویض کی ہے تاکہ مسیح کا جھنڈا ہندوستان کے ایک سرے سے لے کر دوسرے سرے تک فاتحانہ لہرائے۔ ہر شخص کو چاہیے کہ وہ اپنی قوت صرف کر دے تاکہ تمام ہندوستان کو عیسائی بنانے کا کام جاری رکھنے میں کسی وجہ سے کوئی تعویق نہ ہو سکے۔'' (۶)

اگرچہ 1857ء کی جنگ آزادی میں مسلمانوں کی ہزیمت کے بعد تو انگریزوں کا راستہ بالکل صاف ہو گیا تھا تاہم برصغیر میں مسیحیت کی توسیع و اشاعت کا آغاز بہت پہلے سے ہو چکا تھا۔ فروغ مسیحیت کا پہلا سرکاری منصوبہ اس وقت سامنے آیا جب لارڈ منٹو کے عہد میں چارٹر ایکٹ 1813ء منظور ہوا جس کے تحت مسیحی منادوں کو مشنری سرگرمیوں کے لیے باقاعدہ اجازت نامے جاری ہوئے اور مشنری سرگرمیاں فروغ پانے لگیں (۷) مسلمان ان طریقوں سے خوش نہیں تھے جو مسیحی مبلغین نے اختیار کیے تھے۔ ان کے اصول کار توہین آمیز اور بھونڈے تھے۔ انیسویں صدی کے پہلے نصف میں کمپنی کے دیوانی اور فوجی حکام میں تبلیغی جوش و خروش عام تھا بعض اوقات خود مقامی حکام مسیحی مبلغوں کی حیثیت سے کام کرتے تھے اور ان کے لیے یہ کوئی غیر معمولی بات نہ تھی کہ مسلمان اور ہندوؤں کے مذہبی اجتماعات اور جلسوں میں چلے جائیں اور سامعین کے سامنے کھڑے ہو کر گالیوں کی بوچھاڑ کرنے کے ساتھ ان کی مذہبی غلطیاں ظاہر کرنے لگیں۔

فرانسیسی مستشرق گارساں دتاسی لکھتے ہیں:

''مسیحی مبلغین اپنا مذہبی جوش ظاہر کرنے کا کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیتے تھے، چنانچہ میلوں کے موقعوں پر جو مذہبی اور تجارتی دونوں اہمیت رکھتے تھے ہندوستانیوں کے جم غفیر میں اپنا خیمہ لگا لیتے وہاں تقریر اور وعظ کرتے اور رسالے تقسیم کرتے .....''(۸)

سر سید احمد خان جو انگریزوں اور مسیحیوں کے لیے نرم گوشہ رکھتے تھے انہوں نے بھی ایسے حالات و اقدامات پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

''مشنری سکول بہت جاری ہوئے اور ان میں مذہبی تعلیم شروع ہوئی سب لوگ کہتے تھے کہ یہ سرکار کی طرف سے ہیں بعض اضلاع میں بہت بڑے بڑے عالی قدر حکام معتمدان سکولوں میں جاتے تھے اور لوگوں کو اس میں داخل اور شامل ہونے کی ترغیب دیتے تھے امتحان مذہبی کتابوں سے لیا جاتا تھا طالب علموں سے جو لڑکے کم عمر ہوتے ان سے پوچھا جاتا کہ تمہارا خدا کون ہے؟ تمہارا نجات دینے والا کون ہے؟ اور جب وہ عیسائی مذہب کے مطابق جواب دیتے تو اس پر ان کو انعام ملتا۔''(۹)

سید ابوالحسن علی ندویؒ نے ان حالات کا نقشہ اپنے الفاظ میں یوں کھینچا ہے:

''یورپ کی مسیحی مشنریاں پوری آزادی کے ساتھ حکومت وقت کی سربراہی اور کفالت میں شہر شہر اور گاؤں گاؤں میں اپنے جال بچھائے ہوئے تھیں، ہزاروں کی تعداد میں عیسائی مبلغین ملک کے طول و عرض میں پھیلے ہوئے تھے سینکڑوں ناخواندہ اور نیم تعلیم یافتہ افراد اقبال مند فاتح قوم کا مذہب اختیار کر رہے تھے اور ان کی ظاہری شان و شوکت، حکومت اور قوت کمزور اور ناخواندہ افراد کے نزدیک حقانیت کی دلیل تھی''(۱۰)

تاریخ اسلام اس امر پر شاہد ہے کہ علماء اسلام نے ہر دور میں باطل فرق و مذاہب کا تعاقب کیا ہے اور اس دور کے حالات کے پیش نظر ان کے افکار و خیالات کا رد کیا ہے۔ برصغیر کے مذکورہ مذہبی اور سیاسی تناظر میں بلا مبالغہ یہ بات کہی جاسکتی ہے کہ اٹھارہویں اور انیسویں صدی عیسوی مسیحی علم الکلام کے عروج کی صدیاں ہیں

جس کی بڑی وجہ حکومت وقت کی تائید اور پشت پناہی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مسیحی مناد مسلمانوں پر جارحانہ طریقے سے حملہ کر رہے تھے۔ اس علمی و مذہبی جارحیت کے اہم نکات یہ تھے:

① قرآن مجید اصل نہیں بلکہ اس میں تحریف ہوئی ہے۔

② قرآن مجید میں کوئی نئی چیز نہیں بلکہ توریت و زبور سے سرقہ کی گئی ہے۔

③ کتابِ مقدس (Bible) کے مطالب قرآن و حدیث کے خلاف ہیں اس لیے قرآن کتاب الٰہی نہیں۔

④ اسلام کی اشاعت بزور شمشیر ہوئی ہے۔

⑤ حضور اکرم ﷺ کی ذات اقدس پر الزامات اور ناروا اعتراضات۔ (۱۱)

اس کے برعکس مسیحی اپنے عقائد و تعلیمات مثلاً الوہیت مسیح، ابنیت مسیح، تثلیث، کفارہ اور کتاب مقدس کی حقانیت کو ثابت کرنے پر تلے ہوئے تھے اور بڑی تعداد میں نہ صرف کتب شائع ہو رہی تھیں۔ بلکہ رسائل و مجلّات بھی جاری ہو رہے تھے۔

آئندہ صفحات میں ان علماء کرام کی مساعی جمیلہ کا ایک مختصر جائزہ پیش کیا جاتا ہے جنہوں نے برصغیر میں اس نازک دور میں مسیحی علم الکلام پر قلم اٹھایا اور اپنے زبان و قلم دونوں سے اسلام کے دفاع کا فریضہ سرانجام دیا اور مسیحیت کے باطل عقائد و نظریات کا پردہ چاک کیا۔

❶ سید آل حسن موہانی (۱۷۸۷ء۔۱۸۷۲ء)

سید آل حسن قصبہ موہان ضلع آناؤ کے رہنے والے تھے۔ سلسلہ نسب امام موسیٰ کاظم تک پہنچتا ہے۔ تعلیم و تربیت کے بعد منصفی کے عہدے پر فائز رہے بعد ازاں دہلی اور مراد آباد میں وکالت بھی کرتے رہے۔ مولانا حسرت موہانی کے پڑنانا تھے برصغیر میں مسیحی علم الکلام پر اوّلین قلم اٹھانے والوں میں آپ کا شمار ہوتا ہے چنانچہ امداد صابری لکھتے ہیں:

> ''مولانا آل حسن نے پادری فانڈر کی کتاب میزان الحق مطبوعہ ۱۸۳۳ء اور پادری اسمتھ کی کتاب دین حق مطبوعہ ۱۸۴۳ء کے جواب میں ۱۲۵۹ھ میں ''استفسار'' کے

نام سے ایک کتاب طبع کرائی۔ جو بڑے سائز کے آٹھ سو صفحات پر مشتمل تھی۔ یہ
کتاب تحقیق و معلومات اور دلائل و براہین کے اعتبار سے کتب ردِّ نصاریٰ میں
افضلیت کا درجہ رکھتی ہے۔'' (۱۲)

مولانا سید آل حسن موہانی نے عیسائیوں پر جو اعتراضات استفسار کی صورت میں کیے ان کی تعداد اٹھارہ ہے بعد میں آنے والے مسلمان متکلمین نے اس سے خوب استفادہ کیا ہے یہی وجہ ہے کہ علامہ ڈاکٹر خالد محمود کے خیال میں بعد میں لکھی جانے والی اسلامی کتابوں (علم الکلام) میں ہر متن کی حیثیت رکھتی ہے۔ (۱۳) سید آل حسن موہانی نے مذکورہ کتاب مقدسہ (Bible) کے حوالے سے مندرجہ ذیل پہلوؤں پر کلام کیا ہے:

① توریت میں بعض روایتیں ایسی بھی ملتی ہیں کہ اس سے ساری شریعت اسرائیلیہ کا اعتبار ختم ہو جاتا ہے۔

② خدا کے کلام میں دوسرے کلام ملنے سے کتاب اللہ کا اعتبار ختم ہو جاتا ہے۔

③ اناجیل کی روایتوں کے اسناد کا پتہ نہیں لگتا اور روایتوں میں بھی اختلاف ہے۔

④ اناجیل کی تالیف ایسی ہے جیسے ہمارے ''شواہد النبوۃ'' ہے جو قرآن کی طرح جمع نہیں ہوئے۔

⑤ توریت کی عزراء نبی کے عہد سے بطلیموس کے عہد تک اور عہد جدید کے حواریوں کے عہد سے قسطنطین کے زمانہ تک کی سندیں کسی عیسائی عالم کے پاس نہیں۔ (۱۴)

مولانا آل حسن موہانی کو مناظرے میں بھی خاص ملکہ حاصل تھا لیکن آپ کو غصہ بہت جلد آ جاتا تھا اس لیے تقریری مناظرہ سے احتراز کرتے تھے۔ اسی بناء پر آپ کا تحریری مناظرہ پادری فانڈر کے ساتھ 22/جولائی 1844ء سے فروری 1854ء تک جاری رہا ان مراسلوں کی تعداد گیارہ ہے۔ جو فریقین کی جانب سے سوال و جواب کی صورت میں لکھے گئے۔ ان مراسلوں میں دو باتوں کا نہایت اہتمام نظر آیا ہے۔ ایک طرف فریقِ مخالف کا ادب و احترام اور دوسرے حضور اکرم ﷺ سے عقیدت و محبت۔ مثال کے طور پر 17/اگست 1844ء کے ایک مراسلہ میں پادری فانڈر کو لکھتے ہیں:

'' ہمارے پیغمبر خدا کا نام یا لقب تعظیم سے لینا اگر منظور نہ ہو تو اس طرح لکھیے:
تمہارے نبی یا مسلمانوں کے نبی اور صیغہ افعال کے یا ضمائر جو ان کے متعلق آویں تو

بصیغہ جمع میں لکھیے۔ جیسا کہ اہل زبان بولتے ہیں ورنہ ہم سے بات چیت نہ کی جائے۔ اورنہایت رنج ہوگا۔'' (۱۵)

❷ ڈاکٹرمحمد وزیرخان (م:1873ء)

ڈاکٹرمحمد وزیرخان صوبہ بہار کے رہنے والے تھے۔ میڈیکل کالج کلکتہ سے طب کی تعلیم حاصل کی۔ مزید تعلیم کے لیے لندن روانہ ہوئے۔ وہیں مطالعہ مسیحیت میں دلچسپی پیدا ہوئی۔ انگریزی زبان پر مہارت ہی نہیں بلکہ مسیحیت کے انگریزی ادب پر گہری نظر تھی۔ یہی وجہ ہے کہ لندن سے واپسی پر تورات و انجیل کے قدیم نسخے اوران پر کی گئی تنقیدیں اپنے ساتھ ہندوستان لائے۔ ڈاکٹر موصوف نے ہندوستان میں مسیحیت کے تحقیقی مطالعہ کی بنیادرکھی اوراصل مآخذ کے ذریعے یہودونصاریٰ کی کتب تک رسائی حاصل کی۔ آگرہ کی جامع مسجد میں علماء باقاعدہ ان سے درس لیتے تھےاور یہ سلسلہ چارسال تک جاری رہا۔ (۱۶)

اگرچہ مسیحی علم الکلام پرآپ کی باقاعدہ تالیف تونہیں ہے تاہم متعددمناظروں میں آپ نے حصہ لیا ہے۔ 1854ء کامعروف مناظرہ،مناظرہ اکبرآباد، میں مولانا رحمت اللہ کیرانوی کی معاونت آپ نے کی۔ علاوہ ازیں پادری فرنچ سے بھی مناظرہ کیا۔ پادری فانڈر سے مئی تااگست ۱۸۵۴ءمناظرۂ اکبرآباد کے سلسلے میں خط وکتابت ہوئی جوروداد کی شکل میں محفوظ ہے۔ (۱۷)

❸ مولانارحمت اللہ کیرانوی (۱۸۱۸ء۔۱۸۹۱ء)

مولانارحمت اللہ کیرانوی ہندوستان میں عثمانی خاندان کے چشم و چراغ اور کیرانہ ضلع مظفرنگر کے باشندے ہیں۔ (۱۸) آپ نے دفاع اسلام کا فریضہ ایسے وقت میں سرانجام دیا جب کہ برطانوی اقتدار کا سورج نصف النہار پرتھااور جرمن پادری فانڈر (C.G. PFANDER) کوحکومتِ وقت کی مکمل سرپرستی اور پشت پناہی حاصل تھی۔ (۱۹) پادری فانڈر نے مندرجہ ذیل کتب اسلام اور مسیحی تناظر میں تالیف کیں:

① مفتاح الاسرار ② طریق الحیات

③ شجرزندگانی ④ میزان الحق

اگر چہ اس کی جملہ کتب اسلام، پیغمبر اسلام اور قرآن حکیم پر غیر معمولی اعتراضات پر مبنی تھیں۔ تاہم مؤخر الذکر کتاب جس کے عربی، فارسی اور انگریزی میں تراجم ہوئے بطور خاص مسلمانوں کے سامنے بطور چیلنج کے پیش کرتا تھا۔ (۲۰)

مولانا رحمت اللہ کیرانوی نے ابتدأ تو اپنے مختصر رسائل اور بعض میں پادری مذکور کے اعتراضات کا جواب دیا اور دین اسلام کی حقانیت کو ثابت کیا۔ تاہم انہوں نے یہ محسوس کیا کہ جب تک پادری موصوف سے بالمشافہ گفتگو نہ ہو اور مجمع عام میں بحث نہ ہو اس وقت تک پادری فانڈر کا مؤثر جواب ناممکن ہے۔ چنانچہ پادری موصوف سے طویل خط وکتابت کے بعد مناظرے کی شرائط طے پائیں اور مناظرے کے لیے مندرجہ ذیل موضوعات طے ہوئے:

① نسخ بائبل ② تحریف بائبل

③ تثلیث اور الوہیت مسیح ④ اثبات نبوت محمدیؐ۔ (۲۱)

یہ تاریخی مناظرہ جو مناظرۂ اکبر آباد کے نام سے بھی معروف ہے، اپریل 1852ء میں قسیس اعظم فانڈر اور مولانا رحمت اللہ کیرانوی کے درمیان ہوا۔ پادری فانڈر کی معاونت پادری فرنچ اور مولانا کیرانوی کی معاونت ڈاکٹر وزیر خان نے کی۔ مجمع عام میں معززین، علماء کرام اور اعیان حکومت شامل تھے۔ ہر دو فریقین کی طرف سے حکم مقرر کیے گئے۔ طے شدہ عنوانات پر دو روز تک بحث ہوئی تاہم صرف دو عنوانات پر بحث ہو سکی اور پھر باوجود کوشش کے یہ بحث جاری نہ رہ سکی۔ اس مناظرہ میں مجمع عام کے سامنے پادری فانڈر نے انجیل میں تحریف کا اقرار کیا (۲۲) مناظرہ کے اثرات ونتائج کے بارے میں سید ابوالحسن علی ندوی رقم طراز ہیں:

> ''حضرت مولانا کیرانوی نے یہ خدمت ایسے زمانہ میں انجام دی جو مسلمانوں کے لیے انتہائی نازک اور صبر آزما تھا۔ ان کا حریف وہ تھا جس کو زمانہ کے سب سے بڑے فاتح گروہ کی پشت پناہی حاصل تھی اور وہ بڑی طاقت اس کی سرپرست تھی جس کے زمانے میں آفتاب غروب نہیں ہوتا تھا اور جس کے تمدّن، تہذیب اور تعلیم کی پوری دنیا میں دھاک بیٹھی ہوئی تھی۔'' (۲۳)

مولانا رحمت اللہ کیرانوی کی مسیحی علم الکلام پر مندرجہ ذیل تصنیفات ہیں۔

① البحث الشریف فی اثبات النسخ والتحریف

② احسن الحدیث فی ابطال التثلیث

③ ازالۃ الاوہام: یہ کتاب مولانا نے فارسی میں تالیف کی بعدازاں عوام الناس کی ضرورت کے پیش نظر خود ہی اس کا اردو میں ترجمہ کیا۔ اس میں حضور اکرم ﷺ کی نبوت و معجزات پر مسیحی معترضین کا جواب دیا گیا ہے۔

④ اعجاز عیسوی: اس کتاب کے پہلے حصے میں کتب مقدسہ (تورات و انجیل) کی تحریفات پر مفصل بحث ہے جب کہ دوسرے حصے میں میزان الحق کے بعض مباحث کا جواب ہے۔

مولانا تقی عثمانی مذکورہ کتاب کے بارے میں لکھتے ہیں:

''اس میں انہوں نے تحریف بائبل پر سب سے زیادہ شرح وبسط کے ساتھ بحث کی ہے اور اس لحاظ سے اس کتاب کی کوئی نظیر عربی، فارسی یا اردو ادب میں موجود نہیں ہے۔ بلکہ انگریزی زبان کی کسی کتاب میں بھی اتنے استقصاء کے ساتھ بائبل کے تضادات، غلطیوں اور تحریفات کا بیان میری نظر سے نہیں گذرا۔'' (۲۴)

⑤ ازالۃ الشکوک: یہ کتاب بنیادی طور پر مسیحیوں کے 29 سوالوں کے جوابات پر مشتمل ہے جو مولانا نے ولی عہد مرزا فخر الدین کے حکم پر تحریر کیے۔ (۲۵)

⑥ اظہار الحق: مسیحی علم الکلام پر مولانا کی سب سے زیادہ ضخیم اور معروف کتاب ''اظہار الحق'' ہے۔ جو اپنی نوعیت کے اعتبار سے بنیادی مآخذ کی حامل ہے۔ مذکورہ کتاب مولانا نے قسطنطنیہ (ترکی) میں چھ ماہ کے قلیل عرصہ میں 1823ء میں سلطان عبدالعزیز خان کے حکم پر قلمبند کی یہ کتاب ایک مقدمہ اور چھ ابواب پر مشتمل ہے۔ ابواب کے عنوانات یہ ہیں:

پہلا باب	:	بیان و تفصیل کتب عہد قدیم و جدید۔
دوسرا باب	:	بیان و تفصیل اثبات تحریف کتب عہد قدیم و جدید۔

تیسرا باب	:	بیان و تفصیل اثبات نسخ کتب عہد قدیم وجدید۔
چوتھا باب	:	بیان و تفصیل، ابطال تثلیث۔
پانچواں باب	:	قرآن حکیم کا معجزہ و کلام اللہ ہونا۔
چھٹا باب	:	اثبات نبوتِ محمدؐ اور مسیحی معترضین کے جوابات۔

اظہار الحق کی مقبولیت کا اندازہ اس امر سے لگایا جاسکتا ہے کہ دنیا کی آٹھ زبانوں میں اس کا ترجمہ ہو چکا ہے اور اب تک دس سے زائد طبعات منصۂ شہود پر آ چکی ہیں جب کہ اردو زبان میں ترجمہ ''بائبل سے قرآن تک'' کے نام سے مولانا اکبر علی سہارن پوری نے کیا ہے اور مولانا تقی عثمانی نے مذکورہ ترجمہ کو عام فہم بنا کر شائع کیا ہے۔ (۲۶) مذکورہ کتاب کی قدر و قیمت کے بارے میں ڈاکٹر محمد حمید اللہ کی رائے یہ ہے:

> ''میں اپنے بچپن سے کتاب اظہار الحق کا نام سنتا رہا ہوں اور اس کی تعریف ان الفاظ میں کہ وہ ایک الہامی کتاب ہے مطالعے اور عمر کے ساتھ کتاب اور مؤلف سے میری عقیدت اور میرا علم الیقین بڑھتے ہی رہے۔ مولانا رحمت اللہ کیرانوی نے جس زمانہ میں یہ کتاب تالیف کی اس زمامہ میں عیسائی لٹریچر اسلامی زبانوں میں نہ ہونے کے برابر تھا اور پھر مسلمان اور خصوصاً علماء فرنگی زبانوں سے نابلد تھے۔ ایسے میں مولانا رحمت اللہ کیرانوی کا استنبول میں بیٹھ کر ایسی کتاب لکھ دینا جس سے بہتر تو کیا اس کے برابر بھی چودھویں صدی میں باوجود اتنے علمی و تحقیقی وسائل کے ناممکن ہے یہ مولانا کی کرامت سے کم نہیں۔ مولانا کی سوا سو برس پہلے کی لکھی ہوئی کتاب آج بھی تقریباً حرف الخیر کی حیثیت رکھتی ہے۔'' (۲۷)

سید ابوالحسن علی ندوی رقم طراز ہیں:

> ''اظہار الحق میں، مؤلف نے دفاعی مؤقف کی بجائے حملہ آور ہونے کا مؤقف اختیار کیا ہے اور یہ مؤقف بہت ہی کارآمد ہوتا ہے کہ حریف کو دفاعی پوزیشن میں ڈال دیا جائے اور اس کو مجبور کیا جائے کہ وہ ملزم کے کٹہرے میں کھڑا ہو اور اپنی صفائی پیش کرے۔

پہلے علماء نے اس بات کو محسوس نہیں کیا تھا اور تورات وانجیل اور قرآن کو ہم پلہ سمجھ کر گفتگو کرتے تھے اس طرح ان صحفیوں کو وہ اہمیت حاصل ہو جاتی جس کے وہ یقیناً مستحق نہ تھے حالانکہ خود حاملین تورات وانجیل یہ تسلیم نہیں کرتے کہ قرآن کی طرح بغیر کسی تغیر و تبدل کے آسمانی صحیفوں کا امتیاز ان میں پایا جاتا ہے۔'' (۲۸)

شیخ محمد اکرام لکھتے ہیں:

''علمی تصنیف کے میدان میں ان کا بڑا کارنامہ اظہار الحق ہے جسے انہوں نے پادری فانڈر کی کتاب میزان الحق کے جواب میں لکھا اور جو مسیحی معترضین کے اعتراضات میں آج بھی اسلامی دنیا کی بہترین تصنیف سمجھی جاتی ہے۔'' (۲۹)

مولانا محمد قاسم نانوتویؒ (۱۲۴۸ھ۔۱۲۹۷ھ)

حجۃ الاسلام، مولانا محمد قاسم نانوتویؒ، دارالعلوم دیوبند کے بانی اور مولانا کیرانویؒ کے ہم عصر تھے۔ آپ نے بھی باطل فرقوں خصوصاً نصاریٰ، آریہ کی تردید اور دین حق کی ترویج میں بڑھ چڑھ کی حصہ لیا۔ آپ نے مقدمہ ''انتصار الاسلام'' میں انہی کلامی مسائل پر بحث کی ہے۔

آپ کے نمایاں مناظرے مندرجہ ذیل ہیں:

❶ چاندپور کے مذہبی اجتماع میں مباحثہ

شاہ جہان پور سے پانچ میل کے فاصلے پر چاندپور نامی قصبہ تھا، جس میں ۱۸۷۶ء میں مذہبی جلسہ بنام ''میلہ خداشناسی'' مقرر کیا، مسلمانوں، مسیحیوں اور ہندوؤں کا باہمی مباحثہ طے پایا، لالہ جی کمال ہوشیاری سے باہر ہو گئے۔ اصل گفتگو مسلمانوں اور عیسائیوں کے درمیان ہوئی۔ عیسائیوں کی طرف سے دیگر پادریوں کے علاوہ فرنگی پادری نولس بھی تھے جو چوٹی کے مناظر تھے۔ مسلمانوں کی طرف سے مولانا محمد قاسم نانوتویؒ، مولانا محمود الحسنؒ اور ابوالمنصور دہلویؒ تھے۔ پہلے دن پادری نے گفتگو کی دوسرے دن مولانا نے حقانیت اسلام پر وہ دلائل دیئے کہ پادری باہم کہتے تھے کہ ہم مغلوب ہو گئے۔ (۳۰)

❷ شاہجہان پور کا اجتماع

اس مناظرہ کے دوسال بعد ۱۸۷۸ء میں اہل اسلام اور باطل فرقوں کا مباحثہ طے ہوا جس میں پنڈت دیانندسرسوتی، منشی اندرمن، پادری جی ٹی اسکارٹ اور پادری نولس نے حصہ لیا، یہاں بھی لالے وقت کی نزاکت سے فائدہ اٹھا گئے، اصل گفتگو مولانا محمد قاسم نانوتویؒ اور پادریوں کے درمیان ہوئی، مولانا نے ایسے عقلی ونقلی دلائل دیئے کہ پادریوں سے کوئی جواب نہ بن پڑا، منشی پیارے لال نے کہا کہ:

''مولانا قاسم کا حال کیا بیان کیجئے ان کے دل پر علم کی دیوی بول رہی تھی۔'' (۳۱)

علاوہ ازیں مولانا محمد قاسم نانوتویؒ نے ایک پادری تاراچند سے بھی مناظرہ کیا۔

مولانا ابوالمنصور، ناصرالدین دھلوی (۱۸۲۳ء-۱۹۰۳ء)

مولانا سید ناصرالدین کا اصل وطن قصبہ سید آباد عرف درائی پور تھا۔ مگر ان کے والد سید محمد علی ناگ پور ریذیڈنسی میں منشی تھی۔ مروجہ علوم اپنے والد اور دادا سے حاصل کیے بعد ازاں کچھ عرصہ نواب جہانگیر خاں رئیس بھوپال کی مصاحبت میں رہے۔ اس کے علاوہ عمر بھر کوئی ملازمت نہ کی اور ہمہ تن تصنیف وتالیف اور تبلیغ میں مصروف رہے۔ زندگی کا ایک حصہ انہوں نے دہلی میں گذارا۔ اسی کے باعث دہلوی کہلوائے اور یہیں فوت ہوئے (۳۲) مولانا ابوالمنصور دہلوی کی مندرجہ ذیل کتب مطالعہ مسیحیت کے حوالے سے یادگار ہیں:

۱۔ نوید جاوید: نصرت المطابع دہلی، ۱۲۹۶، صفحات ۶۳۲ (اسلام پر ان اعتراضات کا جواب ہے جو ازروئے عقل کیے جاتے ہیں۔)

۲۔ عقوبۃ الضالین: نصرت المطابع دہلی، ۱۸۶۵ء صفحات ۱۹۶، (پادری عماد الدین کی کتاب ہدایت المسلمین کا جواب ہے جو مولانا رحمت اللہ کیرانوی کی اعجاز عیسوی کی تردید میں تالیف کی گئی ہے۔)

۳۔ لحن داؤدی: میسور پریس دہلی، ۱۲۸۹ھ، صفحات ۳۲، (پادری عماد الدین اور مجتہد لکھنوی کے درمیان تحریری مناظرہ ہوا جسے پادری نے نغمہ طنبوری کے نام سے مرتب کیا۔ مجتہد لکھنوی مولانا ابوالمنصور نے نغمہ طنبوری کا جواب لحن داؤدی، تحریر کیا۔)

۴۔ تصحیح التاویل: (پادری عمادالدین کی تفسیر مکاشفات پر تنقید وتبصرہ ہے)

۵۔ استیصال: نصرت المطابع ۱۲۹۱ھ، صفحات ۶۷، (پادری رام چندر کے رسالہ مسیح الدجال پر محاکمہ ہے)

۶۔ اعزاز قرآن: (پادری رام چندر کے رسالہ اعجاز قرآن پر تنقید وتبصرہ ہے)

۷۔ انعام عام: مطبع فاروقی دہلی، ۱۲۹۳ھ، صفحات ۴۸، (پادری رجب علی کے رسالہ آئینہ اسلام کا جواب ہے۔)

۸۔ افحام الخصام: نصرت المطابع دہلی، ۱۲۹۳ھ، صفحات ۱۲۸، (پادری راجرز کی تالیف تفتیش الاسلام کا جواب ہے۔)

۹۔ میزان المیزان: نصرت المطابع دہلی، ۱۲۹۴، صفحات ۱۶۰، (مولانا ابوالمنصور نے اس کتاب میں پادری فانڈر کی تالیف میزان الحق کا جواب دیا ہے۔)

۱۰۔ مصباح الابرار: نصرت المطابع دہلی، (پادری فانڈر کی تالیف مفتاح الاسرار کا جواب ہے۔)

۱۱۔ رقیمۃ الوداد: نصرت المطابع دہلی، ۱۲۹۷ھ، صفحات ۴۷، (پادری صفدر علی کے رسالہ نیاز نامہ کا جواب ہے۔)

۱۲۔ حرز جان: پادری عبداللہ آتھم کے رسالہ اصلیت قرآن کا جواب ہے۔

۱۳۔ تبیان: پادری صاحبان کے بارہ سوالوں کا جواب ہے۔

۱۴۔ احسن الدلیل فی معلومات توریت وانجیل۔

۱۵۔ تشویش القسیس: رسالہ اصل وافزائش وزوال دین محمدی کا جواب ہے۔

۱۶۔ ضمیمہ تنقیح البیان۔(۳۳)

مولانا عبدالحق حقانی (۱۸۴۹ء۔۱۹۱۷ء)

فن مناظرہ میں خاص ملکہ حاصل تھا اسی وجہ سے امام المناظرین کہلوائے، ابتدأ ندوۃ العلماء لکھنو میں تبلیغی شعبہ قائم کیا۔ بعدازاں مسیحی مشنریوں کا جواب دینے کے لیے خاص خاص مسلمانوں کو اکٹھا کیا۔ چنانچہ ۱۹۱۳ء میں مولانا ہی کے زیر صدارت، انجمن حمایت اسلام قائم ہوئی۔

تالیفات

مولانا نے مناظرہ کے میدان میں خاص طور پر ردنصاریٰ میں بہت سے کتب و رسائل تصنیف کیے جن میں سے چند ایک درج ذیل ہیں۔

① البیان فی علوم القرآن: یہ تفسیر حقانی کا ضخیم مقدمہ ہے جس میں نہ صرف قرآنی علوم کی مبادیات پر بحث کی گئی ہے بلکہ اس دور کے تہذیبی اور کلامی مسائل پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔

② فتح المنان المعروف بہ تفسیر حقانی: انیسویں صدی کی ابتداء ہی سے ایک طرف عیسائیوں نے اسلام اور قرآن کے خلاف زہریلا پروپیگنڈہ شروع کر دیا اور دوسری طرف سائنسی ترقیوں سے مرعوب ہو کر بعض لوگوں کا خیال تھا کہ قرآن سائنسی تعلیمات کے خلاف ہے۔ چنانچہ آپ نے اس تفسیر میں ان دونوں پہلوؤں سے بالخصوص اور دیگر کلامی مباحث سے بالعموم اعتناء کیا ہے۔

③ تحریف القرآن: مطبع مجتبائی دہلی، ۱۲۹۵ھ، صفحات ۲۰، (ماسٹر رام چندر کے رسالہ تحریف القرآن کا جواب ہے۔)

④ احقاق حق۔

⑤ شہاب ثاقب۔

⑥ عقائد الاسلام۔

مولانا سید محمد علی مونگیریؒ (۱۸۴۶ء۔۱۹۲۷ء)

ندوۃ العلماء کے بانی، محمد علی مونگیری کی علمی اور فقہی بصیرت کا اعتراف حاجی امداد اللہ مہاجر مکی نے بھی کیا ہے۔ ۱۸۸۳ء میں ندوۃ العلماء کی بنیاد رکھی جو نہ صرف ہندوستان میں بلکہ پورے عالم اسلام کا ایک منفرد ادارہ تھا۔ کمالات محمدیہ، سے پتہ چلتا ہے کہ مولانا کو عیسائیت کے خطرہ کا علم اس وقت ہوا جب مدرسہ علی گڑھ کے دو طالب علم پادری عماد الدین کے پیدا کردہ شکوک وشبہات کا شکار ہو گئے۔ آپ نے انہیں دلائل سے قائل کر لیا اور مولانا آل حسن کی تالیف، استفسار، کا مطالعہ تجویز کیا۔ (۳۵)

مسیحیوں کے خلافِ اسلام پروپیگنڈے کا جواب دینے کے لیے ۱۸۷۳ء میں ایک اخبار ''منشورِ محمدی'' بھی جاری کرایا۔ جس طرح اللہ تعالیٰ نے مولانا رحمت اللہ کیرانویؒ کے لیے معاون و مددگار ڈاکٹر وزیر خاں کو کھڑا کیا اسی طرح مولانا محمد علی کے لیے شیخ مولا بخش کو کھڑا کر دیا۔ شیخ مولا بخش نے اس امر کا صاف اعتراف کیا ہے جو کچھ ہے سب مولانا کا فیض اور برکت ہے۔ مزید لکھتے ہیں:

> ''مولانا رحمت اللہ کیرانویؒ کے بعد علماء میں سے بجز مولانا ممدوح کے کسی کو کامل توجہ اس طرف نہیں ہوئی مولانا ممدوح کی تحریر میں بڑی خوبی یہ ہے کہ جواب تحقیقی، ایسی عمدگی اور مہذبانہ طور سے ہوتا ہے کہ ہر ایک صاحب حق کو اس سے تسلی ہو جاتی ہے۔'' (۳۶)

ردعیسائیت میں مولانا کی مندرجہ ذیل کتب ہیں:

① مرأۃ الیقین: یہ کتاب مولانا کی سب سے پہلی تالیف ہے۔ پادری عماد الدین کی کتاب ''ہدایت المسلمین'' کا رد ہے۔

② ترانۂ حجازی: یہ کتاب ۱۸۷۸ء میں شائع ہوئی۔ پادری عماد الدین کی کتاب ''نغمہ طنبوری'' کے جواب میں سے ہے۔ اس میں جہاد کا اسلامی تصور، نبوت محمدی کا ثبوت، عصمت انبیاء اور قرآن مجید کا توریت و انجیل سے ماخوذ نہ ہونا ثابت کیا ہے۔

③ آئینہ اسلام: یہ کتاب مولانا کے قیام حیدر آباد کے دوران ۱۸۸۰ء میں شائع ہوئی۔ اس میں پادری صفدر علی کے ''نیاز نامہ'' کا جواب ہے۔

④ دفع التعلیقات: طبع نامی کانپور ۱۲۸۲ھ، صفحات ۱۷۴، پادری عماد الدین کی کتاب تعلیقات کے جواب پر مشتمل ہے۔

⑤ پیغام محمدی: مطبع رحمانیہ مخصوص پور ۱۳۰۸ھ، صفحات ۳۳۴، مولانا کی مشہور اور معرکۃ الاراء کتاب ہے جسے مولانا رحمت اللہ کیرانویؒ کی تالیف، اعجاز عیسوی یا اظہار الحق سے تشبیہ دی جا سکتی ہے۔ یہ کتاب مولانا نے پادری ٹھاکر داس کی کتاب عدم ضرورت قرآن اور پادری صفدر علی کے نیاز نامہ کے جواب میں لکھی ہے۔

مولانا سید محمد علی کی تالیفات کی ایک خاص بات یہ ہے کہ وہ مسیحیوں کے مستند مآخذ کے حوالہ سے رد کرتے ہیں ان کا تاریخی مطالعہ اس موضوع پر بڑا وسیع معلوم ہوتا ہے۔ دوسری طرف ان کی یہ کوشش ہوتی ہے کہ ردعیسائیت پر ہی اکتفاء نہ ہو بلکہ اسلام کو ان کے سامنے دلنشین اور علمی طریقہ پر پیش کیا جائے اور مثبت پہلوؤں کو بھی اچھی طرح سامنے لایا جائے۔ (۳۸)

مولانا اشرف الحق صدیقی دہلوی (۱۸۶۷ء۔۱۹۳۶ء)

مولانا اشرف الحق دہلوی، معروف مورخ امداد صابری کے والد گرامی ہیں، دہلی کے محلّہ چوڑیوالاں میں پیدا ہوئے۔ مولانا رحیم بخش سے ابتدائی تعلیم حاصل کی۔ بعدازاں پنجاب یونیورسٹی سے منشی فاضل کا امتحان پاس کیا۔ اگرچہ ابتداء ہی سے مطالعہ مسیحیت اور مناظرہ میں دلچسپی تھی لیکن اپنے استاذ مولانا الطاف حسین حالی کے کہنے پر پہلے تعلیم کی تکمیل اور اس کے بعد مناظرانہ شوق کی تسکین کا مشورہ دیا۔ چنانچہ مولانا اشرف الحق دارالعلوم دیو بند گئے وہاں مولانا محمد یعقوب نانوتوی، مولانا محمود الحسن اور مولانا سید احمد سے استفادہ کیا۔ دورۂ حدیث مولانا رشید احمد گنگوھی سے کیا۔ (۳۹)

مولانا اشرف الحق کو زبانوں کی تحصیل سے خصوصی دلچسپی تھی۔ بچپن ہی میں ہندی اور سنسکرت سیکھ لی مولانا عبدالحکیم افغانی سے پشتو اور مولانا ابوالخیر سے ترکی زبان سیکھی۔ پادریوں سے گفتگو اور مطالعہ مسیحیت کے سلسلہ میں عبرانی اور یونانی زبانوں کی ضرورت محسوس ہوئی چنانچہ ایک یہودی عالم سے مذکورہ دونوں زبانیں سیکھیں۔ (۴۰)

مولانا کیرانویؒ سے استفادہ

۱۳۰۵ھ/ ۱۸۸۸ء میں مولانا اشرف الحق پہلی بار حج کے لیے مکہ معظّمہ گئے وہاں پر مولانا رحمت اللہ کیرانوی، اگرچہ ان کی بینائی زیادہ اچھی نہ تھی تاہم ان سے علمی استفادہ کیا اور مولانا نے انہیں مناظرہ کی باقاعدہ اجازت تحریری سند کی صورت میں دی۔

پادریوں سے مناظرے

مولانا اشرف الحق نے پادریوں سے درج ذیل مناظرے کیے:

مناظرۂ غازی پور: ۸ مارچ ۱۸۸۵ء کو پادری ای۔ بیٹرک، پرنسپل مشن سکول غازی پور سے مناظرہ ہوا۔ موضوع گفتگو حضور اکرم ﷺ کی نبوت و رسالت کی حقانیت تھا۔(۴۱)

مناظرہ دہلی : کیمبرج سکول کے پادری جارج الفرڈ لیفرائے اور پادری پیلاٹن سے ۱۸۹۱ء میں مناظرہ ہوا۔ بائبل کی تحریف، اور اختلافات مناظرے کے موضوع تھے۔

مناظرات حیدر آباد: ۱۸۹۲ء میں پادری ایم۔ جی گولڈسمتھ کے ساتھ مولانا اشرف الحق کو متعدد بار گفتگو کا موقع ملا۔

مناظرہ پونہ : ۱۸۹۳ء کو چرچ مشنری کے پادری جی اسمال سے مولانا اشرف الحق کا مباحثہ ہوا، ابنیت مسیح، الوہیت مسیح، مناظرے کے موضوع تھے۔(۴۲)

تصنیف وتالیف

مولانا اشرف الحق کی کتابوں کو دو حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔ اولاً مناظروں کی روداد یں، ثانیاً مستقل بالذات تحریریں۔ پہلے حصے میں چار کتابیں ہیں۔

① مناظرۂ غازی پور۔ اردو اور انگریزی میں الگ الگ شائع ہوا۔

② البحث الجلیل باثبات التعارض النبوۃ والتحریف فی الانجیل المعروف بہ مباحثہ دہلی، مطبع انصاری۔

③ حیدر آباد میں خدمت دینی، اکمل المطابع دہلی۔

④ براہین الٰہیہ، المعروف بہ مباحثہ پونا، اکمل المطابع دہلی۔

⑤ استیصال دین عیسوی، مطبع جلالی الہ آباد۔

⑥ ترجمہ انجیل برناباس۔

⑦ تحفۃ البشیر لاعلاء کلمۃ البصیر المعروف بہ دینی مناظرہ ہمکنڈہ دہلی، ۱۸۹۴ء۔ (۴۳)

مولانا ثناءاللہ امرتسریؒ (۱۸۶۸ء۔۱۹۴۸ء)

ابوالوفاء مولانا ثناءاللہ امرتسری نے دارالعلوم دیوبند اور کان پور سے علوم کی تکمیل کی۔

خود لکھتے ہیں:

''کان پور سے فارغ ہوتے ہی میں اپنے وطن پنجاب پہنچا، مدرسہ تائیدالاسلام امرتسر میں کتب درسیہ نظامیہ کی تعلیم پر مامور ہوا۔ طبیعت میں تجسس زیادہ تھا اس لیے ادھر ادھر سے ماحول کے مذہبی حالات دریافت کرنے میں مشغول رہتا میں نے دیکھا کہ اسلام کے سخت مخالف بلکہ سخت ترین مخالف عیسائی اور آریہ گروہ ہیں انہی دنوں قریب میں ہی قادیانی تحریک بھی پیدا ہو چکی تھی جس کا شہرہ ملک میں پھیل چکا تھا۔'' (۴۴)

مولانا ثناءاللہ امرتسری نے مسیحیت، آریہ سماج اور قادیانیت کی تردید میں اپنے قلم و زبان کو استعمال کیا۔ یہاں ان کے مطالعہ مسیحیت کا جائزہ لیا جاتا ہے، لکھتے ہیں:

''دورانِ تلاش سب سے پہلے قابل توجہ کتاب پادری ٹھاکر داس کی ''عدم ضرورت قرآن'' پر پڑی جس کے جواب میں نے تقابل ثلاثہ (تورات، انجیل اور قرآن) تحریر کی۔ علاوہ ازیں میں نے متعدد کتابیں ان کے جواب میں لکھیں جن کے مجموعے کا نام جوابات نصاریٰ (مطبوعہ امرتسر ۱۹۶۰ء) ہے یہ کتاب پادری برکت اللہ کی تین کتب توضیح القرآن، مسیحیت کی عالمگیری اور دین فطرت کا جواب ہے۔'' (۴۵)

مولانا ثناءاللہ کو تصنیف و تالیف کے علاوہ مباحثہ و مناظرہ سے خاص دلچسپی تھی وہ ابن تیمیہ کی کتاب العقل کے حوالے سے لکھتے ہیں:

''جو عالم اپنے زمانے کے ملحدین اور مبتدعین کو جواب نہ دے وہ عالم نہیں، یہی علم الکلام ہے۔'' (۴۶)

مسیحیوں سے آپ کے مندرجہ ذیل مناظرے مشہور ہوئے:

① مناظرۂ لاہور : ۱۹۱۰ء میں پادری حوالا سنگھ سے مناظرہ ہوا۔ پادری موصوف نے اپنی شکست کا اعتراف کیا اور پورا ایک عیسائی خاندان مسلمان ہوگیا۔

② مناظرۂ ہوشیار پور: ۱۹۱۶ء میں یہ مناظرہ بھی حوالا سنگھ سے ہوا۔

③ مناظرۂ گوجرانوالہ: ۱۹۲۶ء میں پادری سلطان محمد پال سے مسئلہ توحید پر ہوا۔

④ مناظرۂ حافظ آباد: ۱۹۲۶ء میں پادری سلطان محمد پال مناظر تھے جب وہ بے بس ہوگئے تو پادری عبدالحق کو بلایا وہ بھی مات کھا گئے مناظرہ کا موضوع تھا ''توحید اور الوہیت مسیح''۔

⑤ مناظرۂ الہ آباد: ۱۹۳۵ء میں یہ مناظرہ بھی عبدالحق سے ہوا، موضوع الوہیت مسیح تھا اس نے مناظرہ میں یہاں تک کہہ دیا، ہم الوہیت مسیح کے قائل نہیں۔ (۴۷)

سید سلیمان ندوی لکھتے ہیں:

> ''اسلام اور پیغمبر کے خلاف جس نے بھی زبان کھولی اور قلم اٹھایا، اس کے حملے کو روکنے کے لیے ان کا قلم شمشیر بے نیام ہوتا تھا اور اسی مجاہدانہ خدمت میں انہوں نے عمر بسر کردی۔'' (۴۸)

عبدالماجد دریا آبادیؒ (م: ۱۹۷۷ء)

مولانا عبدالماجد کی نظر مذاہب عالم پر جس قدر گہری تھی اس کا اندازہ ان کی اردو/ انگریزی تفاسیر سے بخوبی ہو جاتا ہے۔ مستشرقین میں سے بعض قرآن اور ماسبق صحف یعنی تورات وانجیل کے بعض مشترک اور مماثل مضامین دیکھ کر تعصب یا تسامح کی بنیاد پر یہ فیصلہ کر بیٹھے کہ حضور اکرم ﷺ نے عیسائی پادریوں اور یہودی راہبوں سے کتب قدیم کے قصص اور مضامین سن کر قرآن مجید میں اضافہ کر لیے ہیں گویا قرآن کا بیشتر مواد ماخوذ ہے ان کی نگاہ اس پر نہ جا سکی کہ کتب سابقہ اور قرآن میں اشتراک مضامین اگر بعض جگہ ہے تو اس کا سبب یہ ہے کہ کتب سماوی کا منبع اور سرچشمہ مشترک ہے علاوہ ازیں ان قصص میں باہمی اختلاف بھی کم نہیں۔

مولانا عبدالماجد نے ایسے مضامین قرآن کے دوش بدوش عہد نامہ جدید وقدیم کے حوالے دے کر ایسے مضامین کے اختلاف کوالم نشرح کیا ہے اور بتایا ہے کہ محرف کتب سماویہ کو قرآن کے ثابت وصحت مند کلام سے کوئی نسبت نہیں اس سے جہاں قرآن کی صداقت تامہ ثابت ہوتی ہے۔ وہیں یہودیت وعیسائیت کی تحریفات بھی بے نقاب ہوتی ہیں اور اسلام کا نقش دل میں اور گہرا ہوتا چلا جاتا ہے۔

مولانا دریا آبادی نے تاریخی حیثیت سے قصص القرآن کی صحت ثابت کی ہے جیوش انسائیکلو پیڈیا اور اناجیل کی روایات پر تنقید کر کے دوسری تحقیقات کو ثبوت میں پیش کرتے ہوئے قصص قرآنی کی واقفیت کو دکھایا ہے۔

سورۃ الاعراف میں جہاں انبیائے سابقین کے تذکرے ہیں۔ان کی تفسیر میں مولانا نے تحقیق کا اعلیٰ ترین معیار قائم رکھتے ہوئے قرآن کریم کی بیان کردہ تفصیل کو صحت سے ثابت کیا ہے۔ (۴۹)

مذکورہ بالا متکلمین کے علاوہ سر سید احمد خان (م ۱۸۹۸)، مولانا عنایت رسول چڑیا کوٹی (م:۱۹۰۱) اور مولانا محمد ادریس کاندھلوی (م:۱۹۷۴) نے بھی مسیحی علم الکلام پر قابل قدر بحثیں پیش کی ہیں۔

حوالہ جات وحواشی

۱۔ تومارسول (اعمال:۱:۱۲) مسیحی مورخین کے مطابق ۴۸ء ٹیکسلا آئے، چار سال یہاں تبشیری کام کیا۔۹۲ء میں مدراس کی پہاڑیوں پر انہیں شہید کر دیا گیا۔تفصیلات کے لیے دیکھیے: برکت اللہ، آرچ ڈیکن صلیب کے ہراول، پنجاب ریلیجیس بک سوسائٹی، انارکلی لاہور، ۱۹۵۸ء، حصہ دوم، ص ۱۰۶

۲۔ دربار اکبری میں تین مسیحی وفود بالترتیب ۱۵۸۰ء، ۱۵۹۲ء، ۱۵۹۴ء میں آئے، مزید دیکھیے:

Edward, Maclagan, The Jesuits and the great mughal London, 1932,p23.

۳۔ بدیوانی، عبدالقادر، منتخب التواریخ، کلکتہ، ۱۸۶۹ء، ج ۲، ص ۲۶۹، نیز ملاحظہ ہو: محمد اسلم، دین الٰہی اور اس کا پس منظر، ندوۃ المصنفین (طبع اوّل) دہلی ۱۹۶۹ء ص ۱۷۲

۴۔ برکت اللہ، آرچ ڈیکن، مغلیہ سلطنت اور مسیحیت، پنجاب ریلیجیس بک سوسائٹی، انارکلی لاہور، ۱۹۵۸ء ص ۲

۵۔ محمد میاں، سید، علماء ہند کا شاندار ماضی، مکتبہ رشیدیہ کراچی ۱۹۹۲ء، جلد ۲، ص ۱۔۳

6- The Indian War of Independance, p51,52.

۷۔ داس، ایس۔ کے، پادری، تاریخ کلیسائے پاکستان، بار سوم، جے۔ ایس پبلی کیشنز، فیروز پور روڈ، لاہور، ۱۹۹۶ء، ص ۸۵۔

۸۔ گارساں دتاسی، خطبات، مولوی عبدالحق، مترجم، انجمن ترقی اردو، پاکستان، کراچی، ۱۹۷۴ء، حصہ دوم، ص ۶۰۔

۹۔ احمد خان، سرسید، اسباب بغاوت ہند، باردوم، اردو اکیڈمی، سندھ، کراچی، ۱۹۸۶ء، ص ۱۲۷

۱۰۔ ابوالحسن علی ندوی، مولانا رحمت اللہ کیرانوی، مجلّہ البعث الاسلامی، (لکھنو) عدد ۹، جمادی الآخر ۱۳۹۹ھ ص ۵۶۔

۱۱۔ تفصیلات کے لیے ملاحظہ ہو: فانڈر، سی، جی، میزان الحق، باردوم، پنجاب ریلیجیس بک سوسائٹی، انارکلی لاہور، ۱۹۶۲ء، صفحات ۳۳۱، ۳۳۶، ۴۰۴، ۴۰۸، عماد الدین پانی پتی، تحقیق الایمان، طبع اوّل، مطبع آفتاب پنجاب لاہور، ۱۸۶۶ء ص ۳۵۔۳۷

۱۲۔ علامہ ڈاکٹر خالد محمود نے مذکورہ کتاب کو لاہور سے جدید انداز میں شائع کیا ہے۔کتاب کے شروع میں ضخیم مقدمہ تحریر کیا ہے جو مسیحیت کی تاریخ، کتب مقدس کے ناقدانہ جائزہ پر مشتمل ہے۔تفصیلات کے لیے دیکھیے: موہانی، آل حسن سید، کتاب الاستفسار، دارالمعارف اردو بازار، لاہور۔

۱۴۔ نفس مصدر، (مقدمہ)

۱۵۔ نفس مصدر، ص۱۲، ۱۳۔

۱۶۔ محمد سلیم، سید، مغربی زبانوں کے ماہر علماء، ادارہ تعلیمی تحقیق لاہور، ۱۹۹۳ء، ص۸۴۔

۱۷۔ ملاحظہ ہو: وزیر خاں، اکبر آبادی، ڈاکٹر، مباحثہ مذہبی، مطبعہ منعمیہ، اکبر آباد، ۱۲۷۰ھ، وزیر خاں، اکبر آبادی، خطوط، مطبع نورافشاں، آگرہ، ۱۸۵۶ء

۱۸۔ مولانا رحمت اللہ کیرانویؒ کے تفصیلی حالات کے لیے دیکھیے: محمد سلیم، مولانا ایک مجاہد معمار، دفتر مدرسہ صولتیہ پوسٹ بکس نمبر۱۱۴، مکہ معظمہ، امداد صابری، آثار رحمت، حوالہ مذکور۔

۱۹۔ پادری فانڈر کے حالات کے لیے دیکھیے: ایس۔ کے۔ داس، تاریخ کلیسائے پاکستان، حوالہ مذکور، ص۱۸۴، غلام محی الدین ہید، پادری سی۔ جی۔ فنڈر، ذکر وفکر (دہلی) ۴: ۵، ۶، ستمبر، اکتوبر ۱۹۸۸ء، ص۸۶۔۹۰۔

۲۰۔ Powell, A.A, Maulana Rahmat Allah Kairaviand Muslim, Christian Controvorsy in Indiain the Mid.19th Century, J.R.S.A.1976.

۲۱۔ وزیرالدین بن شرف الدین، البحث الشریف فی اثبات النسخ والتحریف، فخر المطابع، دہلی، ۱۲۷۰، ص۱۸، ۱۹۔

۲۲۔ مناظرۂ اکبر آباد کی تفصیل کے لیے دیکھیے: وزیرالدین بن شرف الدین، البحث الشریف فی اثبات النسخ والتحریف، حوالہ مذکور، اکبر آبادی، عبداللہ، سید (مرتبہ) مباحثہ مذہبی (حصہ اول) مطبعہ منعمیہ اکبر آباد، ۱۲۷۱ھ، ملکاوی، عبدالقادر، المناظرۃ الکبریٰ، المطابع الصفا بمکۃ، الریاض: ۱۴۱۰ھ۔

۲۳۔ کیرانوی، رحمت اللہ، ازالۃ الاوہام، مطبع سید المطابع، شاہجہان آباد، دہلی، ۱۹۲۹ھ۔

۲۴۔ کیرانوی، رحمت اللہ، مولانا، اعجاز عیسوی، (پیش لفظ، از محمد تقی عثمانی) ادارہ اسلامیات، لاہور (س۔ن) ص۱۰۔

۲۵۔ تفصیل کے لیے دیکھیے: کیرانوی، رحمت اللہ، مولانا، ازالۃ الشکوک، مطبع احسن المطابع، مدارس، ۱۳۲۶ھ۔

۲۶۔ تفصیلات کے لیے دیکھیے: کیرانوی، رحمت اللہ، مولانا، اظہار الحق، الادارۃ العامۃ للطبع والترجمہ، الریاض، ۱۴۱۰ھ، بائبل سے قرآن تک (ترجمہ) دارالعلوم کراچی، ۱۹۹۲ء۔

۲۷۔ محمد حمید اللہ، ڈاکٹر، حضرت مولانا رحمت اللہ کیرانوی کی کتاب اظہار الحق اوراس کا اردو ترجمہ، ماہنامہ البلاغ، (کراچی) ۷: ۳، مئی ۱۹۷۲ء، ص۲۰۔

۲۸۔ ندوی، ابوالحسن علی، سید، اظہار الحق اور اس کے مولف حضرت مولانا کیرانوی۔ ذکر وفکر (دہلی) حوالہ مذکور ص۲۳

۲۹۔ محمد اکرام، شیخ، موج کوثر، ادارہ ثقافت اسلامیہ، ۲ کلب روڈ، لاہور، ۱۹۸۲ء ص۱۵۷

۳۰۔ تفصیل کے لیے دیکھیے: نانوتوی، محمد قاسم، گفتگوئی، مذہبی اور واقعہ میلہ خداشناسی، مطبع مجتبائی دہلی، ۱۳۲۴ھ۔

۳۱۔ ملاحظہ ہو: مباحثہ شاہجہان پور بماہ، ۱۹۱۴ء، مطبع مجتبائی، دہلی۔

۳۲۔ راہی، اختر، سید ناصر الدین ابوالمنصور دہلوی اور مسیحی، مسلم مناظراتی ادب، عالم اسلام اور عیسائیت (اسلام آباد) ص۹۔

۳۳۔ ایضاً،ص ۱۰،۱۱۔

۳۴۔ عقائدالاسلام مع حیاتِ حقانی،ص ۱۱،۱۲۔

۳۵۔ مظفر اقبال، سید، علماء برصغیر اور مطالعہ مسیحیت، مولانا سید محمد علی مونگیری، عالم اسلام اور عیسائیت (اسلام آباد) ۵:۲، فروری ۱۹۹۵ء ص ۱۲،۱۴۔

۳۶۔ کانپوری، مولا بخش، مراسلاتِ مذہبی، مطبع نامی کانپور، ۱۹۸۸ء ص ۳۔

۳۷۔ عبدالحق، مولوی (مرتب) قاموس الکتب (اردو) انجمن ترقی اردو پاکستان، کراچی، ۱۹۶۱ء، ص ۸۲۰،۸۲۱۔

۳۸۔ مظفر اقبال، سید، علمائے برصغیر اور مطالعہ مسیحیت، مولانا سید محمد علی، مونگیری، حوالہ مذکور، ص ۱۳،۱۴۔

۳۹۔ صابری، امداد، مولانا، آثارِ رحمت، حوالہ مذکور، ص ۳۹۲،۳۹۳۔

۴۰۔ ایضاً، ۳۹۳،۳۹۴۔

۴۱۔ اختر راہی، علمائے برصغیر اور مطالعہ مسیحیت، مولانا اشرف الحق، دہلوی، عالم اسلام اور عیسائیت (اسلام آباد) ۵:۸، اگست ۱۹۹۵ء، ص ۱۲۔۱۷۔

۴۲۔ امداد صابری، آثار رحمت، حوالہ مذکور، ص ۴۰۰، ۴۰۱۔

۴۳۔ ایضاً، ص ۴۰۶

۴۴۔ عراقی، عبدالرشید، تذکرہ ابوالوفاء، ندوۃ المحدثین اسلام آباد، گوجرانوالہ، ۱۹۸۴ء، ص ۶۵۔

۴۵۔ اختر راہی، مولانا ثناء اللہ امرتسری اور مطالعہ مسیحیت، ماہنامہ، عالم اسلام اور عیسائیت (اسلام آباد) ۲:۳، مارچ ۱۹۹۲ء، ص ۵۔

۴۶۔ راز، محمد داؤد، فتاویٰ ثنائیہ، ادارۂ ترجمان السنہ، لاہور، ۱۹۷۲ء، ج ۱، ص ۲۵ (دیباچہ)

۴۷۔ عراقی، عبدالرشید، تذکرہ ابوالوفاء، حوالہ مذکور، ص ۳۰

۴۸۔ ندوی، سلیمان سید، مولانا ثناء اللہ امرتسری، ماہنامہ معارف (اعظم گڑھ) ۵:۶۱، مئی ۱۹۴۸ء، یادرفتگاں، کراچی، ۱۹۵۵ء ص ۴۳۱۔

۴۹۔ ندوی، عبداللہ عباس، ڈاکٹر تفسیر ماجدی (انگریزی) کا ایک مطالعہ، ذکر ماجد، جنوری ۱۹۸۱ ج ص ۳۶

زرتشت، حالاتِ زندگی، تعلیمات وکتب

محمد سجاد *

کسی بھی ملک کے باشندوں کی طرزِ معاشرت اوران کے سیرت وکردار پر جغرافیائی حالات کا بہت گہرا اثر ہوتا ہے۔اس لیے قبل از زرتشت ایران کے مختلف مذاہب اور سماجی رسوم کا جاننا بہت ضروری ہے تاکہ زرتشت کے حالات اور تعلیمات کی حقیقت صحیح طور پر معلوم ہو سکے۔

ہر تہذیب وتمدن اور ثقافت میں کچھ خوبیاں اور کچھ خامیاں ہوتی ہیں۔اگر اس تہذیب میں خوبیاں زیادہ ہوں تو وہ اچھی شمار کی جاتی ہے اور اگر خامیاں اور خرابیاں زیادہ ہوں تو قبیح شمار ہوتی ہیں۔یہی حال قبل از زرتشت ایرانیوں کا تھا۔چونکہ ان کی خوبیاں ان کی خامیوں سے کم تھیں۔اس لیے اس تہذیب کو برا خیال کیا جاتا ہے۔

جہاں تک قدیم ایران کے باشندوں کی خوبیوں کا تعلق ہے تو ان میں ایک خوبی یہ تھی کہ یہ لوگ جھوٹ سے نفرت کرتے تھے اور دوسری یہ کہ مقروض ہونا بھی پسند نہیں کرتے تھے۔اس کی وجہ یہ تھی کہ اکثر مقروض کو جھوٹ بولنے پر مجبور کیا جاتا ہے۔

ایرانی قدیم کا مذہب

ہندوستانی آریایوں کو ایرانیوں کے آباؤاجداد سندھ اور پنجاب وایران میں ہجرت سے پہلے کوہ ہندوکش کے شمال میں بلند علاقوں پر رہتے تھے۔پھر ان کے آباؤاجداد نے پنجاب، سندھ اور میڈیا کی طرف ہجرت کی اور اس طرح اس خطے میں پھیلتے چلے گئے۔چونکہ یہ شروع میں ایک قوم تھے۔اس لیے ان کا مذہب بھی ایک تھا۔لیکن بعد میں اس میں کچھ تبدیلی ضرور آئی، لیکن مشابہت برقرار رہی۔

---

* اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ اسلامی فکر، تاریخ وتہذیب، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

مظاہر پرستی

قبل از زرتشت ایران کے لوگ ہندوستان کے آریوں کی طرح مظاہر قدرت کی پوجا کرتے تھے۔ مثلاً سورج، چاند، ستارے، آگ، پانی، طوفان، زمین وغیرہ چنانچہ ایک انگریز مصنف J.B.Noss لکھتے ہیں کہ:

"The Common people worshipped powers known as devas or shining ones of the veda. They were personifactions of the powers of nature, sun, moon, stars, earth, fire, water, and winds.(1)

''عام لوگ، ان دیوتاؤں کی پوجا کرتے تھے۔ جن کا ذکر ''ویدوں'' (ہندوؤں کی مقدس کتب) میں ہوا ہے اور یہ مظاہر قدرت مثلاً سورج، چاند، ستارے، زمین، آگ، پانی اور ہوا وغیرہ کی قوتوں کے مجسمے تھے۔''

قدیم ایرانیوں کے دیوتا

ہندوؤں کے رگ وید میں دیوتاؤں کو، دیوا (Deva) کہا گیا ہے۔ اور ایران میں بھی اسی طرح دیوتاؤں کو (Deva) کہتے ہیں۔ ہندوستانی دیوتا ''مترا'' (Mitra)، وایو (Vayu)، اور ''یام'' (Yama) ایرانیوں دیوتاؤں متھرا (Mithra) ویٹا (Vata) اور یامہ (Yama) کے مشابہہ ہیں۔ اس بارے میں E.G. Prinder لکھتے ہیں کہ:

The aneient religion of persia was similar to that of the aryan Indians...... In speaking of the Hinduism it was seen that the Rigvada, Called Gods deva."(2)

''اہل فارس کا قدیم مذہب، ہندوستان کے آریاؤں جیسا تھا۔ ہندومت میں ''رگ وید'' میں بھی دیوا کو دیوتا کے نام سے موسوم کیا جاتا تھا۔''

آریا تمام مظاہر فطرت کی پوجا کرتے تھے۔ چونکہ ہندوستانی اور ایران کے قدیم لوگ عرصے تک مشترکہ مذہب اور مشترکہ ثقافت میں حصہ لیتے رہے۔ اس لیے ایرانیوں اور ہندوستانیوں کے مذاہب میں مشترکہ عادات پائی جاتی ہیں۔ اس لیے ان میں دیوتاؤں کے نام بھی تقریباً ایک ہی جیسے تھے۔ جیسے ہندوستانیوں کا ''آشورا'' اور ایرانیوں کا ''آھورا'' ہے۔

آگ کی پوجا

اگرچہ ایرانیوں میں ''اگنی'' دیوتا کا تصور موجود نہیں تھا تاہم براہ راست آگ کا احترام اور اس کی پوجا کی جاتی تھی۔ دیوتاؤں سے قربانیاں دیتے وقت آگ جلائی جاتی تھی۔ جس طرح ہندوستان کے بہت سے معبودانِ باطل موجود تھے اسی طرح اہل ایران بھی اپنے معبودانِ باطلہ کی پرستش کرتے۔ ان کی مورتیاں بناتے تھے۔ جن کو وہ مختلف قسم کے نام دیتے تھے۔ جن کے متعلق ان کا تصور یہ تھا کہ وہ انسان پر اپنی ہیبت، احترام اور خوف سے ان کے اخلاق کی حفاظت کرتے ہیں۔

قدیم ایرانیوں کے چند مشہور دیوتاؤں میں ایک ''انتار'' (Intar) ہے۔ جس کا کام دیوؤں کا مارنا تھا اور بارش برسانا تھا۔ اس کے علاوہ ایک اور مشہور دیوتا ''ارتھ'' ہے۔ جس کے متعلق یہ تصور تھا کہ وہ نظام کائنات کا دیوتا ہے۔ جس کے ذمے راستی، انصاف اور خلائی نظام ہے۔ یہ ویدک دھرم کے دیوتا ''ویتا'' سے مشابہہ ہے۔ الغرض اس کے علاوہ ایرانیوں میں ارواح کی بھی پرستش کی جاتی تھی۔

چنانچہ ہم نے قدرے تفصیل سے زرتشت سے قبل، ایرانیوں کے مذاہب کا ذکر کیا ہے۔ اس سے یہ بات معلوم ہوئی کہ قدیم ایرانیوں کے مذاہب اور رسوم ہندوستان کے لوگوں کے مذاہب سے مشابہہ تھے۔ زرتشت کے آنے کے بعد اس میں جزوی تبدیلیاں آئیں۔

حالات زندگی

زرتشت کے حالات زندگی، تعلیمات اور عقائد کا ماخذ اس کی کتاب ''اوستا'' ہے۔ مگر افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ ''اوستا'' اصل حالت میں آج موجود نہیں ہے۔ اس کا کچھ حصہ دریافت ہوا ہے اس میں

بھی دعاؤں اور کچھ مناجات وغیرہ کا ذکر ہے۔اس لیے زرتشت کے حالات زندگی، تعلیمات کا دوسرا ماخذ، قدیم عربی زبان میں مسلمان مؤرخین کی کتب ہیں جن میں اس مذہب کا کچھ ذکر ہے۔جن میں مسعودی، کی ''مروج الذھب'' طبری کی'' تاریخ الامم والملوک''، ابن اثیر کی'' الکامل فی التاریخ'' علامہ شہرستانی کی ''الملل والنحل''، وغیرہ ہیں۔اس کے بعد جب مغرب میں مختلف مذاہب کا تقابلی مطالعہ شروع ہوا تو انہوں نے مختلف مذاہب کے بانیاں وہادیان کی سیرت وکردار، اور تعلیمات کو جمع کرنے کی کوشش کی اس طرح زرتشت کے حالات زندگی اور تعلیمات میں سے کچھ چیزیں انہوں نے بیان کیں ہیں مگران کے نزدیک بھی یہ ثقہ نہیں ہیں۔ان مصنفین میں ولیم جیکسن، مارٹن ھیگ، جے بی ناس وغیرہ شامل ہیں۔

اس کے بعد کچھ مآخذ خود پارسیوں کی تصنیف کردہ کتب ہیں جن میں ایم۔این ڈھلہ، دوسا بھائی، ستھنا اور دیگر مصنفین شامل ہیں۔ان کا خیال بھی یہی ہے کہ زرتشت کی سیرت اور حالات زندگی کا کوئی مستند ماخذ نہیں ہے۔جیسا کہ ایم۔این ڈھلہ "History of Zorasterism." میں لکھتے ہیں:

> "We know every thing of the life of Muhammad. We know something of Budha and Jesus, But we know practically nothing of the life of Zoraster." (3)

چنانچہ اب ہم مندرجہ بالا تینوں مآخذوں یعنی عربی کتب، مغربی مصنفین اور خود پارسی مصنفین کی کتب کی روشنی میں زرتشت کے حالات اور تعلیمات کا ذکر کرتے ہیں۔

زرتشت کا قبیلہ

زرتشت سپٹنا(Spitama) کے قبیلے سے تعلق رکھتے تھے جو پشداڈین(Peshaddian)، خاندان کی ایک شاخ تھا۔ پہلوی زبان میں لکھی ہوئی ڈینکوڈ اور بنیڈیش(Bundehis) کی کتابوں کے مطابق زرتشت ''ھیچا ناسپا'' کے پڑپوتے تھے۔ پروفیسر واڈیا(Prof Wadia) لکھتے ہیں:

> "His family name was spitama meaning white." (4)

''اس کا خاندانی نام سپٹناما'' تھا جس کے معنی سفید کے ہیں۔''

والدین

اوستا قدیم کے مطابق زرتشت کے والد کا نام ''پوروشپ'' اور والدہ کا نام ''دغدا'' تھا۔ چنانچہ علامہ شہرستانیؒ نے بھی اس بات کی تصریح کی ہے۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں:

"زدادشت بن بورشپ الذی ظهر فی زمان کشتاسف، بن لهراسب الملك وابوه، کان من آذربائیجان وامه من الری واسمها دغدو"(۵)

''زرتشت بن پورشب، بادشاہ گشتاسف بن لہراسب کے عہد میں پیدا ہوا، ان کے والد آذربائیجان اور والدہ ''ری'' کی تھیں جن کا نام ''دغدو'' تھا۔

Encyelopedia of Religion & Ethie کے مقالہ نگار کے مطابق:

"His father was according to later Avesta, pourushaspa, and his mother was Dughdova."(6)

زرتشت کا لفظی معنی

زرتشت کو ''زرتشترا'' کے نام سے ممیز کیا جاتا ہے جسے یونانیوں نے بگاڑ کر ''زریڈیڈز'' Zaratrads بنا دیا۔ اوستا میں ممدوح کا نام ''زرتشترہ'' آیا ہے۔ لیکن مختلف زبانوں میں اختلاف قاعدہ ہجاء نے مختلف صورتیں اختیار کر لیں ہیں۔ مختلف مصنفین نے اپنے اپنے مذاق کے مطابق لفظ کو ڈھالا ہے۔ مثلاً زروادوس، زراداس، زواسٹر، زرادشت، زرتشت وغیرہ اہل یورپ عموماً زوارسٹر، Zoroaster کا لفظ استعمال کرتے ہیں جو یونانی زبان سے آیا ہے۔ چنانچہ جے۔ بی۔ ناس اس سلسلے میں لکھتے ہیں:

"Zoroaster the designation by which he knwon in Europe is taken from the greek Corruption of the old Irainian word Zorathushtra."

''زرتشت جو کہ زوراسٹر کے نام سے یورپ میں جانا جاتا ہے۔ یہ پرانے آریائی لفظ زوراشترا کی یونانی شکل ہے۔''

زرتشت کا معنی

زرتشت لفظ کے صحیح معنی معلوم نہیں، لیکن کئی جگہ پر غور وخوض کر کے ایک معنی نکالے جا سکتے ہیں۔

زرتشت کے لفظ کے مندرجہ ذیل معنی ہو سکتے ہیں:

① دستور ② سب سے بڑا مذہبی راہنما

③ روحانی راہنما ④ ضلع کا سب سے بڑا افسر

⑤ آگ کی پرستش کرنے والا، مذہبی راہنما

الغرض یہ تمام نام زرتشت کی عظمت اور بزرگی کو ثابت کرنے کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔

پیدائش کی بشارت

زرتشت کی پیدائش کے بارے میں مختلف بشارتیں اور معجزات کا ذکر کیا گیا ہے۔ مثلاً: جب زرتشت حمل میں تھا۔ پانچویں مہینے حمل سے اس کی ماں نے خواب دیکھا کہ کالے بادل نے اٹھ کر اس کا گرد گھیر لیا ہے جس سے چاند، سورج کی روشنی چھپ گئی ہے اور اس بادل سے موذی جانور، از قسم درندے، پرندے برسنے لگے۔ ان میں سے ایک درندہ نے ''دغدویہ'' کا شکم پھاڑ کر بچہ نکال لیا اور بہت سے درندے اس کے گرد ہو گئے۔ تب زرتشت کی ماں نے چاہا کہ چلائے مگر زرتشت نے منع کیا کہ خدا میرا مددگار ہے۔ پھر بارش تھم گئی۔ اس کے بعد دیکھا کہ ایک پہاڑ چمکتا ہوا آسمان سے نیچے آ رہا ہے۔ اس پہاڑ نے ابر سیاہ کو پھاڑ دیا اور درندے بھاگ گئے۔ جب وہ پہاڑ کے نزدیک آیا تو اس میں سے ایک جوان روشن باہر آیا اور زرتشت کو درندوں سے چھوڑوا کر پھر اس کی ماں کے شکم میں رکھ دیا۔ اور ''دغدویہ'' کو تسلی دی کہ کچھ خوف مت کر تیرا مددگار خدا ہے اور یہ بچہ خدا کا پیغمبر ہوگا۔ پھر وہ جوان غائب ہو گیا ''دغدویہ'' کی آنکھ کھل گئی اور اٹھ کر اپنی ہمسائی سے خواب بیان کیا۔ اس نے یہ تعبیر بیان کی کہ تیرے شکم سے بیٹا پیدا ہوگا اس کا نام زرتشت ہوگا اور پہلے پہل اس کے دشمن بہت ہوں گے مگر آخر کار وہ سب دشمن نیست و نابود ہو جائیں گے۔ (۸)

خرق عادت

زرتشت کے بارے میں بیان کیا جاتا ہے کہ جب پیدا ہوئے تو ہنسنا شروع کر دیا۔ ان کا نام زرتشت رکھا گیا۔ یہ خبر بادشاہ وقت کو پہنچی۔ وہ پہلے ہی آگاہ تھا کہ ایک پیغمبر زرتشت پیدا ہوگا اور ''اہرمن'' کو جو پہلے سے جاری ہے توڑ دے گا۔ اس نے کاہنوں سے یہ بات سنی تھی۔ چنانچہ بادشاہ خود وہاں پہنچا جہاں بچہ یعنی زرتشت موجود تھا اور چاہا کہ اس بچہ کو تلوار سے قتل کرے مگر اس بادشاہ کا ہاتھ خشک ہوگیا۔ (۹)

زرتشت کا زمانہ اور تاریخ

زرتشت کا ظہور کس زمانے میں ہوا اس کے بارے میں مورخین کے ہاں زبردست اختلاف پایا جاتا ہے۔ زرتشت کے متعلق ایرانیوں کا عقیدہ تھا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام اور زرتشت ایک ہی شخصیت کے نام ہیں اور صحف اور ''اوستا'' ایک ہی چیز کا نام ہے۔ لیکن یہ خیال غلط ہے اس نقطۂ نظر کو اسلامی دور میں آتش پرستوں نے رواج دیا تا کہ اپنے آپ کو اہل کتاب ظاہر کر کے وہ سہولتیں حاصل کریں۔ زرتشت کی تاریخ ولادت میں غیر یقینی حد تک اختلاف ہے۔ یونانی انہیں جنگ ٹروجن سے پانچ ہزار سال پہلے یا ارسطو سے چھ ہزار سال پہلے بتاتے ہیں۔ علاوہ ازیں ان کی تاریخ پیدائش کے بارے میں مندرجہ ذیل تواریخ بیان کی جاتیں ہیں۔

① ۶۰۰ ق۔م سے ۶۰۰۰ ق۔م کے درمیان۔

② ان کی زندگی کے متعلق عام طور پر ۶۳۰ سے ۵۵۳ ق م کی تواریخ بیان کی جاتی ہیں۔ (۱۰)

③ بعض مؤرخین کے نزدیک زرتشت کا زمانہ ۵۵۰ ق م کے لگ بھگ ہے۔ (۱۱)

④ مسٹر خورشید جی، جو کہ پارسیوں میں علوم شرقیہ کے جاننے والے عالم ہیں۔ یونانیوں، یہودیوں اور مخروطی کتبوں کی سند سے اپنے ''زرتشت نامہ'' میں زرتشت کے بارے میں لکھا ہے کہ مسیح علیہ السلام سے کم از کم ۱۳۰۰ سال پہلے پیدا ہوئے۔ (۱۲)

⑤ لیکن بیشتر محققین جن میں امریکی مستشرق ولیم جیکسن اور ایرانی محقق ڈاکٹر محمد معین شامل ہیں۔ ان کے نزدیک زرتشت کی پیدائش ۶۶۰ ق م میں ہوئی جب کہ وفات ۵۸۳ ق م میں ہوئی۔

چنانچہ ہم ان تمام محققین کی آراء کو تین حصوں میں تقسیم کر سکتے ہیں۔

طبقہ اوّل : اس میں وہ تمام لوگ شامل ہیں جو زرتشت کا زمانہ ۶۰۰۰ سال قبل مسیح بتاتے ہیں۔

طبقہ ثانی : اس میں وہ تمام لوگ شامل ہیں جو زرتشت شاہان سپنس اور سمپر لیس کا ہم عصر بتاتے ہیں۔

طبقہ ثالث: اس میں وہ تمام روایتیں ہیں جو زرتشت کو چھٹی صدی قبل مسیح قرار دیتے ہیں۔(۱۳)

جائے پیدائش

جس طرح زرتشت کی پیدائش کی تاریخ میں اختلاف ہے اسی طرح اس کے مقام پیدائش کے متعلق بھی مختلف آراء ہیں۔ بعض مؤرخین کے نزدیک وہ ''بلخ'' میں پیدا ہوئے۔ جو ایران کے شمال مشرق میں ہے اور بعض کی رائے کے مطابق وہ آذربائیجان میں پیدا ہوئے جو ایران کے شمال مغرب میں ہے۔ اور بعض کے نزدیک فلسطین میں پیدا ہوئے۔ اس سلسلے میں ہم چند مؤرخین کی آراء پیش کرتے ہیں۔

۱۔ علامہ طبری اور ابن الاثیر کے مطابق زرتشت اہل فلسطین میں سے تھے۔ چنانچہ ابن اثیر لکھتے ہیں:

وکان زرادشت فیما یزعم اھل الکتاب من اھل فلسطین (۱۴)

''اور زرتشت کے بارے میں یہ گمان کیا جاتا ہے کہ وہ اہل کتاب میں سے تھے اور ان کا تعلق فلسطین سے تھا۔''

۲۔ علامہ مسعودیؒ، حمزہ اصفہانیؒ، یاقوت حمویؒ، ابوالفداءؒ اور بلاذریؒ کا خیال ہے کہ وہ آذربائیجان سے تعلق رکھتے تھے اور خصوصاً ان کی پیدائش آرمیہ ہے۔ چنانچہ حمزہ اصفہانی لکھتے ہیں:

کشتاسف کان في سنة ثلثین من ملکه وخمسین من عمره اتاه زردشت من آذربائیجان (۱۵)

''زرتشت (ایک پیغمبر کی حیثیت سے) آذربائیجان سے، بادشاہ کشتاسف کے پاس آیا۔ جب کہ اس کو بادشاہت کرتے تیس سال اور عمر پچاس سال ہو چکی تھی۔''

معجم البلدان میں یاقوت حموی آرمیہ کے بارے میں لکھتے ہیں:

"و بینهما (ارمیه) وبین البحیرة نحو ثلاثة امیال او اربعة ، وهی فیما یزعمون مدینة زردشت نبی المجوس (١٦)

''ارمیہ اور بحیرہ کے درمیان تین یا چار میل کا فاصلہ ہے جس کے بارے میں خیال کیا جاتا ہے کہ مجوسیوں کے نبی زرتشت کی جائے پیدائش ہے۔''

٣۔ الملل والنحل میں علامہ شہرستانیؒ لکھتے ہیں:

جعل (اللّٰه تعالیٰ) روح زرداشت فی شجرة انشأها فی اعلی علیین وغرسها فی قلة جبل من جبال آذربائیجان یعرف باسمو یذخر۔ (١٧)

''اللہ تعالیٰ نے زرتشت کی روح کو ایک درخت کی صورت میں رکھا اور اس کو آذربائیجان کے پہاڑ کے قریب نصب کیا جو ''یذخر'' کے نام سے موسوم ہے۔''

الغرض جدید اور قدیم مؤرخین میں اکثریت کی یہ رائے ہے کہ زرتشت کی جائے پیدائش آذربائیجان کے کسی قصبے یا دیہات میں ہوئی۔

زرتشت کا بچپن

زرتشت کے بچپن کے متعلق ہمیں کوئی مستند بیان نہیں ملتا۔ لیکن پہلوی کتابوں سے معلوم ہوتا ہے کہ پاؤراشاسپہ، کے ھوما (Homa) کی رسومات ادا کرنے اور اپنی دعاؤں میں نیکی اور خوبی کے عوض بچہ حاصل کرنے کے متعلق تمام شہر میں باتیں ہوئیں۔ اور صوبے کے گورنر نے کچھ قبیح شہریوں کے اُکسانے پر بچہ کو مارنے کا ارادہ کیا۔ اور یہ بھی بیان کیا جاتا ہے ''دارسترو بوٗ'' نے جو کہ ایران کے پارسیوں کا سردار تھا۔ بچے کو تیز آگ میں ڈال دیا۔ لیکن آگ نے انہیں جلانے سے انکار کر دیا۔ پھر انہیں گھوڑوں کے سموں کے نیچے روندھنے کی کوشش کی گئی۔ لیکن ان کا بال بھی بیکا نہ ہوا۔ (١٨)

تعلیم وتربیت

جب زرتشت کی عمر سات برس کی ہوئی تو اس کے باپ ''پوروشب'' نے تعلیم کے لیے ''برزین خسرو'' کے سپرد کیا۔ ان سے تعلیم حاصل کرنے کے بعد زرتشت نے سیر وسیاحت سے تعلیم حاصل کی۔ انہوں نے اپنے ملک کے دانش مندوں سے گفتگو کی اکثر مرکزی جگہوں کی سیر کی۔ جہاں دور دراز ملکوں کی تجارتی شاراہیں ملتی تھیں۔ ایک روایت کے مطابق انہوں نے اپنی جوانی میں ایک اتالیق سے تعلیم پائی۔ پندرہ برس کی عمر میں کستی (Kusti) کی مقدس رسم ادا کی۔ (۱۹)

نزولِ وحی

زرتشت کے بارے میں مشہور ہے کہ سات برس خاموش رہا۔ بعض کہتے ہیں کہ زرتشت نے تیس برس تک محض پنیر پر جنگل میں زندگی بسر کی۔ اس نے تیس برس کی عمر مذہبی تیاری، عبادت، مراقبہ اور گوشہ نشینی میں گزاری۔ تیسویں سال اس کو خواب میں فرشتہ دکھائی دیا اور یہ فرشتہ اس کو خدا کے حضور میں لے گیا اس کے بعد زرتشت کو سات دفعہ الہام ہوا۔ (۲۰)

سات برس کے بعد اس کی چھ فرشتوں سے ملاقات ہوئی۔ یہ فرشتے رب النوع، حیوانات، آتش خاک، پانی اور درخت وغیرہ کے تھے۔ انہوں نے ان اشیاء کی حفاظت کے واسطے زرتشت کو ہدایت کی اور ان کا محافظ قرار دیا۔ اس طرح جب زرتشت کو نور مطلق کی پہچان ہوگئی اور کائنات کے اسرار و رموز سے واقف ہو گئے۔ اس کے بعد اس دین کی تبلیغ واشاعت میں لگ گئے۔ کافی عرصہ تبلیغ کرنے کے باوجود صرف ایک شخص ''میتی و ماہ'' دین زرتشتی میں داخل ہوا۔ اب زرتشت نے بادشاہ گشتاسف کو دعوت دی۔ بادشاہ نے دین زرتشت قبول کرلیا اور اپنی پوری سلطنت میں رائج کرنے کی کوشش کی۔ چنانچہ ایک عرب مؤرخ لکھتے ہیں:

> ''جب بادشاہ نے دین اختیار کرلیا تو اس نے اپنی رعایا کو جبراً اس دین میں داخل کیا اور جس نے انکار کیا۔ اس کو مار ڈالا۔ اس طرح دین زرتشت ایران میں پھیل گیا۔ اور اہل ایران کا یہ قومی دین ہوگیا۔ تہران میں بھی کچھ کچھ اس دین کی اشاعت ہوئی۔

ضریراور اسفندیار کی قوت بازو سے مغرب ایشیاء اور ہندوستان میں بھی یہ دین پھیل گیا بعض کا قول ہے کہ اہل یونان بھی اس دین کے کچھ معتقد ہوئے اور خود اہل یونان کا یہ قول ہے کہ افلاطون، دین زرتشتی سے متاثر ہوئے تھے۔"(۲۱)

شادی اور اولاد

زرتشت کی بیوی کا نام "هووی" (Hvovi) تھا جو فرفشوشترہ (Frashaoshtra) کی بیٹی تھی (۲۲) زرتشت کے تین بیٹے تھے جن کے نام ایست واسترہ (Isat Vastra)، اوروٹت نرہ (Urvatat Nara) هورہ چیترہ (Hvare-Eithra) اور تین بیٹیاں جن کا نام فرنی (Freni)، تریتی (Thriti) اور پئوروچیتی (Pourucisti) تھا۔(۲۳)

وفات

ایک صبح جب وہ عبادت میں مصروف تھے انہیں تیز آلے سے مار دیا گیا جوان پر ارجیپ (Argasp) بادشاہ کے جرنیل "تربارئیر (Turbaratiur)" نے پھینکا تھا زرتشت نے بھی جواباً اپنی پائپ (Rosary) اس پر پھینکی جس سے وہ موقع پر ہلاک ہو گیا۔ اس وقت زرتشت کی عمر 77 برس تھی۔(۲۴)

زرتشت کی شخصیت کے بارے میں رائے

زرتشت کی شخصیت کے بارے میں مؤرخین کے ہاں اختلاف پایا جاتا ہے۔ بعض زرتشت کو حکیم، سیاستدان اور بعض پیغمبر اور بعض اسے خدا کا درجہ دیتے ہیں۔

بعض مؤرخین کی رائے ہے کہ زرتشت حکیم بھی تھے۔ علامہ شہرستانی نے یہ لکھا ہے کہ بمقام "ذماور" زرتشت نے ایک اندھے کی آنکھ میں ایک نباتاتی عرق ڈالا اور اس سے اس کی اصل روشنی بحال ہو گئی۔ اہل یونان کے مؤرخ یہ لکھتے ہیں کہ زرتشت نے طبعیات، ہیئت اور معدنیات پر کتابیں لکھی ہیں۔ اور پہلوی کتاب "ونکارٹ" میں لکھا ہے کہ طبابت اور علم قیافہ میں زرتشت کو کمال حاصل تھا۔

کیا زرتشت پیغمبر تھے؟ اس بارے میں بھی مؤرخین کے ہاں اختلاف پایا جاتا ہے۔ بعض کے نزدیک زرتشت خدا تعالیٰ کے پیغمبر تھے اور خدا نے ان کو اہل ایران کی طرف بھیجا۔ تاکہ وہ ایک خدا کی تعلیم دیں۔ اور لوگوں کو برائیوں سے روکیں۔ اور ان کو راہ راست پر لائیں۔ بعض مستشرقین کا خیال ہے کہ زرتشت نے واضح طور پر توحید کا تصور پیش کیا اور دیگر تعلیمات بھی الہامی ادیان جیسی ہیں اس لیے یہ پیغمبر تھے۔

چنانچہ ستھنا لکھتے ہیں:

''خدا۔ ''آہورمزدا'' جو سب کچھ جانتا ہے اور اس سے زیادہ جاننے والا کوئی نہیں ہے اس نے نیکی کی تبلیغ کے لیے زرتشت کو پیغمبر چن لیا۔'' (۲۵)

اسی طرح ''پریندر'' لکھتے ہیں:

"Zorauster was a prophetic figure, whose life and teaching have been a great interest to the west."

''زرتشت ایک پیغمبر تھے جن کی زندگی اور تعلیمات مغرب والوں کے لیے مشعل راہ ہیں۔'' (۲۶)

منشی خلیل الرحمان لکھتے ہیں:

''زرتشت ایک پیغمبر تھے۔ کیونکہ انہوں نے حضرت مسیح کی پیدائش کی خبر دی تھی'' (۲۷)

بعض عرب مؤرخین جن میں ہشام، طبری، ابن الاثیر شامل ہیں انہوں نے زرتشت کو بنی اسرائیل کے ایک پیغمبر ''آرمیاء'' کا شاگرد قرار دیا ہے۔ علامہ ابن الاثیر لکھتے ہیں:

وکان زرداشت فیما یزعم اھل کتاب من اھل فلسطین یخدم لبعض تلامذہ آرمیا النبی (۲۸)

''زرتشت کے بارے میں یہ گمان کیا جاتا ہے کہ وہ فلسطین کے اہل کتاب میں سے تھے اور آرمیا نبی کے شاگردوں میں سے تھے۔''

اسی طرح ایک عربی مؤرخ الدکتور حامد عبدالقادر نے اپنی کتاب کا نام ہی ''**زرادشت الحکیم بنی قدامی الایرانیین**'' رکھا ہے جس میں انہوں نے ثابت کیا ہے کہ زرتشت ایک نبی تھے اور انہوں نے توحید کی تعلیم دی چنانچہ لکھتے ہیں:

إن المحققين من المؤرخين يقرون أن هذا الرجل إذا قيس بمقياس التاريخ وجب أن يعد فى صف كبار الانبياء الذين ظهروا فى شتى البئيات والعصور وأرشد والناس الى طريق الحق والخير ، ذلك لما عرف عنه من استقامة وشدة إخلاصه لربه وتفرغه لتقديسه وقوة ايمانة برسالة وشدة تحمسه فى نشر دعوته (۲۹)

اسلامی نقطۂ نظر

اللہ تعالیٰ نے اس دنیا میں تمام انسانوں کی ہدایت وراہنمائی کے لیے کم وبیش ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر بھیجے تاکہ وہ بھٹکے ہوئے لوگوں کو راہ راست پر لائیں اور ان کو برائی سے منع کریں اور ان کو عبادت الٰہی کی تعلیم دیں۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے تمام انسانوں کو اپنی عبادت کے لیے پیدا کیا ہے۔

جیسا کہ ارشادِ خداوندی ہے:

وَمَا خَلَقْتُ الجِنَّ وَالِانْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنَ (۳۰)

''انسانوں اور جنوں کو نہیں پیدا کیا گیا مگر عبادت کے لیے۔''

جہاں تک زرتشت کے پیغمبر ہونے کا تعلق ہے تو اس کے بارے میں قرآن وحدیث میں صراحتاً کوئی ذکر نہیں آیا اور نہ ہی کسی اور واقعہ سے اس کی تصدیق ہوتی ہے۔

البتہ حضور ﷺ نے مجوسیوں کے ساتھ اہل کتاب جیسا سلوک کرنے کا حکم دیا ہے لیکن ساتھ ہی ان کا ذبیحہ نہ کھانے اور ان سے نکاح نہ کرنے کا حکم دیا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا:

سنوا فی المجوس سنة اهل الکتاب غیرنا کحی نسائهم ولا آکلی ذبائهم۔(۳۱)

''مجوسیوں کے ساتھ اہل کتاب جیسا سلوک کرو۔مگران کے ساتھ نکاح نہ کرو اور ان کا ذبیحہ نہ کھاؤ۔''

مذہب زرتشت کا دینی ادب

جس طرح زرتشت کے حالات زندگی اور تعلیمات محفوظ نہیں ہیں اسی طرح اس کا مقدس دینی ادب اور کتب بھی غیر محفوظ ہیں۔کلاسیکل محققین اور پارسی روایات سے ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ قدیم پارسیوں کا مذہبی ادب کافی وسعت کا حامل تھا۔اگر چہ ''زنداوستا'' مقابلتاً ایک چھوٹی سی کتاب ہے۔اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ زرتشتیوں کا مقدس دینی ادب کو بہت زیادہ نقصان پہنچا۔

اوستا

پہلوی زبان میں اس کا نام،اویستاک یا اوستاک یا اپستاک (Pstk) ہے۔سریانی میں (Bstg) اور عربی میں اوستاق، بستاق،البستاغ، بستاہ، آبستا اور اہل فارس کے نزدیک اوستا (Avesta) کے نام سے مشہور ہے۔پروفیسر گلانر (Geldner) پروفیسر اندرآس (Andreas) سے نقل کرتے ہیں کہ:

''اوستا، اوپستا (Upasta) سے مشتق ہے اس کے معنی اساس، بنیاد اور متن کے ہیں۔''(۳۲)

تمام اسلامی مؤرخین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ اوستا دین زرتشت کی کتاب ہے۔جو کہ پارسیوں کا پیغمبر تھا۔چنانچہ ''مروج الذہب'' میں علامہ مسعودیؒ لکھتے ہیں:

والأشهر فی نسبت زرادشت انه زرادشت بن استان وهو نبی المجوس الذی أتاهم بالکتاب المعروف "بالزمزمة" عند عوام الناس واسمه عند المجوس "بستاه"۔(۳۳)

علامہ شہرستانی لکھتے ہیں:

وله كتاب قد صنفه وقيل انزل ذلك عليه وهو " زندوستا"(۳۴)

''اور زرتشت کی کتاب جس نے اسے تصنیف کیا اور بعض نے کہا کہ اس پر نازل کی گئی وہ زنداوستا ہے۔''

علامہ ابن الاثیر، زرتشت کی کتاب کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

أنه صنف كتاباً طاف به الارض فما عرف احد معناه وزعم انه لغته سماوية خوطب بها وسماه "فستا، يا استا" وشرح زرادشت كتابه و سمأه "زند" ومعناه التفسير، ثم شرح الزند بكتاب سماه "بازند" يعنى تفسير التفسير، فيه علوم مختلفة كالرياضيات، وأحكام النجوم، والطب، وغير ذلك من اخبار القرون الماضيه وكتب الانبياء ۔(۳۵)

''زرتشت نے ایک کتاب لکھی جو کئی ایک ناموں سے موسوم ہے اور گمان کیا جاتا ہے کہ یہ کتب سماویہ میں سے ہے اور اس کی لغت میں ہے۔ جس کا نام ''فستا یا اوستا'' ہے زرتشت نے اس کی شرح کی جو ''زند'' کے نام سے موسوم ہوئی جس کے معنی تفسیر کے ہیں پھر ''زند'' کی شرح کی گئی جو ''پازند'' یعنی تفسیر کی تفسیر، اس میں ریاضی، النجوم، طب اور انبیاء کے واقعات وغیرہ بیان ہوئے ہیں۔''

اوستا کی کتب

اوستا میں کل اکیس کتابیں شامل ہیں جن کو ''ناسک'' (Nesk) کہتے ہیں۔ ان کو اوستا یا زنداوستا بھی کہتے ہیں۔ اوستا، اوستانی زبان جو کہ انڈیا اور یورپ کے خاندانوں کی زبان ہے اور یہ سنسکرت سے بالکل مشابہ ہیں۔ اوستا، میں جتنی بھی کتابیں شامل ہیں ان کے نام ان کے مضامین پر ہیں۔

اوستا کی کتب اوران کے مضامین

نمبرشمار	نام کتاب	تعداد(ابواب)	مضامین
۱	سوتکر Sutkar	۲۳	ادعیہ، حسنات کی فضیلت، سلوک باہمی ایک دوسرے کی مدد کرنا
۲	ورشت مانسر Varshat Mamsar	۲۲	مشتمل براصول، مذہب، توصیف زرتشت، ہدایات، تقویٰ وطہارت
۳	بغ یا بکو BAK	۲۱	فرائض مذہبی احکام الٰہی، دوزخ سے بچنے اور جنت حاصل کرنے کی تدابیر
۴	دامدات Damdat	۲۲	دُنیا وعقبےٰ کا حال، ہردوجہاں کے رہنے والوں کا ذکر، الہاعات متعلقہ آسمان، زمین، پانی، درخت، آگ، انسان اورحیوان کے قیام اور حساب وکتاب
۵	ناتر Natar	۳۵	علم ہیئت، نجوم، جغرافیہ،
٦	پاچک پازگ Pajag	۲۲	ماکولات، مشروبات حلال وحرام
۷۔	رتوداتائیتگ Rato-dat-Aitag	۵۰	اعیان دُنیا مثلاً سلاطین، موبدوغیرہ کے متعلق بیانات تھے

۸	بریش Barish	۶۰	سلاطین وحکام وعمال کا ہدایت نامہ مختلف صنعتوں کا تذکرۃ، جھوٹ بولنے کی وعید
۹۔	کشکیسروب Kashkisreb	۶۰	علم طبعیات والٰہیات وغیرہ
۱۰۔	ویشتاسپ ساست Vishtasp-Sast	۶۰	شاہ گشتاسپ کی سلطنت، اُس کا یہ دین اختیار کرنا اور دنیا میں اس کی اشاعت کی کوشش کرنے کے حالات
۱۱۔	وَتشگ Vashtag	۳۳	مناقب فرشتگان مقرب
۱۲۔	چیترہ دات Citradat	۲۲	چھ حصوں میں منقسم تھی، حصہ اوّل میں وحدت وجود، ارکان مذہب، زرتشت اور شریعت زرتشت تھی۔ دوم میں رعایا کے فرائض اور اپنے بادشاہ کی نمک حلالی وخیر خواہی کی فضیلت تھی۔ سوم میں نیکیوں کی جزا اور دوزخ سے بچنے کا بیان تھا۔ چہارم میں علم زراعت، نباتات وغیرہ کا تذکرہ تھا۔ پنجم دنیا کے اہل حرفہ اور عام پیشوں کا تذکرہ
۱۳۔	سپند Spend	۶۰	ان معجزات کا ذکر تھا جو زرتشت سے ظہور میں آئے
۱۴۔	بغان یشت Bakan-Yast	K,	مقدس آدمیوں کی توصیف

۱۵۔	گنبا سر نیجت Gonba-Sar-Nijat	۶۵	قریب رشتہ داروں میں نکاح کی ترغیب حیوانوں کا ذکر ان کی پرورش اور علاجوں کا ذکر
۱۶۔	نیکا توم Nikatum	۵۴	حلال وحرام میں
۱۷	ہوسپارم Husparam	۵۴	طب، ہیت وغیرہ میں
۱۸	سکاتوم Sakatum	۵۲	دیوانی وفوجداری احکام، حدود مملکت قیامت کے ذکر میں
۱۹	وندیداد Vendidad	۲۲	ہر قسم کی ناپاکیوں اور ان کے رفع کرنے کے احکام اور ان سے جو خرابیاں دنیا میں پیدا ہوتی ہیں ان کا تذکرہ ہے۔
۲۰۔	ھادخت Hadoxt	۳۰	کائنات اور عجائبات عالم میں
۲۱	ستوت یشت	۳۳	مناقب فرشتگان مقرب

مارٹن ھیگ لکھتے ہیں کہ:

> ''مندرجہ بالا اکیس کتابیں جو بیان ہوئیں، ان میں صرف ''وندیداد'' بالکل مکمل ہے۔ جب کہ ''وشتاسپ ستو، ھادخت، اور بگو'' بھی کچھ مکمل ہیں لیکن پوری طرح معلوم نہیں اور باقی کتابیں بڑی تعداد میں ہمیشہ کے لیے گم ہوگئیں اور آج کل پارسی جو کتاب استعمال کرر ہے ہیں۔ وہ ''زنداوستا'' ہے جو کہ اصل میں ''وندیداد'' ہے۔(۳۷)

ان اکیس کتابوں میں ''یسنا'' اور ''وپسرد'' شامل نہیں ہیں اس لیے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ان سے بالکل الگ کتابیں ہیں۔

یسنا

آج کل ''یسنا'' میں ۷۲ ابواب ہیں اور ٦ سے لے کر ۱۲ ابواب تک '' گاھمبرز'' کے موقع پر پڑھے جاتے ہیں۔ اور ان میں '' آہورامزدا'' کے دنیا کے تخلیق کرنے کے متعلق بتایا گیا ہے۔ ''یسنا'' کے دو حصے ہیں۔ معمولی غور کرنے سے ان کی زبان اور اقتباسات کے اختلاف کا پتہ چل سکتا ہے۔ ایک حصہ کو ہم پرانا حصہ اور دوسرے کو بعد والا حصہ ''یسنا'' کا نام دے سکتے ہیں۔ پہلا حصہ گاتھا کے طرز پر لکھا گیا ہے جب کہ دوسرا حصہ مضمون کے طرز پر ہے۔ (۳۸)

گاتھا

اوستا کا مقدس ترین حصہ '' گاتھا'' کے نام سے موسوم ہے۔ ''اوستا'' میں '' گاثا'' اور پہلوی زبان میں '' گاس'' کے نام سے موسوم ہے۔ یہ یسنا میں موجود ہے یہ تعداد میں پانچ ہیں۔ اور مقابلتاً ایک چھوٹا سا حصہ عبادات، شادی بیاہ کے گیتوں پر مشتمل ہے۔ اس میں عام فلسفے، خیالات اور مابعد الطبعیات باتیں بھی بیان کی گئی ہیں۔ پہلی گاتھا میں اڑتالیس گیت، دوسری میں پچپن گیت ہیں، تیسری، چوتھی اور پانچویں میں چوالیس گیت ہیں۔ یہ گیت تین لائنوں پر مشتمل ہیں۔

زرتشت کی تعلیمات

تصورِ الٰہ

زرتشت کے تصور الٰہ کے بارے میں خاصا ابہام پایا جاتا ہے۔ بعض مصنفین کے مطابق زرتشت عقیدہ توحید پر قائم رہے۔ اور خدا کو ایک مانتے تھے۔ جسے وہ '' آہورامزدا'' یا مقدس روح کا نام دیتے ہیں۔ بعض محققین کے مطابق زرتشت ثنویت کے قائل تھے اور دو خداؤں کی تعلیم دیتے تھے۔ جس میں سے ایک روحِ خیر اور دوسری روحِ شر ہے۔ بعض کے مطابق پہلے زرتشت عقیدہ توحید پر قائم تھے۔ لیکن بعد میں ثنویت کی تعلیم دینے لگے۔ زرتشت کے تصور الٰہ پر بہت کچھ لکھا گیا۔

مذہب زرتشت موجودہ مذاہب میں اپنی ثنویت کا خاص تصور رکھتا ہے۔ جو اسے دوسرے مذاہب سے ممتاز کرتا ہے۔ زرتشت ازم میں اگرچہ توحید پرستی کا پہلو موجود ہے۔ مثلاً ''مکیس ملر'' نے زرتشت کے متعلق یہ نظریہ پیش کیا ہے کہ وہ اس عہد میں پیدا ہوا جب کہ ہندوستانی آریہ ایرانی آریاؤں سے الگ نہ ہوئے تھے اور یہ دونوں مظاہر پرستی کی پرستش کرتے تھے۔ زرتشت نے ہندوایرانی قوم کو مظاہر فطرت کی پرستش سے نکال کر واحدانیت کی تعلیم دی۔ (۳۹) انسائیکلوپیڈیا آف ریلجنس اینڈ اتھیکس میں لکھا ہے کہ:

''زرتشت ازم کی بنیاد دعاومناجات (عقیدہ) سے جو اسے مرکزی ایشیاء اور مشرق کی طرف ہندوستانی اور یورپین لوگوں کے مذاہب سے ممتاز اور علیحدہ کرتا ہے۔ وہ اس کا توحید پرستی پر زور دینا ہے۔ اس کی غیر معمولی اور نمایاں خصوصیت جو اسے ہندوستانی اور دنیا کے مذاہب کے سلسلے میں حاصل ہے۔ وہ یہ ہے کہ اس مذہب کی جڑ و بنیاد ثنویت ہے۔ یہ دونوں پہلو مذہبی عقیدہ کی بنیاد اور جڑ ہیں۔ توحید پرستی اور ثنویت دونوں گاتھا میں موجود ہیں۔'' (۴۰)

آہورامزدا(AHURAMAZDA)

زرتشت ازم میں خدائے مطلق کو ''آہورامزدا'' کے نام سے موسوم کیا گیا ہے۔ اسے یزداں بھی کہتے ہیں۔ آھورامزدا تین لفظوں کا مرکب ہے۔

''آہور، مز، دا، آہورا ''ہو'' سے نکلا ہے جس کے معنی مضبوط، طاقتور کے ہیں ''مز'' مگ کے مشابہ ہے اس کے معنی ''زیادہ'' کے ہیں ''دا'' کے معنی ہیں ''دینے والا یا جاننے والا'' اس طرح پورے لفظ کا معنی داتا مطلق، یا زیادہ جاننے والی روح کے ہیں۔''

صفات

''آہورامزاد'' کی بہت سی صفات، یسنا اور گاتھا میں بیان کی گئی ہیں۔ آھورامزدا کی چھ بنیادی صفات وخاصیتیں ہیں۔ جس کے ذریعے وہ ان کو استان پر واضح کرتا ہے۔

①	شفقت ومہربانی	②	تقویٰ ونیکوکاری
③	خدا ترسی	④	حفاظت، ونجات
⑤	ہمیشگی ودوام	⑥	حکومت وبادشاہت

یسنا میں آہورامزدا کی صفات اس طریقے پر بیان کی گئی ہیں۔

① آہورامزدا عقل منداور دانا بادشاہ ہے۔ (یسنا۲۶:۶)

② آہورامزدا سب سے زیادہ جاننے والا ہے۔ (یسنا۴۶:۱۹)

③ وہ تمام چیزوں کو جانتا ہے جو ماضی میں ہوئیں اوران تمام کو بھی جو مستقبل میں ہوں گی وہ ان تمام اشیاء کا اندازہ اپنی معرفت کل سے کرتا ہے۔ (یسنا۲۹:۴)

④ وہ قادر مطلق حکمران ہے۔وہ پاکیزہ ہستی ہے۔ (یسنا۴۵:۶)

اہرمن(ANGRAMYINYAUA)

اوستا میں اس کو''اینگرہ مینو'' کے نام سے ظاہر کیا گیا ہے۔اینگرہ مینو'' دوعناصر کا مرکب ہے۔ایک صفتی اوردوسرا اسم ذات کا نام رکھتا ہے۔اس کے معنی سیاہ یا تاریک کے ہیں۔پس نام ہی اس کے کردار کوواضح کرتا ہے۔اینگرہ مینو'' ایک تاریک اور دھندلی ذہانت ہے جو کہ''آہورامزدا'' سے دشمنی رکھتا ہے۔اینگرامینو ہر بری چیز کو پیدا کرنے والا اوراُسے تقویت دینے والا ہے۔وہ شروع سے ہی''آہورامزدا'' کا مخالف ہےاور اس کے ساتھ دائمی اور متواتر جنگ جوئی میں مصرورف رہتا ہے۔جو کوئی''آہورامزدا'' اچھی چیز پیدا کرے ''اینگرومینوا'' سے تباہ وبرباد کردیتا ہے۔

اوستا میں اسے مقدس روحوں کا بھائی قرار دیا گیا ہے۔اگرچہ اس کا موازنہ''یزداں'' کی مقدس روحوں یا بذاتِ خود''یزدان'' سے کیا جاتا ہے۔یہ ہر طرف تباہی وبربادی کرنے والا شیطان ہےاور دنیا میں برائی کا منبع ہے۔

رولسن جارج اپنی کتاب''دنیا کے قدیم مذاہب'' میں اینگرومینو کی درج ذیل خصوصیات بیان کرتے ہیں۔

اینگرومینوابتداءً آفرینش سے ہی آہورامزدا کا مخالف اور ہر بری چیز کا خالق اور اسے برقرار رکھنے والا ہے اور ابتداء سے ہی آہورامزدا کے ساتھ دوامی جنگ میں مصروف ہے۔ جو کچھ آہورامزدا اچھی چیزیں پیدا کرتا ہے۔ اینگرامینوا سے تباہ وبرباد کردیتا ہے۔

اہرمن زمین کو بنجر کرسکتا ہے۔ اسے کانٹے دار، زہریلے پودے پیدا کرنے والی بنا دیتا ہے۔ وہ زلزلے، طوفان، ژالہ باری کی آفت، بجلی کی کڑک، بیماری اور موت پیدا کرسکتا ہے۔ آہورامزدا اس پر قابو نہیں پاسکتا۔ سوائے اس کے کہ وہ گناہ والے کاموں پر دائمی نگرانی ونظر رکھے اور ان کو پھیلنے سے روکے، ان کی شکست کا سامان کرے۔ ان دونوں بڑی ہستیوں نے کائنات کی حکومت کو اس طرح اپنے درمیان تقسیم کرلیا تھا کہ ان میں سے کوئی بھی تنہا رہنے سے مطمئن نہ تھا۔ (۴۲)

زرتشت کے ہاں اس کائنات میں دو حقیقتیں ہیں اور یہ اصل ہیں جو ایک دوسرے کے مدمقابل ہیں۔

علامہ شہرستانی، زرتشت کے تصور خیر وشر (تصورالٰہ) کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

ثم انثنوية اختصت بالمجوس حتىّ اثبتوا اصلين ، اثنين مدّبرين قديمين يقتسمان الخير والشر، والنفع والضر والصلاح والفساد ، يسّمون احدها النور والثانى الظلمة ، وبالفراسية ، يزداں ، واهرمن ، ولهم فى ذلك تفصيل مذهب وسائل المجوس كلها تدور على قاعدتين احديهما بيان بسب امتزاج النور بالظلمة والثانية بيان سبب خلاص النور من الظلمة ، وجعلوا الامتزاج مبئدأ والخلاص معأد۔(۴۳)

علامہ ابن حزم زرتشت کے تصورالٰہ پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:

''فاعل وخالق عالم کے ایک سے زائد ماننے والوں کے چند فرقے ہیں یہ سب فرقے دو فرقوں کی طرف رجوع کرتے ہیں ایک فرقے کا مذہب یہ ہے کہ عالم کا مدبر سوائے

اللہ کے کوئی اور بھی ہے، سیارات سبعہ، کو مدّبر اور ازلی مانتے ہیں۔ اور یہ لوگ مجوس (پارسی) ہیں۔ متکلمین نے ان سے نقل کیا ہے کہ جب باری تعالیٰ کی تنہائی دراز ہوگی تو وہ گھبرانے لگا۔ گھبرانے میں کوئی بری فکر کی جو مجسم ہوگی اور ظلمت میں بدل گئی۔ اس سے ''اہرمن'' پیدا ہوا اور یہی ابلیس ہے۔ باری تعالیٰ نے اُسے اپنی ذات سے دور رکھنا چاہا مگر قادر نہ ہو سکا تو اس نے نیکیاں پیدا کر کے اس سے کنارہ کشی اختیار کی اور اہرمن نے بدی اور شر پیدا کرنا شروع کر دیا۔''

زروان ازم

زرتشت ازم کو باقاعدہ مذہبی طور پر ثنویت کے درجے پر لانے والی تحریک کو زروان ازم کہتے ہیں۔ مذہب زرتشت میں حقیقی ثنویت کو بعد میں جدید ثنویت ''یزداں بمقابلہ اہرمن'' کے کلیہ کے تحت زروان ازم تحریک نے یکجا کر دیا۔ یہ چھٹی اور چوتھی صدی قبل مسیح کے دور میں ہوا۔ زروان ازم میں ثنویت کے دو تضاد اصولوں کو روحوں میں تصور نہیں کیا گیا۔ بلکہ انہیں پیدا کرنے والے خدا کا نام دیا گیا۔ ان دونوں کے تضاد کو ایک تیسرے دور میں ختم بھی کیا گیا ہے کہ جب برائی والی قوت پر اچھائی والی قوت غالب آ جائے گی۔ اہرمن کا کردار ختم ہو جائے گا اور یزدان حکومت کرے گا۔

خلاصہ بحث

زرتشت کی تعلیمات کی اہم خصوصیت یہ ہے کہ وہ دو خداؤں پر یقین رکھتے ہیں۔ ایک خیر کا خدا جس کا نام آھورامزدا (یزداں) ہے۔ اور دوسرا شر کا خدا جس کو وہ اینگرومینو یا (اھرمن) کہتے ہیں۔ زرتشت کے مطابق دنیا کا خالق ایک نہیں بلکہ دو ہیں۔ ایک وہ جس نے دنیا کی تمام مفید اور کارآمد چیزیں پیدا کیں اور دوسرا وہ جس نے تمام مُضر اور تخریبی اشیاء کی تخلیق کی۔ زرتشت جس طرح آھورمزدا کی صفات بیان کی ہیں۔ اسی طرح اس نے متعدد ارواح خبیثہ کا تصور بھی پیش کیا ہے۔

بہر حال دو خداؤں کے تصور کے باوجود زرتشت کا عقیدہ معبود ایک نزاعی مسئلہ ہے۔ بعض لوگوں کے

مطابق زرتشی مذہب پر ثنویت کا الزام نہیں لگایا جا سکتا اور اس کی وجہ یہ بتاتے ہیں کہ یہ ثنویت غیر محدود نہیں ہے بلکہ بالآخر فتح ''آہورا مزدا'' (یزداں) یعنی خیر کی ہوگی۔ جب کہ دوسرے گروپ کا خیال ہے کہ زرتشی مذاہب میں دو خداؤں کا تصور واضح طور پر موجود ہے یہ اور بات ہے کہ دونوں خداؤں کے اختیار واضح طور پر الگ الگ متعین ہیں۔ اگر ایک طرف خدائے خیر کی عمل داری ہے تو دوسری طرف اس کے طاقتور حریف کا بھی عمل دخل ہے۔ جو نہ صرف مضر اشیاء پیدا کرتا ہے بلکہ ''آہورا مزدا'' کی پیدا کردہ اچھائیوں کو ختم کرنے کے درپے رہتا ہے۔

ان دو مختلف خیالات کو مدنظر رکھتے ہوئے جو حقیقت واضح ہوتی ہے وہ کچھ اس طرح ہے کہ خدا تو دو موجود ہیں لیکن بہر حال شر کی حیثیت ثانوی ہے اور بالآخر فتح خیر کی ہوگی۔ اس لحاظ سے زرتشت مذہب میں ثنویت ہے بھی اور نہیں بھی۔

آتش پرستی

اس مذہب کی اعلیٰ و برتر چیز مقدس آگ ہے۔ جو کہ واضح طور پر ہندوستانی اور ایرانی مذہب کا قدیم عنصر و نشان ہے جس کو زرتشت نے گہری اخلاقی اہمیت دی ہے۔ آگ کے متعلق زرتشت نے یہ تعلیم دی کہ یہ انصاف و نیکی کا زندہ نشان ہے۔ زرتشت کے ہاں آگ، مسلمانوں کے قبلہ، عیسائیوں کی صلیب کی طرح مقدس اور قابل احترام ہے۔ مقدس آگ کے تین درجات ہیں۔ یعنی اتاش، باہرام اتاش اور ''درگاہ'' ان میں سے سب سے اہم درجہ ''باہرام اتاش'' کو حاصل ہے۔

پارسیوں نے آگ کی پوجا اور حفاظت کے لیے بہت سے آتش کدے تعمیر کیے۔ اوستا جو کہ پارسیوں کی مقدس کتاب ہے۔ اس میں ایک مستقل باب آتشکدوں کی تعمیر و تشکیل پر ہے۔ فردوسی نے ''شاہنامہ'' میں پارسیوں کے مشہور آتشکدوں کا تذکرہ کیا ہے۔ اسلامی مؤرخین جن میں علامہ مسعودیؒ، علامہ شہرستانیؒ اور ابن الاثیر وغیرہ شامل ہیں۔ ان آتش کدوں کی تفصیل اپنی کتب میں دی ہے۔ پارسی سال ہا سال ان آتش کدوں میں آگ جلائے رکھتے ہیں اپنی دعاؤں اور مناجات آگ کے وسیلے سے آہورا مزدا جو کہ نیکی کا خدا ہے اس کے حضور پیش کرتے ہیں۔

حوالہ جات وحواشی

1- Noss J.B, Man's Religion , New York 1956.P.435,

2- Prinder E.G. What World Religion Teach, Britain, 1963.P.115

3- Dhalla,M.N.History of Zorvoastriasism, London, 1938,Vol.I,P.13

4- Wadia A.R. Life And Teachings of Zoroaster, Madras, 1938.P.15

۵۔ شہرستانی، ابوالفتح محمد بن عبدالکریم، الملل والنحل، دارالمعرفۃ، بیروت، ۱۹۹۵، ج ۱، ص ۲۸۱

6- Encyclopedia of Religion And Ethics, Edinburgh, 1934,Vol,10,P.862

7- Noss. J.B, Man's Religion, Newyork, 1936, P.436,

۸۔ مخزن المذاہب، نول کشور پریس، انڈیا، ص ۱۵۲

۹۔ نفس مصدر

10- Dhalla M.N. Op.Cit. P.13.

۱۱۔ شبلی، عبدالرحیم، تعارف زرتشت علم کارومان، ص ۷، لاہور ۱۹۴۱

12- Dasa Bhai, History of the Parises, London, 1884,P.148

۱۳۔ منشی، خلیل الرحمٰن، زرتشت نامہ، رفاہ عام سٹیم پریس، لاہور ۱۹۰۴، ص ۵۱

۱۴۔ ابن الأثیر، عزالدین ابی الحسن علی بن ابی الکریم (۵۵۵۔۶۳۰ھ)
الکامل فی التاریخ، دارالکتاب العربی، بیروت، ج ۱، ص ۲۲۶

۱۵۔ اصفہانی، حمزہ، تاریخ سنی ملوک الارض والانبیاء، ۲۸، مصر، ص

۱۶۔ حموی یاقوت، معجم البلدان، ج ۱، مصر، ص ۷۲

۱۷۔ شہرستانی، حوالہ مذکور، ص ۱۸۴

18- Jhalibwala, S.H., Prince of Light, Bombay, 1940, P.5

19- Noss. J.B. op,cit, P.437.

۲۰۔ عبدالسلام، محمد، حقیقت مذہب، رام پور، انڈیا ۱۹۱۱، ص ۱۸۳

۲۱۔ نفس مصدر۔

22- Encyclopaedia Britannica, London, 1984, Vol,23, P.987

۲۳۔ محمد معین، ڈاکٹر، مزدیسنا ادب فارسی، ایران ۱۹۵۹، ج ا، ص ۱۷۰۔

۲۴۔ نفس مصدر۔

25- Sethna T.R. The Teaching Of Zorathushtira, Karachi, 1966, P.11

26- Prinder , E.G. op.cit, P.114.

۲۷۔ منشی، خلیل الرحمٰن، حوالہ مذکور، ص، ۹۰۔

۲۸۔ ابن الاثیر، حوالہ مذکور، ج ا، ص، ۱۴۶۔

۲۹۔ محمد دین، الشریف، ڈاکٹر، الادیان فی القرآن، دارالمعارف، مصر، ۱۹۸۲، ص، ۸۳۔

۳۰۔ سورۃ الطّور ۵۲: ۵۶۔

۳۱۔ بلاذری، احمد بن یحی، امام، فتوح البلدان، قاہرہ، ۱۹۰۱، ص، ۲۷۶۔

۳۲۔ محمد معین، ڈاکٹر، حوالہ مذکور، ج ا، ص، ۱۷۰۔

۳۳۔ مسعودی، ابوالحسن بن حسین بن علی (۳۴۶ھ) مروج الذھب فی معادنِ الجوھر، مصر، ج ا، ص ۱۹۴۔

۳۴۔ شہرستانی، حوالہ مذکور، ج ا، ص، ۱۸۶۔

۳۵۔ ابن الاثیر، حوالہ مذکور، ج ا، ص، ۱۴۶۔

۳۶۔ منشی، خلیل الرحمٰن، حوالہ مذکور، ص، ۳۲۔

37- Martin Haugh, The History Of The Parises, London, 1878, Vol.I,P.140

38- Ibid., P.130

۳۹۔ صدیقی، مظہر الدین، اسلام اور مذاہب عالم، ثقافت اسلامیہ، لاہور، ۱۹۸۰، ص ۳۸۔

40- Encyclopaedia of Religon And Ethics, Vol.15, P.581.

41- Gear, Joseph. The Wisdom of Living Religion P.2.

۴۲۔ مظہر الدین، صدیقی، حوالہ مذکور، ص، ۱۸۰

۴۳۔ شہرستانی، حوالہ مذکور ج ص، ۱۸۲

چینی مذاہب کی فکری اساس۔ تمدنی اثرات اور اسلامی اقدار
تاریخی و تجزیاتی مطالعہ

ظفر اللہ بیگ *

جغرافیائی لحاظ سے چین کو تاریخ کے ہر دور میں نمایاں حیثیت حاصل رہی ہے۔ آج یہ کثیر آبادی پر مشتمل ایک ترقی پذیر ملک ہے جس کی اڑھائی ہزار سال قدیم تہذیب و ثقافت ہے۔ ۱۹۴۸ء میں آزادی کے بعد فلسفہ اشتراکیت پر عمل پیرا ہونے کے باوجود چینی معاشرہ پر اس کے ابتدائی عہد کی تمدنی اقدار، سماجی فلسفہ اور مذہبی نظریات کی چھاپ موجود ہے۔ چینی فلسفہ و فکر کے ارتقاء و ترویج کے پس پردہ ایک عظیم ماضی اور فلسفیانہ نیز نیم مذہبی تحریکات کا ایک طویل سلسلہ نمایاں ہے۔ بدھ مت کی چین میں آمد (دوسری صدی ق م) سے قبل چینی معاشرہ میں دو بڑے حکماء کے اقوال و تعلیمات سے متأثر تھا۔ یہ لاؤزو (Lao Tzu) اور کنفیوشس تھے ان کی تحریکوں اور نظریات پر گفتگو سے قبل قدیم چینی مذاہب کا مختصر ذکر کیا جاتا ہے تاکہ ان تحریکات کو ان کے مناسب پس منظر میں سمجھا جاسکے۔

قدیم چینی مذاہب

مغربی محققین جب چین میں مذہب کے ارتقاء کا مطالعہ کرتے ہیں تو انہیں اکثر اوقات بہت سی الجھنوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے وہ چینی مذاہب اور فلسفیانہ افکار کو مغرب کی عینک سے دیکھنا چاہتے ہیں۔ وہ چین میں فروغ پانے والے تین مذاہب تاؤازم، کنفیوشس ازم اور بدھ مت کو ایک نظام کی کڑیاں سمجھتے ہیں جو بالبداہت غلط ہے۔ تاؤازم اور کنفیوشس ازم کو کسی ایک فرد سے نسبت دینا یا اس کے نام سے ان کو یاد کرنا غلط ہوگا۔ تاریخی حقیقت یہ ہے کہ تاؤازم اور کنفیوشس ازم کے نام سے جو مذہبی افکار اور فلسفیانہ نظریات متعارف ہوئے وہ سینکڑوں سالوں میں ان مذاہب کے متشکل پانے والے اداروں اور ان کی فکری و علمی ترویج و ترقی کے رہین منّت ہیں جن کے پس منظر میں مخصوص مذہبی اور فلسفیانہ افکار کا پرتو تھا۔

---

* اسسٹنٹ پروفیسر، کلیہ اصول الدین، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

ان مذاہب کی چینی معاشرہ پر کافی گرفت تھی ان افکار ہی کی بنیاد پر چین میں تہذیبی وتمدنی ترقی ہوئی۔ اس لحاظ سے ان کا عمومی کردار نہایت اہم قرار دیا جاسکتا ہے۔کنفیوشس ازم اڑھائی ہزار سال پہلے چین کے افق پر جلوہ گر ہوا اور پھر ارتقاء کی منازل طے کرتے کرتے بیسویں صدی میں پہنچا۔ یہ ایک طویل اور کٹھن سفر تھا اس دوران اس کے اندر کئی فکری تحریکیں اٹھیں اور کئی بیرونی نظریات نے اس کی ہیئت کو متأثر کیا۔ آخر ایک وقت ایسا آ گیا کہ اس کی فعالیت اور مذہبی نظریہ کے طور پر اس کی قدر و قیمت کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا گیا۔ چین میں اٹھنے والے ۱۹۱۱ء کے فکری وسیاسی انقلاب میں اس کو مٹانے کی کوشش کی گئی۔ یہ مٹ تو نہ سکا البتہ اس کی وہ قدیم صورت، بنیادی نوعیت اور اہمیت باقی نہ رہی جو کسی زمانہ میں موجود تھی اسے قصہ پارینہ قرار دیا جانے لگا۔ اب ہمارے سامنے کنفیوشس سے منسوب افکار اور مذہبی معتقدات ورسومات کا ایک سلسلہ موجود ہے جس میں اخلاقی اقدار کی روح نمایاں ہے۔

چین کا دوسرا مذہب تاؤازم کا فکری اثاثہ دادے زنگ (Dao-de-Jing) کہلاتا ہے جس کو چین تاؤتی چنگ (Tou-te-Ching) کہتے ہیں اس کا سرچشمہ لاؤزے سے منسوب تاؤمت کے افکار پر مشتمل ایک کتاب ہے جس کو اساسی حیثیت حاصل ہے اس کا نام کتاب زوانگ زی (Book of Zhvang Zi) ہے چینی میں اس کا نام (Chuang tzu) ہے۔(۱)

سرزمین چین کے اندر مذہبی افکار ونظریات کے جو سوتے پھوٹے جن سے اس خطے کے باسی سیراب ہوتے رہے ان میں اس دھرتی کے فکر و دانش کی خوشبو کے علاوہ بیرونی عقائد ونظریات کی آمیزش جاری رہی ان میں نسطوری عیسائیت (Nestorian Christianity)، مانویت (Manichaeism)، مزدائیت (Zoroastrianism)، یہودیت اور اسلام شامل تھے ان سب میں اسلام کا اثر بہت حاوی تھا۔(۲).

قدیم چینی مذاہب

تاریخی نقطۂ نظر سے مطالعہ کیا جائے تو قدیم چین میں خام نوعیت کے بعض مذہبی عقائد (۱۵۰۰ق م) میں نظر آتے ہیں جب یہاں شانگ خاندان (Shang Dynasty) حکمران تھا اس کا ثبوت دریائے ہوانگ (River Hwang) کی وادی سے ملنے والے آثار سے ملتا ہے۔

چینی مؤرخ اس سے کئی سو سال قبل کے زمانے میں ہیسا خاندان (Hisa Dynasty) کے عہد میں کئی مذہبی نیم اخلاقی افکار کی موجودگی کا پتہ دیتے ہیں لیکن یہ دعویٰ تاریخی اکتشافات سے پایہ ثبوت کو نہیں پہنچتا۔ شانگ خاندان کے عہد میں موروثی بادشاہت قائم تھی اس عہد میں مذہبی طبقے کی بنیادی ذمہ داری یہ تھی کہ وہ ایک کیلنڈر تیار کرے جس کے مطابق مذہبی تقاریب منعقد کی جاتی رہیں اور فصلیں کاشت ہوں۔ یہی وہ عہد ہے جس میں تصویری رسم الخط اور دو پہیوں والی گاڑی ایجاد ہوئی۔

شانگ خاندان کے بعد چُو (Chou) خاندان تقریباً ہزار سال ۲۲۱ تا ۱۱۲۵ ق م حکمران رہا اس طویل عہد میں چین میں سماجی، معاشی اور سیاسی تغیرات رونما ہوئے۔ چینیوں نے مذہبی تعلیمات اور اخلاقی فلسفہ و نظریات کا ریکارڈ محفوظ کرنے کا طریقہ اپنایا تھا۔ اس کو بڑی اہمیت کا حامل قرار دیا جاتا تھا کیونکہ اسی کی بنیاد پر مذہبی عقائد تشکیل پاتے تھے۔ چُو خاندان کے آخری سالوں میں کنفیوشس اور لاؤزے پیدا ہوئے اور انہوں نے اپنے اپنے نظریات پیش کیے ان افکار و نظریات کا چینی معاشرہ پر وسیع تر اثر پڑا جبکہ براہِ راست اثر چین کے جاگیردارانہ معاشرہ پر پڑا جو رُو بہ زوال ہونے لگا۔ اسی کے نتیجہ میں نئی اخلاقی اقدار اور جدید فلسفیانہ مکاتبِ فکر نمودار ہوئے۔ (۴)

پانچ کلاسیک (Five Classics)

چین کے قدیم مذاہب کو پانچ کلاسیک میں مدون کیا گیا ہے بعد میں ان میں ایک اور متن یعنی چھٹے کلاسک کا اضافہ کیا گیا جس کو کتاب موسیقی (Book of Music) کہتے ہیں اور جو بدقسمتی سے گم ہوگئی ہے لیکن اس کا کچھ حصہ کنفیوشس کی روایات میں ملتا ہے۔ ان پانچ کلاسک کے متن کو چُو خاندان کے عہد میں مدون کیا گیا اور ریاست کے سیاسی فلسفہ اور انداز جہاں بانی سے ہم آہنگ کیا گیا۔

یہ ایک المیہ سے کم نہیں کہ ان کلاسک کو چن عہد (۲۲۰۔۲۰۶ ق م) میں تباہ کر دیا گیا یہ اصلی صورت میں تلف ہو گئے لیکن ہان خاندان (۲۰۶ تا ۲۲۰ ق م) نے ان کا احیاء کیا ان کلاسک کی صحت پر بہت سے اعتراضات کیے جاتے ہیں جو بہت حد تک درست ہیں لیکن چینی اس بات پر زور دیتے ہیں کہ کافی کتر بیونت کے باوجود ان میں قدیم فلسفہ، عقائد اور تعلیمات کا بڑا حصہ موجود ہے۔

ان پانچ کلاسیک یا قدیم چینی کتب کے نام درج ذیل ہیں:

① شوچنگ (Shu Ching) : کتاب تاریخ

② شی چنگ (Shih Ching) : نظموں کی کتاب

③ آئی چنگ (I Ching) : مستقبل میں رونما ہونے والی تبدیلیوں کی کتاب

④ چن چیو (Chun Chiu) : موسم بہار وخزاں کے واقعات کے ساتھ ساتھ لُو (lu) خاندان کی تاریخ

⑤ لی چی (Li Chi) : اہم مذہبی تقاریب کا ریکارڈ

شوچنگ : اس کتاب کو بنیادی ماخذ کی حیثیت حاصل ہے۔ یہ چین کی روایتی تاریخ ہے اس میں بادشاہوں اور امراء کے اقوال وافکار درج ہیں۔

شی چنگ: ۳۰۵ لوک گیتوں کا مجموعہ ہے جو ایک ہزار سال کے مذہبی اور تمدنی عہد کا عکاس ہے۔ کہا جاتا ہے کہ ان کی کل تعداد تین ہزار تھی جس میں سے کنفیوشس نے ۳۰۵ چن لئے جن کا تعلق محبت، ریاضت اور جنگ سے تھا۔

آئی چنگ: یہ ان پانچوں کتب میں سب سے اہم متن شمار کیا جاتا ہے اس میں غیبی علوم (Divination) کا ایک علامتی نظام مرتب کیا گیا ہے جو تین تین لکیروں پر مشتمل ایک چھ پہلو شکل کی صورت اختیار کرتا ہے۔ اس کو چینی مذہبی فلسفیوں نے بعد میں ایک پراسرار علم کی صورت میں پیش کیا۔

چن چیو: اس قدیم کتاب کو کنفیوشس سے نسبت دی جاتی ہے اس میں لُو خاندان (۴۸۴۔۷۲۲ ق م) کی تاریخ ہے جو علاقہ لُو پر حکمران تھا۔ لُو کا علاقہ کنفیوشس کا آبائی وطن تھا اس کلاسک کو اوّلیں عہد کے مستند ماخذات میں شمار کیا جاتا ہے۔

لی چی: اس میں ناچ، موسیقی، بزرگوں کی پوجا اور شاہی قربانیوں کا ذکر ہے۔(۴)

مذہبی عقائد

چین کی قدیم کتب کے تعارف کے بعد ہم چین کے قدیم مذہبی فلسفے، نظریے اور معتقدات پر ایک نظر ڈالتے ہیں تاکہ معلوم ہو سکے کہ تاؤ اور کنفیوشس سے قبل چین میں کس قسم کے مذہبی افکار و نظریات پائے جاتے تھے۔

دیوی دیوتا اور ارواح

چینی قدیم دیوی دیوتاؤں کو مانتے تھے ان میں سب سے بڑا حاکم دیوتا حاکم اعلیٰ شیانگ تی (Shang Ti) تھا جس طرح زمین پر بادشاہ حکمران تھا ایسے ہی آسمانوں میں اسے حاکم اعلیٰ سمجھا جاتا تھا۔ خفیہ علوم اور پراسرار تقاریب کے ماہر اسی سے رجوع کرتے۔ چُو خاندان کے عہد میں ایک اور دیوتا تیان (Tien) کی پوجا شروع ہوئی جس کو عظیم ارواح کا مسکن یا آسمان (Heaven) کہتے تھے اس کو قوت اعلیٰ بھی کہا جاتا تھا اس کے علاوہ ہوا، بادل، سورج، چاند وغیرہ کے الگ الگ دیوتا تھے ہر علاقے اور گاؤں کا ایک دیوتا اور دیوی تھی۔ ہر گھرانے میں ایک دیوتا کی پوجا کا بھی رواج تھا بلکہ گھر کے باہر کا محافظ دیوتا اور تھا اور گھر کے اندر کا اور تھا جو گھر کی حفاظت کرتا تھا۔

چینیوں کا عقیدہ تھا کہ دنیا میں بہت سی ارواح ہیں کچھ زمین میں رہتی ہیں کچھ آسمانوں میں موجود ہیں کچھ تباہی پھیلاتی ہیں جن کو کوئی (Kuei) کہا جاتا اچھی ارواح انعام و اکرام دیتی ہیں۔ ان کو شین (Shen) کا نام دیا جاتا تھا۔ یہ ارواح سمندروں، پہاڑوں، درختوں، چاند ستاروں اور ہوا بادلوں میں رہتی ہیں بری ارواح اندھیروں اور سایوں میں رہتی ہیں یہ جن بھوت شیاطین اور خون پینے والے پرندوں کی صورت اختیار کر لیتی ہیں جن کو بھگانے کے لیے روشنیاں کی جاتی، آگ جلائی جاتی اور موم بتیاں روشن کی جاتیں۔

ین یانگ (Yin Yang)

ایک ہزار ق م میں چینی مفکرین نے دو کائناتی قوتوں کے وجود کا ذکر کیا ان کو ین یانگ کہا گیا۔ ین سرد، نم آلود، منفی، نسوانی اور بری قوت کی مظہر شمار کی جاتی تھی جب کہ یانگ گرم، خشک، مردانہ، اچھی اور مثبت قوت

کوظاہر کرتی تھی۔ یہ دونظریات ایک دوسرے سے متصادم نہیں سمجھے جاتے تھے بلکہ ایک دوسرے کے حلیف اور اس طرح سے مددگار اور (متعاون) تھے کہ کائنات میں ایک توازن قائم کردیتے تھے۔

فلسفیانہ نقطۂ نظر سے ین یانگ ہر شے اور ہر شخص کا خاصہ تھا ین برتر اصول تھا اور یانگ کمتر تھا۔ ان ہی کے تال میل سے کائنات کا نظام جاری وساری تھا۔ ان ہی کے باعث فطرت اور انسانیت کی نموتھی اور جب کسی فرد کا یانگ کا عنصر عالم بالا میں چلا جاتا تو اس کی موت واقع ہوجاتی۔ ین کا عنصر اس کے ساتھ قبر تک جاتا مردے کے لواحقین قربانیاں دے کر اس کوخوش کرتے تا کہ وہ بدروح میں تبدیل نہ ہوجائے اس طرح کئی دیوتا یانگ ارواح (چینی میں شین) کہلاتے تھے۔

غیب بینی کا علم (Divination)

چینی مذہب کی اہم شق اور مخصوص طلسماتی عمل غیب بینی تھا۔ غیب بینی کے لیے دوطریقے اختیار کیے جاتے تھے ایک کوفوہی (Fu Hsi) کہتے تھے یہ تین تین لکیروں کو ایک چھ پہلوؤں والی شکل میں مسدس میں لگانے کا طریقہ تھا دوسرے طریقہ کے مطابق بیل کی ہڈیوں اور کچھوے کے اوپر کے شیل کو بطور معمول استعمال کیا جاتا تھا۔ اکثر اوقات بھیڑ کی ہڈیاں استعمال کی جاتی تھیں غیب بینی اور فال نکالنے کے دیگر طریقوں میں علامات کا استعمال موسموں سے فال نکالنا، نجوم، سکوں کی ترتیب، ہشت پہلو اشکال یعنی پاکوا (Pakua) بنانا شامل تھا ان طریقوں اور علوم کو آئی چنگ میں مدون کیا گیا جو پیش بینی اور امور غیبیہ کے اظہار کی دستاویز قرار پائی۔ غیب بینوں کو چین میں وُو (wu) کہا جاتا ان کا مرتبہ بادشاہ کے بعد دوسرا ہوتا تھا ان کا یہ بھی کام تھا کہ وہ مخصوص اعمال اور تقاریب کا انعقاد کر کے لوگوں کے لیے بارش برساتے، بیماریوں طاعون اور وباؤں سے نجات دلاتے، آفات وبلیات سے بچاتے، قربانیاں دیتے، مستقبل کے حالات سے آگاہ کرتے، طلسماتی تقاریب کا انعقاد کرتے اور جادوٹونے اور پراسرار عمل کرتے تھے۔

بادشاہوں کی ادا کردہ مذہبی تقاریب ورسومات

چینی معاشرہ پر بادشاہوں کی حکمرانی تھی جوموروثی عہدہ تھا۔ بادشاہ بعض مذہبی تقاریب منعقد کرتے

تھے جن کا تعلق ارواح اور کائناتی قوتوں کی خوشنودی سے تھا جو بادشاہ جتنا زیادہ کام کرتے عوام میں ان کی اتنی ہی زیادہ عزت ہوتی۔ یہ عقیدہ عام تھا کہ اگر بادشاہ مناسب طور پر یہ رسومات اور تقاریب ادا نہ کر سکیں تو ملک میں قحط بیماری اور آفات نمودار ہو جاتی ہیں۔ ان بادشاہوں کی قوت اور اختیارات وسیع تھے۔

چین میں قدیم عہد کی ہڈیوں پر کندہ کئی کتبے ملے ہیں جن سے پتہ چلتا ہے کہ شانگ اور چُو خاندان کے بادشاہوں کو دفن کرتے وقت پیتل کے برتن، شکار کے اوزار، جانور وغیرہ بھی ان کے ساتھ دفن کیے گئے تا کہ وہ دوسری دنیا میں اپنی زندگی اچھے طور پر گذار سکیں۔ چُو خاندان کے عہد میں انسانی قربانی کا سلسلہ بھی چل نکلا تھا قربان کیے جانے والے اشخاص کی لاشوں کو بھی بادشاہوں کی لاشوں کے ساتھ دفن کیا جاتا تھا یہ ایسے ہی تھا جیسے کہ قدیم مصر میں ممی بنانے اور روزمرہ کی اشیاء کو فراعنہ کے ساتھ دفن کرنے کا سلسلہ تھا۔

اکابر کی پوجا

چین میں خاندان کے بڑے بوڑھوں اور اکابر کی پوجا عام تھی ہر گھر میں ایک جگہ اپنے خاندان کے بزرگ کے لیے وقف کر دی جاتی تھی اس پر کتبے لگا دیئے جاتے اسے سجایا جاتا اور وہاں پوجا ہوتی۔ بعد میں ان اکابر کی ارواح کے شجرے تیار کرنے کا فن عام ہوا۔ بعض علاقوں میں اپنے اپنے گھرانے اور قبیلے کی عبادت گاہیں بھی بنائی جانے لگیں جہاں لوگ جمع ہو کر اپنے مستقبل کے منصوبے بناتے تھے اور ان کے لیے اکابر کی ارواح سے مدد مانگتے تھے اگر وہ ایسا نہ کرتے تو ان کے نزدیک ان کی زندگی ناکامیوں اور نامرادیوں کا شکار ہو جاتی تھی۔ (۵)

طرح نو، کے بانی تاؤ اور کنفیوشس

چین کا قدیم عہد (۲۲۷ تا ۲۲۱ ق م) سیاسی، سماجی اور معاشی انحطاط، شاہ پرستی اور اکابر پرستی کا دور تھا۔ جاگیردارانہ نظام اور درمیانے درجے کے کسانوں اور تاجروں کا معاشرے پر تسلط تھا۔ بادشاہ ملک کا دفاع کرنے سے قاصر تھے جاگیردار اپنی ذاتی افواج سے اپنے علاقوں کا دفاع کرتے تھے کسانوں کے کوئی حقوق نہ تھے ان کا زبردست استحصال کیا جاتا تھا۔

پانچویں صدی ق م سے تیسری صدی ق م کا دور چین کی تاریخ میں باہمی جنگ و جدل کا دور (Warring States Period) کہلاتا ہے۔ ان دوسو سالوں میں داخلی کشمکش اور طبقاتی آویزش کے نتیجہ میں جاگیردارانہ نظام رُو بہ زوال ہونے لگا۔ بادشاہتیں بکھرنے لگیں اور باہمی جنگ وجدل اپنے عروج پر رہیں تا آنکہ شاہ شی ہوانگ تی (Emperor Shih Huang Ti) کے عہد ۲۲۱ ق م میں چین مستحکم اور متحد ہونے لگا۔

اس اتحاد و یکجہتی اور باہمی ربط وضبط نے جدید سیاسی اور فلسفیانہ افکار کی تلاش اور ترویج میں بھرپور کردار ادا کیا پہلے رشتے ٹوٹ پھوٹ چکے تھے ان کی جگہ نئے افکار و خیالات کی ضرورت محسوس کی جارہی تھی۔ یہ ایک تاریخی عمل تھا اس عہد میں جو مکاتبِ فکر پیدا ہوئے ان میں جاگیردارانہ نظام پر سخت تنقید کرنے والے قانون پسند (Legalist)، قدیم مذہبی نظریہ کے حامی موہسٹ (Mohists) جن کو موٹسین (Motseans) بھی کہا جاتا ہے شامل تھے۔ یہ عالمی بھائی چارے کے قائل تھے البتہ تاؤمت کے حامی اس عہد کے سیاسی نظام میں اس تبدیلی کے قائل نہ تھے جس کا وہ تقاضا کرتا تھا۔ چینی روایات کے مطابق اس عہد میں بہت سے فلسفی اور مفکر پیدا ہوئے ان میں تاؤمت اور کنفیوشس ازم کے بانی نمایاں تھے۔ بنیادی طور پر ان دو مذاہب نے اور بعد میں بدھ مت نے چینی معاشرہ، ان کے مذہبی افکار اور تمدنی ارتقاء میں بنیادی کردار ادا کیا۔ (۶)

تاؤازم (Taoism)

لاؤ زو (Luo Tzu)، دریائے یانزگ (River Yangtze) کے علاقہ میں رہتے تھے۔ یہ علاقہ اس لحاظ سے منفرد حیثیت کا حامل تھا کہ یہاں کے لوگوں نے ایک ہزار سال سے قائم جاگیردارانہ نظام کے جبر و استبداد کی مخالفت کی، اس کے خلاف اٹھے اور اس کی حیثیت کو چیلنج کیا۔ وہ جاگیرداروں کے استحصال کے سخت خلاف تھے۔ کنفیوشس بھی اسی علاقہ میں رہتا تھا یہاں چُو عہد کی ثقافت زیادہ نمایاں تھی۔

جدید محققین اس بات پر بحث کرتے ہیں کہ آیا لاؤزو ایک تاریخی شخصیت تھی یا محض افسانوی کردار تھا سب سے پہلے لاؤزو جس کے لفظی معنی بزرگ رہنما (Old Master) کے ہیں اس کا تذکرہ ہمیں قدیم چینی مذہبی کتاب چوانگ زو (Chuang Tzu) میں ملتا ہے جو شاید تیسری یا چوتھی صدی ق م کی تالیف ہے اس

میں لاؤزو کو چوان زو (Chuang Tzu) کا استاد بتایا گیا ہے جو اس کتاب کا مصنف تھا۔ کتاب کا کچھ حصہ لاؤزو کی طرف منسوب ہے جس کو عظیم تاؤ رہنما کہا گیا ہے۔ عظیم چُو خاندان کے عہد میں قدیم چینی دستاویزات کے ادارے کا مہتمم تھا اس کتاب میں یہ بھی مذکور ہے کہ لاوزو نے کنفیوشس سے ملاقات کی۔ چونکہ لاؤاس سے بڑے تھے اس لیے کنفیوشس ان سے متأثر ہوا اسی کتاب میں لاؤ کی وفات کا ذکر ہے۔

لاؤ کی زندگی اور تعلیمات کو کلاسیکی عہد کے بعد مدون کیا گیا چین کے متعلق عمومی حالات پر مشتمل باضابطہ تاریخی ریکارڈ شے چی (ShihChi) کو غالباً دوسری صدی ق م میں سوما چین (Ssu-ma-Chien) نے تالیف کیا۔ اس کتاب کے مطابق مؤلف کا اصل نام ارح (Erh) تھا اور ''لی'' (Li) اس کا خاندانی نام تھا اس کے سوانح میں لاؤزو یا تاؤ کے حالات بھی ہیں۔ تاؤ کے متعلق ہے کہ وہ شاہ چو کے دربار کے شعبہ قدیم دستاویزات کا انچارج تھا زوال پذیر چُو خاندان سے اختلافات کے باعث لاؤزو نے ملازمت ترک کردی۔ جب وہ وہاں سے دل شکستہ ہو کر جانے لگا تو اس ادارے کے دربان نے اس سے استدعا کی کہ وہ اپنے افکار و نصائح پر مشتمل ایک کتاب مرتب کر دے۔ لاؤ نے اس بات کو مان لیا اور اپنی کتاب ''تاؤ اور اس کی قوت'' (Tao and its Power) مرتب کی جس کا چینی نام تاؤتی چنگ (Tao Te Ching) ہے اس سوانح میں یہ بھی مذکور ہے کہ لاؤزو نے کنفیوشس کو بہت سے نصائح سے نوازا اور اس کے بعد کے حالات کا پتہ نہیں چلتا۔

جدید محققین تاؤازم کی مذہبی کتب کی صحت اور صداقت پر اعتراضات کرتے ہیں۔ وہ لاؤزو کو ایک افسانوی کردار بتاتے ہیں بعض محققین تو یہاں تک کہتے ہیں کہ روایتی انداز سے پیش کیا جانے والا لاؤزو محض ایک افسانوی شخصیت تھی جس کو مابعد کے تاؤازم کے پیروکاروں نے تراشا تا کہ کنفیوشس ازم پر اپنی تاریخی برتری اور سبقت قائم کرسکیں اور اسے ثانوی درجہ کا حامل قرار دیں۔ دیگر محققین تاؤ کو افسانوی شخصیت قرار نہیں دیتے وہ کنفیوشس ازم کی بعض تاریخی روایات کا سہارا لے کر یہ استخراج کرتے ہیں کہ لاؤزو ایک تاریخی شخصیت تھی البتہ اس کی زندگی کے حالات اور اس کا عہد واضح نہیں۔

کچھ محققین کا کہنا ہے کہ لاؤ (تاؤ) کا عہد وسط ۵۷۰ ق م تھا دیگر محققین اسے ۶۰۴ ق م بتاتے ہیں۔

البتہ تمام محققین کا اس پر اتفاق ہے کہ لاوزو کے متعلق کوئی بات تاریخی طور پر ثابت شدہ نہیں جس میں ان کی تصنیف تاؤتی چنگ بھی شامل ہے۔(۷) چین کے تہذیب اور اس کے مذہبی فکر کو نئی جہت دینے کے حامل تاؤ کی شخصیت پر اختلاف ایک ایسا امر نہیں کہ اسے یکسر نظر انداز کر دیا جائے بلکہ یہ اس مذہب کی حیثیت اور اس کے بانی کی ذات کے ایک اہم پہلو کا عکاس ہے۔

تاؤازم کی کتب

تاؤازم کی اساسی کتاب تاؤتی چنگ کے گہرے مطالعہ کے بعد محققین نے یہ ثابت کیا ہے کہ اس میں بعض متضاد باتیں تاؤ (لفظی معنی مسلک یا طریقہ) کے متعلق درج ہیں البتہ اخلاقی تعلیمات اور حکمرانوں کے لیے بہت سے نصائح مذکور ہیں جو واضح ہیں۔اس کی تدوین کی تاریخ اور ابتداء کا پتہ نہیں چلتا تاہم محققین اس کا عہد چھٹی اور چوتھی صدی ق م کا وسطی دور بتاتے ہیں۔روایات میں لاؤزو کو اس کا مصنف بتایا گیا ہے۔لیکن جدید محققین کا کہنا ہے کہ دراصل یہ مختلف ذرائع سے حاصل کردہ نصائح اور اقوال ہیں جن کو آئندہ نسلوں کے لیے محفوظ کر دیا گیا ہے اور لاؤزو سے ان کو نسبت دے دی گئی ہے۔اس مختصر سی کتاب کو اس گنجلک طریقے سے مدون کیا گیا ہے کہ اس کا سمجھنا امر محال ہے۔کتاب اختصار، ابہام اور ذو معنویت کے باوجود لاؤ کی روحانی تعلیم کے پانچ اصول پیش کرتی ہے جو مندرجہ ذیل ہیں:

مذہبی اصول

① تاؤ طریقہ یا مسلک (way)

② اضافیت (Relativity)

③ نفی عمل (Non-action)

④ مراجعت (Return)

⑤ حکومت (Government)

اس کتاب کی تعلیم کے مبہم اور غیر واضح ہونے کے باوجود اس کو مذہبی اور فلسفیانہ تاؤازم کی بنیاد قرار دیا جاتا ہے۔ان پانچ اصولوں کی وضاحت آگے آئے گی۔

چوانگ زو

کتاب چوانگ زو جس کو اس کے مرتب کے نام سے جانا جاتا ہے۔ شاید چوتھی یا تیسری صدی ق م میں مدون ہوئی اس میں بہت سا فکری مواد درج ہونے کے باوجود اس کا بیشتر حصہ غیر واضح ہے۔ البتہ اس میں بعض فلسفیانہ افکار اور اس عہد (۴۸۱ ق م تا ۲۲۱ ق م) کی برسر پیکار ریاستوں (The Warring States) کے حکمرانوں کے نظریات اور مذہبی عقائد کے علاوہ روحوں کے اسفار (Spirit Journeys) مذہب کی وجدانی کیفیات، تاؤازم کے بنیادی معتقدات کے ساتھ ساتھ اس کے پیروکاروں کے نصائح، گیان دھیان کے انداز، حبس دم کی مشقیں، جنسی عمل کے طریقے، ورزشوں اور خاص خاص کھانوں کے متعلق امور درج ہیں۔

تاؤ کے متعلق کہا گیا ہے کہ یہ بیان سے ماوراء ہے ایک شخص تاؤ سے رابطہ صرف فطرت کی قوتوں کے ذریعے حاصل کر سکتا ہے اس طرح اس کی ایک شناخت پیدا ہوتی ہے جس کو فطرت کی یکسانیت سے علیحدہ نہیں کیا جا سکتا وہ اس کی لامحدودیت کے پہلو کو حاصل کرتی ہے جو موت وحیات کے چکر سے بعید ہے۔ دوسرے لفظوں میں تاؤ کی شناخت کے ساتھ اپنی شناخت پیدا کرنا فطرت کی قوتوں اس کے وجود اور کائنات سے تعلق پیدا کرنا ہے۔ (۸)

دیگر مذہبی کتب

تاؤازم کی دیگر مذہبی کتب میں بہت سا متفرق نوعیت کا مواد ملتا ہے جو فلسفیانہ افکار، پراسرار باتوں اور عام نصائح پر مشتمل ہے۔ مذہبی کتابوں کو صرف مذہبی رہنما ہی پڑھتے ہیں کیونکہ وہ ان کے ذریعے دیوی دیوتاؤں سے رابطہ پیدا کرتے ہیں، بدارواح کو بھگا سکتے ہیں ان کے اسرار و رموز سے آشنائی حاصل کر سکتے ہیں اور ارواح کے نقشے بنا سکتے ہیں جن میں ان کے نام درج ہوتے ہیں ان میں یہ بتایا جاتا ہے کہ کس روح کا کس خاندان اور کس دوسری روح سے تعلق و رابطہ ہے اور یہ کس طرح سے مل کر کام کرتی ہیں۔ غیر آدمی کا ان کو دیکھنا مذہب کی توہین سمجھا جاتا ہے۔

یہ ایک دلچسپ بات ہے کہ چودھویں صدی عیسوی یعنی منگ خاندان کے عہد (۱۳۶۸۔۱۶۴۴)

تک تاؤازم کی عظیم کتب جن کو تاؤ ستانگ (Tao Tsang) یا تاؤ کا ذخیرہ (Store House) کہا جاتا تھا اور جو ۱۱۲۰ جلدوں پر مشتمل تھیں شائع نہیں کی گئیں اور دنیا ان سے پوری طرح شناسا نہ تھی بلکہ اہل چین بھی روایتی طور پر ان سے منسوب تعلیمات پر عمل پیرا تھے۔ منگ خاندان نے پہلی بار ان کو مکمل طور پر شائع کیا اس مذہبی ذخیرہ میں تاؤازم کے کئی فرقوں کے بنیادی عقائد، تاؤازم میں شامل ہونے کے طریقے، جادو ٹونے، مذہبی گیت، علاج کے طریقے تاؤ رہنماؤں کے سوانح اور دیگر بہت سے امور مذکور ہیں۔

تاؤازم سے دو اور مذہبی کتب منسوب ہیں ایک کو تائی پن چنگ (Tai Pin Ching) کہا جاتا ہے اس کا لفظی ترجمہ عظیم امن کی کتاب (Classic of the Great Peace) ہے دوسری کتاب پاؤ پوزو (Pao Pu Tzu) کہلاتی ہے جس کا ترجمہ ہے "آقا سادگی کی راہ پر" (Master Embracing Simplicity) اس میں لاؤزو نے جو سادگی اختیار کی اور جس طرح سے سادہ زندگی اپنائی اور جو سادہ تعلیمات دیں ان کو بیان کیا گیا ہے۔ یہ دونوں کتابیں تیسری اور چوتھی صدی عیسوی میں مدون ہوئیں۔ موخر الذکر کتاب سادگی کے موضوع کے علاوہ میں کنفیوشس کی تعلیمات سے ملتی جلتی تعلیمات درج ہیں اس کا ایک حصہ ہمیشہ کی زندگی حاصل کرنے کے لیے اکسیر کی تلاش، خاص خاص کھانوں کے استعمال اور بعض جنسی معاملات سے متعلق ہے۔ اگر تاؤازم کے تمام مذہبی ذخیرے پر ایک عمومی نظر ڈالی جائے تو معلوم ہوگا کہ اس کی مذہبی کتب کا خلاصہ انسان کی ماورائیت اور اس کی لافانی قوتوں کی تسخیر ہے جس کو خصوصی طریقوں سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔(۹)

تاؤازم کے بنیادی عقائد (Basic Principles of Taoism)

تاؤازم کے بنیادی عقائد میں پہلا تاؤ ہے۔ اس کا مطلب طریقہ یا مسلک ہے۔ اپنے وسیع مفہوم میں اس سے مراد طریق عمل ہے اس کا ایک اور مفہوم ان کائناتی قوتوں کا ادراک ہے جو فطرت کے عمل میں جاری و ساری ہیں مذہبی تاؤازم میں بعض طلسماتی طریقوں سے ماورائے فطرت قوتوں سے انسان رابطہ پیدا کرتا ہے۔ فلسفیانہ تاؤازم میں یہ ایک داخلی اور وجدانی قوت ہے جو کائنات کے نظام اور اس کی ابتری کے پس پردہ کارفرما ہے۔

تاؤتی چنگ میں تاؤ کے کئی قسم کے مفہوم بیان کیے گئے ہیں ان کو ناقابل ادراک (Imperceptible) ، ناقابل امتیاز (Indiscriminate) ،شکل و ہئیت کے بغیر (Formless) اور بے نام(Name less) کہا گیا ہے تمام امور تاؤ کی وجہ سے آسمان اور زمین پر نمودار ہوتے ہیں لیکن خود تاؤ ان سے ماوراء ہے اس کے بارے میں کوئی پیش گوئی نہیں کی جا سکتی لیکن اس کے باوجود تاؤ تمام اشکال (forms) وجودوں (entities) اور قوتوں (forces) کا مخفی طور پر احاطہ کیے ہوئے ہے حتی کہ تاؤ عدم کو بیان کر سکتا ہے گو کہ تاؤ اور عدم (Nonbeing) ایک نہیں۔ عدم اور وجود ایک دوسرے سے نکلتے ہیں وہ ایک دوسرے پر منحصر ہیں ان کو تاؤ کے دو پہلو کہا جا سکتا ہے عدم کے یہ معنی نہیں کہ کچھ بھی نہیں بلکہ اس کا مطلب خلاء (Emptiness) ہے، اور قابل فہم خصائل (Perceptible qualities) کا مفقود ہونا ہے۔ اس لحاظ سے تاؤ ابتداء سے موجود (Primordial) اور غیر منقسم قوت ہے جو وجود اور عدم کے پس منظر میں کام کر رہی ہے مختصراً تاؤ ایک اصول ہے ایک کائناتی اصول (Cosmic Principle) جو لاینفک (Inherent) بے مقصد (Purposeless) غیر شخصی (Impersonal) اور خیر و شر سے لاتعلق (Amoral) ہے۔

نفی عمل (Non Action)

تاؤ کا ایک اور پہلو نفی عمل ہے جس کو مذہبی اصطلاح میں وُو وی (Wu-wei) کہا جاتا ہے اس کا مفہوم عمل سے اختلاف یا اس میں مداخلت نہیں بلکہ جدوجہد (non-striving) ہونا ہے۔ یہ اشیاء کا فطری طریقے سے جاری و ساری عمل ہے۔ اس کو یکساں طریقے اور مختلف ادوار میں تبدیلیوں اور عدم تبدیلیوں کا اظہار کہا جا سکتا ہے اور متحرک اور غیر متحرک (active-passive) امدادی قوتوں (Complementary Energies) کا مظہر اتم ہے چینی فلسفیانہ اصطلاح میں اس کو یانگ اور ین (Yang-Yin) کہا جاتا ہے۔ سادہ الفاظ میں اس کو یوں بیان کیا جا سکتا ہے کہ فطرت خاموشی سے رواں دواں ہے۔ بقول شخصے:

ے زندگی کا ساز بھی کیا ساز ہے
بج رہا ہے اور بے آواز ہے

اور نفی عمل (یعنی فطری طور پر اشیاء کی تحریک) اپنے مقصد کو تخلیق، قیام اور تباہی کے ذریعے پورا کر رہی

ہے۔ غیر عمل یا نفی عمل ان کوششوں کی نفی کرتا ہے جن کے ذریعے ان حالات کے خلاف نبرد آزما ہوا جا سکتا ہے فطرت کا ئناتی روانی کو نہ تو مدد بہم پہنچاتی ہے اور نہ ہی اس کے خلاف مدافعت پیرا کرتی ہے۔ یہ کائناتی عمل کو جاری وساری دیکھتی ہے۔

اضافیت (Relativity)

تاؤ کا ایک اور پہلو اضافیت ہے اس کو اصطلاح میں چیاؤ (Chiao) کہا جاتا ہے۔ اس نظریہ کے مطابق اچھائی اور برائی درست اور غلط، خوبصورتی اور بدصورتی، قوت اور کمزوری، شان وشوکت اور مسکنت ایک دوسرے کے یکسر مخالف اور متضاد نہیں بلکہ زمان اور مکان کے لحاظ سے اقدار کے پیمانے ہیں۔ کسی بات کا فیصلہ کہ یہ غلط یا درست ہے ایک شخص کی ذاتی رائے، حالات اور ضروریات پر منحصر ہے۔ سرد علاقوں میں رہنے والوں کے لیے سردی وبال ہے لیکن گرم علاقوں کے رہنے والوں کے لیے نعمت غیر مترقبہ ہے۔ پانی اس صحرانورد کے لیے جو تپش اور دھوپ میں چل رہا ہو نعمت عظمیٰ ہے لیکن نشیبی علاقوں میں پانی کا ریلا اس علاقہ کے باسیوں کے لیے عذاب ہے۔ پانی، آب وہوا، اخلاق وغیرہ مطلق اقدار اور مقاصد نہیں بلکہ اضافی ہیں۔

اضداد میں مماثلت (Identity of Opposites)

اضافیت کے نظریہ کو چینی مفکر چوان زو (Chuang Tzu) نے مزید واضح کیا ہے اس کا کہنا ہے کہ:

> ''صداقت یا علم چونکہ ہر ایک کی ضرورت اور حالات سے اضافی طور پر متعلق ہے اس لیے اضداد میں مماثلت ہے تمام تضادات، چھوٹا بڑا، موت وحیات، آغاز وانجام، محدود ولامحدود ایک دوسرے کے مخالف اور متضاد نہیں بلکہ ایک ہی حقیقت کے دو پہلو اور مماثل ہیں۔''

تاؤ (مسلک) ان تفریقوں سے ماوراء ہے۔ اس بات کا دلچسپ اظہار چوانگ زو نے سونے جاگنے کی ایک کہانی میں بیان کیا وہ کہتا ہے کہ:

> ''اس نے خواب میں دیکھا کہ وہ ایک تتلی ہے جب وہ جاگا تو سوچنے لگا کہ میں نہیں

جانتا کہ کیا میں نے یہ خواب دیکھا تھا کہ میں ایک تتلی ہوں یا میں ایک تتلی ہوں اور اب خواب دیکھ رہا ہوں کہ میں چوان زو ہوں۔''

یہ حقیقت یا تاؤ جو جاگنے اور سونے کا خاصہ ہے یہ اضداد نہیں بلکہ یکساں امور ہیں حقیقی شناخت کے لیے ان تضادات اور تفریقوں کو دور پھینکنا چاہیے جب اضداد کی ثنویت ختم ہو جاتی ہے تب تمام اشیاء ایک یعنی تاؤ کہلاتی ہیں۔

مراجعت (Return)

فطرت کا ایک بنیادی قانون مراجعت ہے اس کو مذہبی اصطلاح میں فو (Fu) کہا گیا ہے۔ ہر شے کا اپنے اصل کی طرف لوٹنا تاؤ کا ایک قانون ہے جسے عربی میں ''**کل شئ یرجع الیٰ اصلہ**'' کہا جا سکتا ہے تاؤ کا قانون جو فطرت سے ہم آہنگ ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ کسی شے میں اگر کوئی خصوصیت پیدا ہوتی ہے تو وہ لازمی طور پر مخالف میں بدل جائے گی چونکہ ہر شے کا منبع و ماخذ تاؤ ہے اس لیے ہر شے تاؤ کی طرف لوٹ جاتی ہے۔ کل تمام اکائیوں کا مجموعہ بن جاتا ہے اور تمام اکائیاں کل کی طرف مراجعت پذیر ہو جاتی ہیں۔ حسن اپنے مرکز کی طرف مائل پرواز ہو جاتا ہے عدم سے وجود پیدا ہوتا ہے اور اس سے پھر عدم جنم لیتا ہے یہ تاؤ کا لافانی اور لامتناہی قانون ہے۔

تبدیلی (Transformation)

چوان زو نے فطرت کے اس غیر متغیر قانون کو فُو یا مراجعت کے انداز سے نہیں بلکہ تبدیلی کے طور پر پیش کیا۔ اس کے نزدیک زندگی ایک حالت سے دوسری حالت میں لافانی تبدیلی ہے اس سے یہ ہرگز مطلب اخذ نہ کیا جائے کہ وہ روح کا قائل تھا جو ایک قالب سے دوسرے میں منتقل ہو جاتی ہے نہ ہی وہ اسے اخلاقی لحاظ سے سبب اور نتیجہ کی لڑی میں پروتا ہے بلکہ وہ زندگی کو ایک مستقل طور پر تغیر پذیر عمل قرار دیتا ہے جو ہمیشہ سے جاری و ساری رہے گا اس میں لامتناہی تبدیلیاں رونما ہوتی رہتی ہیں اور ہوتی رہیں گی۔ لیکن اس کی انتہا نہیں یہ تاؤ کا کام ہے جو انسانوں کو کائنات یا فطرت کی طرح لافانی بناتا ہے اگر کوئی اس فطری عمل پر کاربند ہوتا ہے تو چوان زو کے مطابق امن و سکون پاتا ہے ایسا امن و سکون جو بیان سے باہر ہے۔(۱۰)

فلسفیانہ اور مذہبی تاؤازم(Philosphical and Religious Taoism)

چینی مفکرین اور مغربی محققین دونوں فلسفیانہ اور مذہبی تاؤازم میں تفریق کرتے ہیں۔ مذہبی تاؤازم عوام کے عقیدے کو ظاہر کرتی ہے اور فلسفیانہ تاؤازم مذہبی امور کی اساس اور فلسفہ کو بیان کرتی ہے یہ زندگی کا فلسفہ یا مخفی امور کے اظہار کی ایک صورت ہے جو چھٹی سے تیسری صدی ق م میں ارتقا پذیر ہوئی۔ فلسفیانہ تاؤازم نے ایک مخصوص طبقہ کی ضروریات کو پورا کیا جو باطنی امور اور مخفی قوتوں پر یقین رکھتے تھے اور ان تک رسائی چاہتے تھے اس سے انہوں نے روحانی تسکین حاصل کی جب کہ مذہبی تاؤازم نے ایک نہایت منضبط نظام وضع کیا جس میں مذہبی تقاریب، ٹمپل، موروثی پیشوائیت وغیرہ شامل تھے اس کا باقاعدہ ارتقاء دوسری صدی عیسوی میں ہوا۔ یہ ہی عوام کا مذہب اور عقیدہ تھا جس پر عام چینی کاربند تھا وہ نہ تو فلسفے کے بکھیڑوں میں الجھتا تھا اور نہ ہی مخفی باتوں پر تحقیق کرتا تھا اس کا عقیدہ سادہ اور عام فہم تھا۔

اگرچہ نظریاتی طور پر فلسفیانہ اور مذہبی تاؤازم میں ہم نے تفریق پیدا کی ہے لیکن حقیقت میں یہ ایک دوسرے کے ساتھ مربوط ہیں ایک تاؤمت کا پیروکار مذہبی امور پر کاربند ہوتے ہوئے یکسوئی گیان دھیان اور متصوفانہ اعمال بجالاسکتا تھا۔ بعض محققین کا یہ خیال تھا کہ تاؤازم کے عظیم فلسفے کو عوامی سطح پر لاکر اس کی شکل و صورت کو مسخ کر دیا گیا اس کی فلسفیانہ اساس کو نقصان پہنچایا گیا اور اس کی حقیقی روح کو مجروح کیا گیا لیکن ایسا نہیں اگر مذہبی اور فلسفیانہ تاؤازم میں تفریق کی جاتی ہے تو یہ محض وضاحت اور سہولت کے لیے ہے وگرنہ یہ دونوں لازم وملزوم اور ایک دوسرے میں پیوست ہیں۔

تاؤازم پر کام کرنے والے مغربی محققین نے فلسفیانہ تاؤازم پر تو بہت توجہ دی لیکن مذہبی تاؤازم کا زیادہ مطالعہ نہیں کیا۔ مذہبی تاؤازم کا وہ جب ذکر کرتے ہیں تو بعض مخصوص باتوں کو بیان کرتے ہیں جن میں ان کی اپنی دلچسپی شامل ہوتی ہے مثال کے طور پر وہ حبس دم کی مشقوں پر روشنی ڈالتے ہیں، ہمیشہ کی زندگی پانے کی باتیں بیان کرتے ہیں، کیمیا اور دیوتاؤں کو موضوع سخن بناتے ہیں اس لحاظ سے دیکھا جائے تو تاؤازم کا اصل مطالعہ اب بھی تشنۂ تکمیل ہے اور اس مطالعے کا اس عہد کی دوسری مذہبی تحریکوں خصوصاً کنفیوشس ازم اور بدھ مت کے تناظر میں ضرورت ہے۔(۱۱)

تاؤازم کا تاریخی ارتقاء (Historical Perspective of Taoism)

اڑھائی ہزار سال کے طویل عرصہ پر محیط تاؤازم کی ترقی وارتقاء کے پس پردہ لاؤزو (Lao Tzu) کی تعلیمات اور فلسفہ کے علاوہ ان کی مسحور کن شخصیت کا اثر کارفرما ہے جنہیں روایتی طور پر اس کا بانی قرار دیا جاتا ہے۔ مقدس کتاب تاؤتی چنگ جس کے وہ مرتب تھے اس میں ان کی شخصیت کا پرتو موجود ہے۔ البتہ جدید محققین اس بات کو نہیں مانتے اگرچہ وہ اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ فلسفیانہ تاؤازم ایک مربوط صورت میں کتاب تاؤتی چنگ میں ہمارے سامنے آئی۔

تاؤازم کو چینی بادشاہوں کے زمانے (۲۲۱-۲۰۶ ق م) اور ہان (Han) کے عہد (۲۰۰-۲۲۰ ق م) میں سرکاری سرپرستی حاصل رہی چین کے مختلف مذاہب اور عقائد کے نمائندے شاہی دربار میں جا کر مختلف مذہبی معاملات پر تبادلہ خیالات کرتے تاکہ اپنے نظریات کے لیے شاہی سرپرستی حاصل کر سکیں وہ اپنے عقیدے اور فلسفے کی دوسرے عقائد و فلسفہ پر برتری ثابت کرنے کی کوشش کرتے بادشاہ ان باتوں کو دلچسپی سے سنتے تھے فلسفیانہ دلائل کے علاوہ تاؤازم کے پیروکار حیران کن شعبدے اور جادو کے کمالات دکھانے کے ماہر (Thaumaturgy) ہوتے تھے۔ ان طریقوں سے اپنے نقطۂ نظر کی عملی وضاحت پیش کرتے۔

تیسری صدی ق م میں تاؤازم کے اکابر چینی فرمانرواؤں اور امراء کے آگے لاؤزو کی تعلیمات پیش کرتے رہے جو شاہی پرستی میں رواج پانے لگیں یہ تعلیمات زیادہ تر ایک مثالی حکومت کے اصولوں اور لافانیت کے فلسفہ پر مشتمل تھیں عام لوگوں میں بھی یہ مقبولیت حاصل کرنے لگیں "ہان" امراء نے ان باتوں کو بہت پسند کیا انہوں نے تاؤازم کے نفی عمل کے نظریہ کو اپنایا اور حکومت میں عدم مداخلت کی پالیسی پر زور دیا۔

دوسری اور تیسری صدی عیسوی میں تاؤازم میں ایک نئے رجحان کا پتہ چلتا ہے۔ بعض لوگوں نے مستقبل کے نجات دہندہ ہونے کے دعوے کیے انہوں نے اپنے فطری اور جاذب نظر اعمال سے لوگوں کو اپنا گرویدہ بنایا ان میں ایک شخص نے تو اپنے آپ کو لاؤزو کا کامل نمونہ یا بروز مجسم (Re-incarnation) قرار دیا۔ دوسرے نام نہاد نجات دہندوں میں بعض انقلاب پسند رہنما تھے۔ لیکن ان تمام نجات دہندوں کو شاہی افواج نے مار ڈالا۔ اس طرح یہ فلسفہ وقتی طور پر دب گیا۔

عام طور پر یہ بات بیان کی جاتی ہے کہ چانگ تاؤ لنگ (Chang Tao Ling) نے زی شوان (Szechwan) صوبے میں ۱۴۲ عیسوی میں تاؤازم کو ترقی دی اس نے عظیم رہنما لاؤزو سے ایک اشارہ پایا کہ وہ اس وقت کے انحطاط پذیر اور فرسودہ مذہبی عقیدے اور رسومات کی جگہ لاؤزو کے نظریات پھیلائے۔ چینی روایت کے مطابق وہ آسمان تک گیا جہاں اس نے آسمانی آقا (Heavenly Master) کا خطاب پایا اس کے پیروکاروں کو بھی آسمانی آقا کہا جاتا ہے انہوں نے ایک انجمن تشکیل دے کر لاؤ کے نظریات پھیلانے شروع کر دیئے وہ اچھے کاموں اور نیک اعمال کی تعلیم دیتے اور اس کے نتیجہ میں بیماریوں سے بچاؤ کی یقین دہانی کراتے تھے۔ تاؤازم رفتہ رفتہ شمالی چین میں پھیلنے لگا چوتھی صدی عیسوی میں آسمانی آقاؤں کے نظریات جنوب مشرقی چین میں مقبولیت حاصل کرنے لگے جہاں نفی عمل کے ساتھ جبر واستبداد (Coertion) کا فلسفہ بیان کیا جانے لگا۔ حکومت نے مقامی مذاہب، مخفی عقائد، جادوگروں اور شعبدہ بازوں کو سرکاری سطح پر ختم کر کے آسمانی آقاؤں کے نظریات کو عام کیا۔ پہلے سے موجودہ سادہ عبادات کی جگہ لمبی چوڑی رسومات نے لے لی ان سے یہ تصور پیدا کیا گیا کہ یہ زندگی کو قوت بخشنے والی اور عمر بڑھانے والی باتیں ہیں جسم میں قوت برقرار رکھنے کے لیے حبس دم کے کئی طریقے اختیار کیے گئے۔ تاؤازم کے بعض پیروکار جھاڑ پھونک کے ماہر (Exorcis) تھے وہ بہت طویل اور پیچیدہ رسومات ادا کرتے تھے۔ دوسرے تاؤ مفکرین نے قدیم مذہبی کتب کو تلاش کیا ان کو مدون کیا اور خاص طبقے میں روشناس کرایا ایک مذہبی طبقہ آسمان میں موجود لافانی قوتوں سے رہنمائی حاصل کرنے کا دعویدار تھا۔ (۱۲) تانگ فرمانرواؤں (۹۰۷۔۶۱۸ء) اور منگ خاندان (۱۶۴۴۔۱۲۶۸) نے تاؤازم کی پیش گوئیوں اور ان کے پراسرار علوم کا پرچار کر کے عوامی حمایت حاصل کی تانگ کے زمانے میں ہی مذہبی تاؤازم کا احیاء ہوا اس تحریک کا بانی لی یوان (Li Yuan) جو اپنے آپ کو لاؤزو کی اولاد ظاہر کرتا تھا۔ تاؤازم کے پیروکاروں نے اس کی ذات میں ایک نجات دہندہ کی آمد کی پیش گوئی کا پورا ہونا تسلیم کر لیا اور حکومت نے اس کے افکار کو مان کر اس کی سرپرستی جاری رکھی تاؤازم کے پیروکاروں نے اپنے مذہبی عقائد ونظریات کی ترویج کے لیے بدھ مت، عیسائیت، مشرقی عیسائی نسطوریت اور مانویت کے اکابر اور مذہبی رہنماؤں سے روابط پیدا کیے ان کے ساتھ بحث ومباحثہ کیا۔ ساتویں صدی عیسوی میں تاؤازم جاپان میں متعارف ہوا جہاں اس کے ماننے والے اب بھی موجود ہیں۔

تاؤ فرقے (Tao Sects)

تاؤازم میں کئی فرقے اور مکاتبِ فکر پیدا ہوئے جن میں بعض اب تک موجود ہیں انہوں نے اپنے ٹمپل اور عبادت گاہیں تعمیر کیں۔ مذہبی بنیادوں پر اپنی عبادات، رسوم ورواج اور گیان دھیان کے طریقے وضع کیے یہ بات واضح کرنی ضروری ہے کہ تاؤازم نے کبھی بھی ایک مستقل مرکزی دینی پیشوا یا اتھارٹی قائم نہیں کی جیسے دلائی یا پوپ ہے۔اس لیے تاؤ فرقوں میں کوئی اتحاد یا مرکزیت نہ تھی ہر فرقہ اپنے بانی کی طرف دیکھتا تھا انفرادی طور پر اپنی مقدس کتب پر عمل کرتا اور اپنی رسومات بجالاتا تھا۔(۱۳)

بدھ مت سے ٹکراؤ (Clash with Buddhism)

تاؤازم کا عظیم مفکر چوان زو تھا اس کی کتاب کے بعض اقتباسات کو کیو ہسیانگ (Kuo Hsiang) (م۳۱۲ء) کی تحریرات سے حاصل کر کے مختصر طور پر مرتب کیا گیا۔اس کتاب میں بہت سی دلچسپ باتیں بیان کی گئی ہیں۔ پرندوں کے قصے کہانیاں اور ان کی گفتگو سے بعض نصیحت آمیز باتیں اخذ کی گئی ہیں۔اس تبلیغی طریقے کو بعد میں بدھ مت کے بعض فرقوں نے اپنایا۔دوسری صدی ق م میں جب تبت کے تجارتی راستوں کے ذریعے چین میں بدھ مت پھیلا تو تاؤازم کا اس سے ٹکراؤ ہوا۔اس تصادم کے حل کے لیے بدھ مت کو تاؤ ازم کے ساتھ منسلک کر دیا گیا اور یہ روایت گھڑی گئی کہ لاؤزو ایک زمانے میں مغرب گیا اور ہندوستانیوں کو ایک طرح کی تعلیم دی جو تاؤازم ہی کی ایک صورت تھی۔اس لیے بدھ مت میں تاؤ کے افکار ہی کی جھلک موجود ہے۔اس قسم کی روایات کے باوجود بدھ مت نے تاؤازم کو متأثر کیا۔اسی اثر کے تحت تاؤازم میں مہایانا قسم کی بدھ مت نے جنم لیا کئی تاؤ معبد بنے اور تاؤ رہبانیات کا سلسلہ چل نکلا۔دونوں مذاہب نے اپنی بقاء کے لیے شاہی سرپرستی کی خواہش کی۔تانگ خاندان (۶۱۸ـ۹۰۷ء) کے شاہ کو اتسنگ (Kao Tsung) نے (۶۴۹ـ۸۳ء) میں حکم دیا کہ بدھ اور تاؤ عبادت خانوں کو سرکاری سرپرستی مہیا کی جائے۔یہ تحفظ اور سرپرستی ۱۹۱۱ء تک قائم رہی تاؤازم کی سرپرستی کرنے والے چینی بادشاہوں نے کنفیوشس ازم کے عقائد وتعلیمات اور ان کے اداروں کی بڑی قدر کی ان کو نہ تو کسی قسم کا نقصان پہنچایا گیا اور نہ ہی ان کے داخلی طریق کار میں کوئی مداخلت کی گئی۔اس طرح معاشرہ میں ایک باہمی رواداری کی فضا پیدا ہوئی۔

دوسری صدی میں جب بدھ مت چین میں داخل ہوا اس وقت شاہ لاؤ ہوان حکمران تھا۔ اس کی مذہبی روایات کی پاسداری اور مروجہ مذاہب سے لگاؤ کا پتہ چلتا ہے۔ اس نے قدیم چینی دیوتا ہوانگ لاؤ، لاؤزو اور بدھ کے مجسمے ایک ساتھ اپنے محل میں سجائے اور ان سب مذہبی رہنماؤں کی یکساں قدر کی۔ بدھ مت کی کتب پالی سنسکرت میں تھیں اور تاؤ کتب چینی زبان میں تھیں اس لیے ابتداء میں باہمی مذہبی تفہیم اور ایک دوسرے کے عقائد کو سمجھنے میں بہت مشکلات پیش آئیں۔ ابتداء میں تاؤازم کے رہنما بدھ مت کو ایک اجنبی فلسفہ قرار دیتے رہے اور بدھ کتب کو لاؤزو کی تعلیمات کی مسخ صورت بتاتے رہے حتی کہ تاؤازم نے بدھ مت کی کئی باتیں اپنا لیں۔ (۱۴) اگرچہ ان کو تاؤ کی تعلیمات کا نام دیا گیا۔

جدید تاؤازم (Modern Taoism)

تاؤازم کے فلسفیانہ افکار اور مذہبی معتقدات کی جھلک تمام جنوب مشرقی ایشیائی ثقافتوں میں موجود ہے خاص طور پر ویت نام، جاپان اور کوریا میں ان کی جھلک نمایاں ہے۔ کئی تاؤ افکار چینی سیاحوں کی معرفت باہر گئے۔ کنفیوشس ازم نے بھی انسان، سماج، حکمرانوں، آسمان اور کائنات کے بارے میں اسی قسم کے تصورات پیش کیے جو تاؤازم کے تھے اس لحاظ سے دیکھا جائے تو قدیم کنفیوشس ازم کا دائرہ اخلاقی اور سیاسی نظام کی تخلیق تک محدود رہا جب کہ تاؤازم نے شخصی اور مابعد الطبیعاتی امور پر زور دیا۔ مختلف زمانوں اور فلسفوں کی زد میں رہنے کے بعد مذہبی تاؤازم ان مقامات میں پھلنے پھولنے لگا جو قدیم چینی اقدار اور معاشرت کے عکاس تھے۔ ۱۹۶۰ء کی دہائی کے بعد تاؤازم کا تائیوان میں احیاء ہوا کئی علاقوں میں نہایت قیمتی اور خوبصورت تاؤ ٹمپل بنائے گئے جہاں بہت وسیع پر تکلف اور رنگارنگ تقاریب اور میلے منعقد کیے جاتے ہیں، متفرق نوعیت کی تقاریب اور دلچسپ پروگراموں کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ تاؤازم کے مذہبی تاؤ معبدوں میں تعینات ہیں جہاں وہ قدیم رسومات بجالاتے ہیں ان کو سرکاری سرپرستی حاصل ہے۔ چین میں کمیونسٹ انقلاب کے وقت ۱۹۴۹ء میں ۶۳ واں آسمانی آقا چانگ این پیو (Chang En-Pu) تائیوان فرار ہو گیا تھا۔ اس کی ۱۹۷۰ء میں وفات کے بعد ۶۴ واں آسمانی آقا چانگ یوان ہیسن (Chang Yuan-hasien) اس کا جانشیں بنا۔ تاؤازم کے پیروکار چھوٹی چھوٹی جماعتوں کی صورت میں چین، سنگاپور اور بنکاک (تھائی لینڈ) میں موجود ہیں

عوامی جمہوریہ چین میں تاؤازم کی ایک عظیم عبادت گاہ پویان کوان (Poyun Kuan) یا سفید بادل معبد ہے جو بیجنگ میں واقع ہے کچھ اور جگہوں پر بھی تاؤ ٹمپل موجود ہیں جن میں راہب قیام پذیر ہیں۔ ۱۹۸۵ء میں سرکاری طور پر اعلان کیا گیا کہ چین میں ۳۰ ہزار تاؤ مذہبی رہنما موجود ہیں۔ (۱۵)

کنفیوشس ازم (Confucianism)

وہ عہد جس میں کنفیوشس ازم نے جنم لیا چین کی ذہنی تخلیقات کا سنہرا دور سمجھا جاتا ہے لیکن اسی دور میں سیاسی اور معاشرتی افراتفری بھی عام تھی چھوٹے چھوٹے حکمران شاہی خاندان چُو کی کمزوریوں سے فائدہ اٹھا کر مختلف علاقوں پر قبضہ جما رہے تھے اور عوام کا استحصال جاری تھا۔ داخلی انتشار نے ملک کی اندرونی سرحدات کو اتنا کمزور کر دیا تھا کہ ہر ایک جاگیردار اپنی مرضی کے علاقے پر قابض ہو کر اپنی حکمرانی قائم کر لیتا تھا۔ یہ جاگیردار اتنے کرپٹ تھے کہ لوگ ان کی چیرہ دستیوں سے تنگ آ چکے تھے ان حالات کے باوجود مشرقی چُو کا طویل عہد (۷۷۱۔۲۵۵ ق م) سماجی، سیاسی اور ذہنی تخلیقات کا عظیم دور تھا۔ امن و امان کی صورت بہتر تھی اور لوگ خوشحال تھے۔

اس عہد کو کلاسیکی عہد بھی کہا جاتا ہے بعض چینی مستشرقین نے اس عہد کی بڑی تعریف کی ہے اور اس کو سو فلسفیوں کا عہد (Age of Hundred Philosophers) کا نام دیا ہے۔ ان چینی فلسفیوں نے کئی جہتوں میں کام کیا اور اہم سماجی سیاسی اور معاشرتی نظریات وضع کیے ان سو عظیم فلسفیوں کو چھ مکاتیب فکر میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

① کنفیوشس ازم (Confucianism) ② تاؤازم (Taoism)
③ موہزم (Mohism) ④ ین یانگ (Yin-Yang)
⑤ مباحثات (Dialectician) ⑥ دستوریت (Legalism)

دوسری صدی ق م میں کنفیوشس ازم کو سرکاری مذہب کا درجہ دے دیا گیا اور باقی مکاتیب فکر پر اس کی برتری تسلیم کر لی گئی۔ (۱۶)

کیا کنفیوشس ازم مذہب ہے؟

جس طرح تاؤازم کے بارے میں محققین کا اختلاف ہے کہ آیا یہ ایک مذہب تھا یا محض فلسفہ وفکر کا نام ہے ایسے ہی کنفیوشس ازم کے متعلق بھی حکماء کی مختلف آراء ہیں بعض لوگ اسے مذہب قرار دیتے ہیں اور بعض محض فلسفیانہ نظام سمجھتے ہیں۔ ہمارے ہاں یہ روش عام ہے کہ ہم کسی مذہب یا فلسفہ کے بانی کو نبی اور رسول قرار دے دیتے ہیں ہمارا یہ استدلال ہوتا ہے کہ چونکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ: ''ہر قوم میں ایک ہادی آیا۔'' اس لیے ہوسکتا ہے کہ یہ ہادی ہو ایسے امکانی انداز سے کسی فلسفی یا مصلح کو نبی اور رسول اور حامل وحی وکتاب قرار دینا غلط ہے جب کہ اس کا اپنا دعویٰ موجود نہ ہو یا قرائن سے ایسا ثابت نہ ہوتا ہو۔

وہ حکماء جو کنفیوشس ازم کو نظام فلسفیانہ سمجھتے ہیں ان کا یہ استدلال ہے کہ اس مذہب میں نہ تو کوئی مذہبی ادارہ اور نظام ہے اور نہ ہی کسی حکم کے ماننے یا انکار کرنے کی سزا و جزا ہے اس میں صرف اعلیٰ اخلاقی اقدار اور سیاسی نظریات پیش کیے گئے ہیں ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ وہ لوگ جو اس نظریہ کے حامی ہیں کہ یہ ایک مذہب ہے ان سے جب یہ سوال کیا جاتا ہے کہ کیا اس میں کوئی نواہی و منکرات ہیں اور حیات بعد الممات کا کوئی تصور ہے۔ اگر نہیں تو یہ کیسا مذہب ہے۔ یہ تصورات تقریباً ہر مذہب میں موجود ہیں اس کے جواب میں کنفیوشس ازم کو مذہب قرار دینے والے یہ دلیل پیش کرتے ہیں کہ اس میں مذہبی عناصر و عوامل موجود ہیں مثلاً اکابر کی پوجا، آسمان کی تعظیم، عمومی رسومات، قربانی کی رسومات اور معبدوں کا وجود یہ ایسے امور ہیں جو اس کے مذہب ہونے کی دلیل ہیں لیکن اس بات کی تردید اس طرح کی جاتی ہے کہ کنفیوشس ازم کے ٹمپل تو ضرور ہیں لیکن یہ محض یادگاری عمارت ہیں یہ ایسے معبد نہیں جیسے کہ دیگر مذاہب کے ہیں۔ ان تمام مباحث و دلائل کے باوجود یہ کہا جا سکتا ہے کہ چین کے عوام کنفیوشس ازم کو ایک ایسا عقیدہ سمجھتے ہیں جس کی یا تو تائید کی جائے یا تردید کی جائے ان کے نزدیک یہ ایک ضابطہ حیات ہے جو سیاسی سماجی اخلاقی اور روحانی امور پر محیط ہے اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ کنفیوشس نے اخلاقیات کا درس دیا جس کے نتیجہ میں سیاسی اور سماجی رشتے استوار کیے گئے اور طریق حیات کو ان وضع کردہ اصولوں پر چلایا گیا۔ اس لحاظ سے یہ اگر روایتی معنوں میں مذہب نہیں پھر بھی اس میں مذہب کے اتنے عناصر موجود ہیں کہ ان کو یکسر نظر انداز کرنا ممکن نہیں۔

کنفیوشس کا تعارف

کنفیوشس کون تھا؟ اس سوال کا جواب دینا مشکل ہے اس کی حیات کی صحیح تصویر کسی ایک ماخذ سے دستیاب نہیں اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ جیسے جیسے اس کے نظریات و افکار مقبولیت حاصل کرتے گئے ویسے ویسے لوگوں نے اس کے بانی کے متعلق روایات اور قصے کہانیاں وضع کرنے کا سلسلہ جاری رکھا اور اس کو تقدس کا درجہ دیا۔ اس کی باضابطہ سوانح کئی سو سال بعد مدون ہوئی عقیدت اور محبت کی رنگ آمیزی نے اصل واقعات کو گہنا دیا اور آخر کار اس کے غالی پیروکاروں نے اسے ایک نیم دیوتا کا درجہ دے دیا۔

کنفیوشس کا اصلی نام چیو (Chiu) تھا جس کے لفظی معنی چھوٹی پہاڑی کے ہیں کیونکہ اس کے سر کی ساخت ایسی تھی کہ جیسے ایک چھوٹی پہاڑی ہو اس لیے وہ اس نام سے مشہور ہوئے ان کا خاندانی نام کنگ (King) تھا۔ کنفیوشس کنگ فوزو (Kung Fu Tzu) کا لاطینی ترجمہ ہے جس کے معنی آقا یا کنگ (Master or King) کے ہیں۔

عام روایات کے مطابق کنفیوشس ۵۵۱ ق م میں پیدا ہوا اس کی پیدائش کی جگہ لُو (Lu) کا علاقہ تھی جو موجودہ چین کا علاقہ چُوفو (Chu Fu) ہے یہ شانتوگ کا شمالی صوبہ ہے۔ اس کے والد کا نام شوہو (Shu Ho) تھا جو ایک سپاہی تھا اس کی والدہ ایک مقتدر چینی گھرانے ین (Yen) سے تعلق رکھتی تھی جب وہ بچہ تھا تو اس کے والدین انتقال کر گئے۔ ۱۹ رسال کی عمر میں اس نے شادی کی۔ (۱۷)

اگرچہ اس کی بیوی کے بارے میں معلومات نہیں ملتیں البتہ یہ ثابت ہوتا ہے کہ اس کی ایک لڑکی اور ایک لڑکا تھا۔ لڑکا جس کا نام پویو (Po-yo) تھا اس کا شاگرد بنا لیکن اس کی زندگی ہی میں مر گیا۔ بیٹی کے متعلق کوئی معلومات دستیاب نہیں کنفیوشس کی ابتدائی زندگی کے متعلق جو مزید معلومات ملتی ہیں ان کے مطابق اس نے ایک عام ملازم کے طور پر ڈیوک چُو (Duke Chu) کے یادگاری ٹمپل میں ملازمت اختیار کر لی جہاں وہ ٹمپل کی تمام رسومات میں شرکت کرتا تھا بعد میں وہ ایک دیہی ٹمپل میں رسومات ادا کرنے لگا۔ تعلیم اور آگاہی اس کی فطرت میں داخل تھی اس نے ان رسومات اور تقاریب کا تنقیدی مطالعہ کیا اور اس علاقہ کے بوڑھوں سے بعض سوالات کیے جلد ہی وہ غیر معمولی اوصاف کا مالک سمجھا جانے لگا۔ کیونکہ اس نے کتاب شوچنگ کا

بیشتر حصہ زبانی یاد کرلیا یہ کتاب مذہبی تاریخ تھی دوسری مقدس کتاب شی چنگ کو بھی یاد کرلیا جو اہم مذہبی نظموں پر مشتمل تھی وہ ان کتابوں کے اقتباسات علاقہ کے موسیقاروں کے ساتھ گا کر سناتا جنہیں لوگ عقیدت سے سنتے جلد ہی اس کی شہرت قدیم رسومات کی ادائیگی کرنیوالے ماہر کے طور پر علاقے میں پھیل گئی۔ (۱۸)

روایات کے مطابق کنفیوشس نے کئی دفعہ سرکاری ملازمت کے لیے مقابلہ کے امتحانات میں حصہ لیا لیکن ناکام ہوا۔ مسلسل ناکامی سے اکتا کر اس نے تعلیم کے میدان میں قدم رکھا اور بڑے بڑے امراء کے بچوں کی بجائے غریب لوگوں کے بچوں کو پڑھانے لگا اس طرح اس کی شہرت میں مزید اضافہ ہوا اور لوگ اس کو پسند کرنے لگے۔ اس دوران اس نے اپنی تعلیم کا سلسلہ جاری رکھا آخر کار پچاس سال کی عمر میں اس نے سرکاری ملازمت کے لیے مقابلہ کا امتحان پاس کرلیا اس کو علاقہ لُو کے دارالحکومت کے مغرب میں واقع چنگ تو (Cheng-Tu) کے علاقہ میں چیف مجسٹریٹ کی نوکری مل گئی یہاں اس کو اپنے سیاسی نظریات کو جلا بخشنے اور ان کو بروئے کار لانے کا موقع ملا۔ اس کی صلاحیتوں کے پیش نظر شاہ چین نے اس کو اس شاہی سفارت میں شامل کرلیا جو بیرونی منگولیا میں صلح کانفرنس کی شرائط طے کرنے گیا بعد میں اس کو محکمہ انصاف میں نائب وزیر مقرر کیا گیا۔ ایک عام آدمی کا اس اہم عہدے پر فائز ہونا غیر معمولی بات تھی کیونکہ یہ چھ شاہی عہدوں میں سے ایک تھا۔ کنفیوشس کی تمام تر کوششوں کے باوجود حکمرانوں نے اس کی ذہانت و فطانت سے پورا پورا فائدہ نہ اٹھایا اگرچہ امراء اس کی تعریف کرتے لیکن اس کی باتوں اور تجاویز پر عمل نہیں کرتے تھے۔ ان باتوں سے دل برداشتہ ہو کر اس نے ملازمت سے استعفیٰ دے دیا۔

چینی روایات میں کنفیوشس کی پوری زندگی اور اس کے مختلف ادوار کی یہی تفصیل ملتی ہے اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ اس نے مذہبی دنیا میں کوئی کارہائے نمایاں انجام دیا ہو یا کسی مسلک کی بنیاد رکھی ہو یا کوئی مذہبی دعویٰ کیا ہو۔ اگرچہ یہ واقعات بھی تاریخی طور پر مشکوک قرار دیئے جاتے ہیں پھر بھی یہ اس کی زندگی کا اہم باب ہے۔ مغربی محققین کا یہ خیال ہے کہ اگر اس نے شاہی ملازمت اختیار کی تھی اور کوئی اعلیٰ منصب حاصل کیا تھا تو اس بات کا اس کی نصائح پر مشتمل کتاب انالیکٹ (Analect) میں ذکر ہونا چاہیے تھا۔ لیکن ایسا نہیں ہے اس کے برعکس ہمیں اس بات کا بھی ثبوت نہیں ملتا کہ نوکری کے دوران اس نے کوئی کتاب مرتب کی ہو جس میں اپنے افکار و نظریات درج کیے ہوں انالیکٹ میں ہمیں اس کے اپنے خدشات، اپنے آپ پر شک اور ایسی

باتوں کا تذکرہ ملتا ہے جن سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس کو اپنی صلاحیتوں اور کارکردگی پر اعتماد نہ تھا۔ اس لیے بعض ناقدین کا خیال ہے کہ اس نے آخری زندگی میں لُو میں معمولی ملازمت کی بعد میں اس سے اکتا کر اور اس عہد کی بدعنوانیوں اور انتشار سے دل برداشتہ ہو کر استعفیٰ دے دیا۔ البتہ اس نے بعض لوگوں کو اپنا ہمنوا بنالیا۔ (۱۹)

حکمران کی تلاش

اپنے چند پیروکاروں کو ساتھ لے کر کنفیوشس نے اپنی زندگی کے آخری دس سال امراء اور شاہی دربار میں جا جا کر ان کو اپنے نظریات بتانے میں صرف کیے وہ شاہی درباروں کے نمائندوں سے ملا اور اہم عہدیداروں کو اپنی فکر سے آگاہ کیا پہلے وہ ریاست چی (Chi) کے شمالی علاقوں میں گیا یہاں بہت زیادہ داخلی انتشار تھا امن وامان مفقود تھا اس کو ایک مخالف کے شبہ میں ہلاک کرنے کی کوشش کی گئی لیکن بمشکل تمام اس کی جان بچی تاہم وہ حالات سے نہیں گھبرایا اور نہ ہی اس کا ولولہ شوق کم ہوا اس نے نامساعد حالات کے باوجود حکمرانوں کو اپنے خیالات ونظریات سے آگاہ کیا۔ شمال میں اپنے مشن کی تکمیل، کے بعد وہ جنوب میں اپنے پیروکاروں کے ساتھ گیا یہاں ریاست سن (Sung) میں اس نے ڈیرہ ڈالا اس جگہ اس کو زیادہ کامیابی نہ ہوئی پھر وہ دوسری ریاستوں میں چلا گیا۔ (۲۰)

چینی روایات میں مذکور ہے کہ اس کے نظریات اور نصائح کو بعض جگہ بہت پذیرائی حاصل ہوئی خاص طور پر جب اس نے لوگوں کو سرکاری پالیسی پر اپنی تجاویز پیش کیں ان تمام باتوں کو سننے اور ماننے کے باوجود کسی ریاست کے صاحب اقتدار نے اس کی خدمات حاصل نہ کیں اس نے یہ دعویٰ بھی کیا کہ اگر اس کے سیاسی نظریات اور تجاویز پر عمل کیا جائے تو تین سال کے عرصے میں غیر معمولی معاشرتی تبدیلی رونما ہو سکتی ہے لیکن کسی نے اس کی باتوں کو نہ مانا۔ مسلسل سیاحت اور جاگیرداروں اور امراء سے ملاقاتوں کے بعد جب کوئی نتیجہ نہ نکلا تو وہ مایوس ہو گیا اور اپنے آبائی وطن لُو آ گیا۔ آئندہ پانچ سالوں میں اس نے لوگوں کو پانچ کلاسیکی مذہبی کتب کی تعلیم دینے کا سلسلہ شروع کیا اس نے کئی شاگرد اور پیروکار پیدا کر لیے ان میں سے بعض نے اعلیٰ سرکاری عہدے حاصل کیے کچھ لوگوں نے سکول قائم کیے تاکہ کنفیوشس کے خیالات پھیلا سکیں۔ ۷۲ رسال کی عمر میں ۴۷۹ ق م میں کنفیوشس کا انتقال ہو گیا وہ ایک ناکام اور نامراد مصلح اور فلسفی کے طور پر اس دنیا سے

رخصت ہوا۔ یہ اس شخص کی داستانِ حیات ہے جس کو جنوب مشرقی ایشیاء میں ایک عظیم فلسفی، مذہبی رہنما اور سیاسی مصلح سمجھا جاتا ہے۔(۲۱)

ان تمام واقعات کی روشنی میں اتنا ضرور عیاں ہوتا ہے کہ کنفیوشس کا جو بھی سیاسی پروگرام اور دینی نظریات ہوں وہ اپنے مشن میں مخلص اور دیانت دار تھا اس نے اس عہد کی سیاسی ابتری، سماجی عدم توازن اور جاگیردارانہ نظام کی چیرہ دستیوں کا بغور مطالعہ کیا اور ان کی اصلاح کی تجاویز پیش کیں۔ اگر چہ اعلیٰ طبقہ نے اس کی باتوں پر کان نہ دھرے لیکن وہ اپنے مشن کو آگے بڑھاتا رہا اس نے اپنی لگن اور قوتِ عمل سے کئی لوگوں کو اپنا ہم نوا بنالیا اس نے تعلیم کی اہمیت اور ضرورت پر بہت زور دیا وہ اپنے طالب علموں سے ذہانت اور سعی پیہم کا طلبگار رہا اسی کی بناء پر اس کو ''آقا'' کہا جانے لگا۔ اگر چہ خود اس نے اپنے آپ کو ایک ناکام شخص سمجھا لیکن اس کی کامیابی اس بات میں مضمر ہے کہ آج بھی اس کے ماننے والوں کی ایک بڑی تعداد موجود ہے اس کے لیے محبت وعقیدت کا ایک سلسلہ قائم ہے اور لوگ اس کو چین کا عظیم حکیم، مصلح اور مذہبی رہنما سمجھتے ہیں۔

تعلیمات (Teachings)

کنفیوشس کی اصل تعلیمات دستیاب نہیں البتہ اس سے منسوب نظریات نصائح اور سیاسی افکار پر ایک مجموعہ دستیاب ہے اس کا کئی زاویوں سے مطالعہ کیا جاچکا ہے اور اس پر مغربی مفکرین نے بہت کچھ تحریر کیا ہے۔ یہاں اس کا مختصر تعارف کرایا جاتا ہے۔

انالیکٹ (Analect)

کنفیوشس سے منسوب پُر حکمت باتیں، اقوال، مباحثات اور دانشمندانہ نصائح کو چینی اصطلاح میں لون یو (Lun yu) کہا جاتا ہے اور جس کا لفظی ترجمہ ہلکی پھلکی گفتگو ہے۔

مغرب میں انالیکٹ کو اسی کا مترادف سمجھا جاتا ہے اس لیے یہ اسی نام سے مشہور ہے۔ دراصل یہ لفظ یونانی لفظ انالیکتا (Analekta) سے مشتق ہے۔ یعنی مجموعہ افکار ونصائح۔ اس کتاب کے بیس ابواب ہیں اور بارہ ہزار سات سو چینی الفاظ پر مشتمل ہے اس میں ماسٹر کنفیوشس کے افکار، اس کے مباحث، سفرنامے اور

نصائح مذکور ہیں جو اس کے پیروکاروں نے آئندہ نسلوں کی تعلیم و ہدایت کے لیے مرتب کیے اگرچہ ایسے دوسرے مجموعے بھی ہیں لیکن اس کو نمایاں حیثیت حاصل ہے۔ اس کو پہلی صدی عیسوی میں مدون کیا گیا تھا۔ انالیکٹ کو کنفیوشس کی ابتدائی زندگی اور ان کی تعلیمات کا سب سے قدیم ماخذ سمجھا جاتا ہے اور اس کا چینی کلاسیک میں نمایاں مقام ہے اگرچہ اس کتاب میں کوئی ترتیب، موضوع کی درجہ بندی اور وحدت افکار نہیں اور ایک بات کو بار بار بیان کیا گیا ہے پھر بھی اس کو کنفیوشس اور اس کی تعلیمات کا بنیادی ماخذ سمجھا جاتا ہے۔

سیاسی افکار (Political Thoughts)

بعض مفکرین کا خیال ہے کہ کنفیوشس نے کوئی انقلابی سیاسی نظریات پیش نہ کیے وہ محض چین کے ماضی اور گم گشتہ عہد کا احیا چاہتا تھا وہ صرف مخصوص روایت پسند (Selective Traditionalist) تھا یعنی اس نے بعض مخصوص نظریات اور رسومات کا پرچار کیا جن کو وہ پسند کرتا تھا لیکن اس کے ساتھ ساتھ وہ جدت پسند تھا اور طرحِ نو کی بنیاد رکھنا چاہتا تھا اس کی خواہش تھی کہ وہ اس حیرت خانۂ عالم میں نئی قدریں متعارف کرائے۔ اس کے فکر کے دو پہلو چینی تمدن اور معاشرت کے لیے یقیناً انقلاب آفریں تھے:

اوّل: وہ لوگ جو صاحبانِ اقتدار اور اعلیٰ حکمران ہوں ان کو موروثی طور پر یہ عہدے نہیں ملنے چاہئیں بلکہ ذہانت و فطانت اور اچھائی و عام بھلائی اس کی بنیاد ہو۔

دوم: حکومت کا منتہائے نظر عوام کی مجموعی فلاح و بہبود ہو۔

یہ دو باتیں واقعی اس کی عمدہ سوچ اور اچھے ذہن کی آئینہ دار ہیں۔ چینی معاشرہ جس افراتفری انتشار اور جاگیرداریت کے تسلط کا شکار تھا اس میں ان خیالات کے تعلیم و ترویج معاشرے کی بعض اساسی اقدار کے خلاف بغاوت تھی اسی لیے حکمرانوں نے اس کی بات پر کان نہ دھرا اور اس کے افکار کو اس عہد میں پذیرائی نصیب نہ ہو سکی۔ (۲۲)

کنفیوشس کے فکر کا مرکزی نقطۂ نظر یہ ہے کہ سخت قوانین اور سزاؤں کے برعکس تعمیر اخلاق اور اعلیٰ اقدار کو فروغ دیا جائے اس کو اس نے لی (Li) اور شو (Shu) کے فلسفہ میں بیان کیا ہے:

''یعنی اچھائی کا فروغ اور اس کا مناسب جواب، وہ کہتا ہے تمہاری جو خواہش ہوتی ہے کہ تم سے ایسا نہ کیا جائے تم بھی ویسا ہی دوسروں کے ساتھ نہ کرو۔''

اسی طرح کا سنہرا قانون ہمیں بائبل میں ملتا ہے کہ جیسا کہ تم چاہتے ہو کہ لوگ تمہارے ساتھ کریں ویسا ہی تم ان کے ساتھ کرو۔ ایک دوسری جگہ اس بات کو وہ اس طرح بیان کرتا ہے کہ:

''تم چاہتے ہو کہ اونچا مرتبہ اور اعلیٰ عہدے حاصل کیے جائیں تم بھی دوسروں کی پوری پوری مدد کرو تا کہ وہ اعلیٰ مناصب حاصل کر سکیں۔''

یہ بات ذہن میں رہے کہ کنفیوشس انقلاب پسند نہ تھا نہ ہی اس نے انقلاب کا درس دیا البتہ اس نے جاگیردارانہ نظام کے خلاف آواز بلند کی اور جاگیرداروں کی مطلق العنانی کو ناپسند کیا یہ استحصالی طبقات ہوس اقتدار کا شکار تھے لوگوں پر ظالمانہ ٹیکس لگاتے اور ان سے جبری مشقت لیتے تھے جیسا کہ جاگیردارانہ نظام کا خاصہ ہے کنفیوشس نے ہوس اقتدار کی مخالفت کی اور اس کو کسی بھی مسئلے کے حل کے منافی قرار دیا، ٹیکسوں کو کم کرنے کی وکالت کی اور سزاؤں میں کمی کا مطالبہ کیا۔ مختصراً اس کا نظریہ عوام کے حقوق کی بحالی تھا تا کہ وہ ریاستی معاملات میں شریک ہو سکیں تعلیم پر وہ امراء کی اجارہ داری ختم کرنا چاہتا تھا تا کہ عام لوگ بھی زیورِ تعلیم سے آراستہ ہو سکیں اس نے لوگوں کے لیے لیاقت، محنت اور لگن کو تعلیم کے حصول اور اس کی ترقی کا معیار قرار دیا۔

صفات حسنہ

کنفیوشس نے ایک اعلیٰ اور ادنیٰ شخص میں لی (Li) یعنی اخلاقی ضابطے اور سماجی طرز عمل کو مابہ الامتیاز قرار دیا۔ اعلیٰ شخص یا (Chun-Tzu) کے لیے ضروری ہے کہ وہ بعض صفات حسنہ کا مالک ہو، یعنی لی (Li)، جن (Jen)، یی (Yi) اور تی (Te)۔ لی اخلاقی ضوابط، انس و محبت، رحم، بھلائی، یی صداقت اور تی نیکی وہ صفات عالیہ ہیں جن کا ایک فرد کی ذات میں مرکوز ہونا ضروری ہے کنفیوشس کا کہنا ہے کہ اعلیٰ ظرف آدمی بھلائی کی طرف راغب ہوتا ہے اور کم ظرف زمین حاصل کرنے کی فکر میں رہتا ہے اعلیٰ ظرف کا مالک جانتا ہے کہ سچائی کیا ہے کم ظرف نفع کی تلاش اور لالچ میں سرگرداں رہتا ہے۔

موسیقی کے بارے میں کنفیوشس کا کہنا تھا کہ یہ کائنات کی آسمانی قوتوں کا داخلی اظہار ہے۔ شاعری جذبات میں تحریک پیدا کرتی ہے اور قوت مشاہدہ کو جلا بخشتی ہے۔ اس سے کردار مضبوط ہوتا ہے اور ناانصافی کے خلاف ردِعمل جنم لیتا ہے۔ رسومات کی ادائیگی سے باطنی روشنی حاصل ہوتی ہے۔ اس نے موسیقی، شاعری اور رسومات کی ادائیگی کو لازم وملزوم قرار دیا جو کسی عمدہ نظام کے لیے ضروری ہیں۔ یہ تینوں انسان کی روح میں پیدا ہوتے ہیں اور ابھرتے ہیں اور انسانی طرزِ عمل کو سمجھنے میں مدد دیتے ہیں۔

معاشرتی یکجہتی کے پانچ اصول

کنفیوشس نے معاشرتی یکجہتی اور توازن کے لیے خاندان اور معاشرت میں یکجہتی کی ضروریات بیان کیں اس کا کہنا تھا کہ:

> ''خاوند بیوی کا احترام کرے اور بیوی خاوند کی وفا شعار ہو۔ باپ بیٹے پر شفقت کرے اور بیٹا باپ کا فرمانبردار ہو۔ بڑا بھائی چھوٹے کی مدد کرے اور چھوٹا بڑے کا ادب کرے۔''

ان اصولوں کو اس نے دیگر رشتوں حتیٰ کہ دوستوں پر بھی لاگو کیا اور وسیع تر مفہوم میں حکمرانوں اور رعایا کو اس کا حامل قرار دیا۔ ان فرائض کو کنفیوشس کے پانچ تعلقات (Five Relationships) کہا جاتا ہے۔(۲۳)

مذہبی ضابطے

کنفیوشس نے مذہبی ضوابط میں دیانت داری اور عمدہ طرزِ عمل پر زور دیا ہے کہ کسی ایک مذہبی نظریے کو بیان نہیں کیا وہ خود عبادت کرتا تھا، روزے رکھتا تھا، مروجہ تقاریب میں حصہ لیتا تھا، ان قربانیوں میں شامل ہوتا تھا جو اکابر کے لیے ادا کی جاتی تھیں لیکن ان میں سے بہت سی باتوں سے اسے اختلاف بھی تھا جن کو وہ توہمات قرار دیتا تھا۔ وہ ارواح کے وجود اور غیر مرئی قوتوں کے وجود کے متعلق مطلق خاموش رہا۔ اس نے صرف اتنا ہی کہا کہ اس بات میں فائدہ ہے کہ زمین پر مقصد حیات کو سمجھا جائے نہ کہ لایعنی ظنیات میں اپنی

توانائیاں ضائع کی جائیں۔ اس نے پر زور طریقے سے کہا کہ کوئی شخص اس بات کا دعویٰ نہیں کر سکتا کہ وہ ارواح کی خدمت کر رہا ہے جب تک اس کو یہ معلوم نہ ہو کہ انسانیت کی خدمت کیسے کی جاتی ہے۔

حاکمیت

کائنات کی اطاعت اور اس پر اعتماد (Tien) کی بدولت کنفیوشس کو حوصلہ ملا، اس کو ایک مقصد سے آ گاہی ہوئی اور اسی کی بنیاد پر اس نے کائنات سے ہم آہنگی کا ایک راستہ بیان کیا اس نے حکماء، حکمرانوں اور امراء کے لیے ایک طریق حیات متعین کیا اس کا کہنا تھا کہ ایک حکمران کائنات میں موجود حاکمیت کی بدولت حکمرانی کرتا ہے اگر وہ اس کا اہل نہ ہو تو یہ حاکمیت دوسروں کی طرف منتقل ہو جاتی ہے۔ اس کو کائنات کے اصولوں پر توجہ مرکوز کرنی چاہیے۔ اعلیٰ افراد کی باتوں پر توجہ دینی چاہیے اور نیک لوگوں کی باتوں پر سوچ بچار کرنی چاہیے۔ کنفیوشس نے یوں تو رسومات کی ادائیگی کو تسلیم کیا لیکن رسومات ادا کرنے والے شخص کے داخلی طرزِ عمل کو اہمیت دی اس کو اس نے خارجی نمود نمائش سے برتر قرار دیا اس نے بڑی شان و شوکت سے ادا کی جانے والی رسومات پر سخت تنقید کی اس کے نزدیک کسی شخص کا مقصد اور خلوص ہی ایک رسم کی روح رواں ہوتا ہے۔ (۲۴)

کنفیوشس کی تعلیمات، احکامات اور مقدس کتاب

کنفیوشس کی تعلیمات، احکامات، نصائح اور منسوب شدہ مقدس کتب کا ایک طویل ذخیرہ اور بہت بڑا طومار ہے۔ یہ عظیم ذخیرہ دوسری صدی ق م سے بیسویں صدی عیسوی تک کے طویل عرصہ پر محیط ہے زیادہ تر لٹریچر شاہی سرپرستی میں مدون ہوا۔ وہ لوگ جنہوں نے کنفیوشس کی اہم کتب اور ان کی شرحوں سے شناسائی حاصل کی اور اور ان کے عالم بنے، انہیں چین کے شاہی خاندانوں نے اعلیٰ عہدے عطا کیے۔

۱۲۴ ق م میں ہان عہد (۲۰۶ ق م تا ۹ عیسوی) میں ایک شاہی یونیورسٹی قائم ہوئی تا کہ کنفیوشس کی تعلیمات کو عام کیا جائے اس یونیورسٹی کی مقبولیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ اس میں اس وقت طلباء کی تعداد تیس ہزار تک پہنچ گئی۔

کنفیوشس کی مقدس مذہبی کتاب کی تعداد متعین نہیں ہان عہد میں ان کی تعداد نو تھی جن میں پانچ کلاسیکی کتابیں جن کا پہلے ذکر ہو چکا ہے اور چار دوسرے فلسفیوں کی کتب شامل تھیں ان چار کتب کے نام مندرجہ ذیل ہیں:

① لون یو (Lun Yu)

② منگ زو (Meng Taz یا Mencius)

③ ہسایو چنگ (Hsiao Ching)

④ ارح یا (Erh Ya)

یہ کتابیں کنفیوشس ازم کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالتی ہیں ان میں اس کے فلسفہ، اخلاقیات، معاشرتی روابط اور باہمی تعلقات کے متنوع عناصر کی جھلک نمایاں ہے ان چاروں کتابوں میں سب سے اہم کتاب منگ زو ہے۔(۲۵)

تانگ عہد (۹۰۷۔۶۱۸ء) میں کنفیوشس ازم کی مقدس کتب کی تعداد تیرہ ہوگئی ان میں پانچ روایتی کلاسیکی کتب، چار بعد کی کتب جن کا ابھی ذکر ہوا اور چار دیگر مقدس کتابیں شامل کی گئیں ان کے نام مندرجہ ذیل ہیں:

① چنگ ینگ Chung Yung

② تاہسیو Ta Hsuuh

③ آئی لی I Li

④ چُو لی Chou Li

ان کتب میں کنفیوشس کی تعلیمات اور فلسفہ کے عمومی پہلو بیان کیے گئے ہیں بعض مقامات پر ان کی جدید تشریحات درج کی گئیں اور ان کا اس عہد کی دیگر تعلیمات خصوصاً تاؤ ازم سے موازنہ کر کے کنفیوشس کی تعلیمات کو فوقیت دی گئی۔اسی زمانے میں بدھ مت چین میں مقبولیت حاصل کر چکا تھا۔بدھ مت کی تعلیمات، فلسفیانہ افکار اور نظریات کو بھی زیر تنقید لایا گیا۔

سنگ عہد (۱۲۸۰-۹۶۰ء) میں کنفیوشس ازم کے فلسفیوں نے پانچ کلاسیکی اور چار بعد کی کتب کو از سرنو مرتب کیا۔ پانچ کلاسیکی کتب تو وہی رہیں جو پہلے سے چلی آ رہی تھیں یعنی (شوچنگ، شہ چنگ، آئی چنگ، چوان چیو اولی چی) اس کے بعد کی چار کتب کو از سرنو مدون ہونے کے بعد ان کو مندرجہ ذیل نام دیئے گئے یہ ان کی جدید صورت (Revised Version) تھی۔ پہلی اور چوتھی کتاب کے نام وہی ہیں باقی موضوع کے لحاظ سے بدل دیئے گئے۔

① لون یو Lun Yu

② چنگ یونگ Chung Yung

③ تاہسو Ta Hsueh

④ منگ زو Meng Tzu

کنفیوشس ازم کی ان تیرہ کتب کی تاریخی صحت مشکوک ہے اور یہ خیال کہ تمام کتب خود اسی کی مرتب کردہ ہیں جدید محققین کے نزدیک قابل قبول نہیں البتہ روایتی طور پر کنفیوشس ازم کے پیروکار ان کو مقدس مانتے ہیں۔ ان کتب کے بارے میں شک وشبہ کو زیادہ تقویت اس بات سے ملتی ہے کہ پہلی پانچ کلاسیکی کتب کو چن خاندان کے عہد (۲۲۱-۲۰۶ ق م) میں جلا دیا گیا تھا ان کو دوبارہ مرتب کرنا اور پہلا متن از سرنو تیار کرنا، ہان فلسفیوں کے لیے نہایت مشکل امر تھا۔ ہان عہد (۲۰۶ ق م-۹ عیسوی) میں جو کتب دوبارہ تیار ہوئیں ان کو غیر مصدقہ قرار دیا جاتا ہے کیونکہ ان کتب کی از سرنو تدوین اور تہذیب عملاً ممکن نہ تھی اس لیے بعض محققین اس کو جعلی کتب قرار دیتے ہیں جن میں اس عہد کے فلسفیوں کے اپنے نظریات کی جھلک پائی جاتی ہے بہر حال ان کتب کو کنفیوشس کی تعلیمات قرار دیا جاتا ہے۔ (۲۶)

کنفیوشس ازم کے ممتاز مفکرین

کنفیوشس ازم اس دور کی پیداوار تھی جب سیاسی اور سماجی بے اطمینانی عام تھی جاگیرداریت کا دور دورہ تھا۔ خودغرضی بہت تھی اس لیے اس کے نظریات پر زیادہ توجہ نہ دی گئی اس کے باوجود اس کے بعض پُرجوش پیروکاروں نے اس کی تعلیمات اور نظریات کو پھیلانے کا سلسلہ جاری رکھا انہوں نے قدیم (کلاسیکی)

کتب کو عام کیا جن کو ان کے آقا نے آئندہ نسلوں کی رہنمائی کے لیے مبینہ طور پر مرتب کیا تھا ان میں بہت سی زبانی روایات شامل کی جاتی رہیں۔ کنفیوشس فلسفہ کے قدیم عہد کے مفکرین کی کاوشوں بعض بنیادی تصورات کا احیاء ہوتا رہا جو اس فلسفے کی روح رواں تھے۔

منگ زو (Mencius)

چوتھی صدی ق م (۳۰۵-۳۹۰ ق م) میں کنفیوشس کے افکار کو ایک خاص انداز سے پیش کرنے والا چینی مفکر منگ زو تھا۔ مغرب میں اس کو مین سین کے نام سے پکارا جاتا ہے۔ وہ شاہی دربار کا فلسفی تھا۔ اس کا طریقہ کار وانگ تاؤ (Wang Tao) یا شاہی طریقہ (Emperor's way) کہلاتا ہے اس کا کہنا تھا کہ لوگوں کو اس بادشاہ کے خلاف اٹھنا چاہیے جو آسمانی مینڈیٹ کی مخالفت کرے اس کے باوجود وہ ایذا رسانی کے سخت خلاف تھا۔ کسی ملک کو اس وقت فتح کیا جائے جب وہاں عوام چاہیں اس نے ایک اہم نظریہ شفقت یا رحمدلی (Xin or Hsin) پیش کیا۔ اس کا کہنا تھا کہ ہر شخص میں رحم و شفقت کا جذبہ ہوتا ہے اس کو پھلنے پھولنے کا موقع دینا چاہیے تاکہ یہ مکمل انسانیت دوستی (Ren) میں بدل جائے۔ اخلاقی تعلیم اور سیاسی پالیسی سے اس کی آبیاری کی جائے۔

زنگ زی (Hsun Tzu)

دوسرا ممتاز چینی فلسفی زنگ زی (Hsun Tzu) تیسری صدی ق م (۳۴۰-۲۲۵ ق م) میں ہوا۔ اس نے چین کی متحارب سلطنتوں کو چن خاندان (۲۲۱ ق م) کے تحت متحد ہوتے دیکھا۔ اس کا کہنا تھا کہ انسانی فطرت انتشار کی طرف مائل ہے اس لیے تعلیم کی اشد ضرورت ہے اس نے کنفیوشس کی اخلاقی تعلیمات کو اپنانے پر زور دیا۔

ہن فیزی (Han Fei Tzu)

اسی عہد کا ایک اہم چینی مفکر ہن فیزی (Han Fei tzu) تھا اس کو دستوریت (Legalism) کا بانی سمجھا جاتا ہے۔ وہ زنگ زی کا شاگرد تھا اس نے بادشاہوں کے لیے طریق جہان بانی اور امراء کو زیر اثر

رکھنے کے قاعدے وضع کیے۔ اس کا کہنا تھا کہ بادشاہ کو اپنے راز امراء کو نہیں بتانے چاہئیں کیونکہ وہ انہیں اس کے اقتدار کے خلاف استعمال کر سکتے ہیں اس نے بادشاہوں کو جس قسم کی نصائح آمیز باتیں اور اقتدار کے استحکام کے جو طریقے بتائے ان کی بناء پر اسے اس عہد کا میکاولی کہا جاتا ہے اسے ہم ہندوستان کا چانکیہ بھی کہہ سکتے ہیں جس کا ارتھ شاستر مشہور ہے۔ (۲۷)

جدید کنفیوشس ازم (Modern Confucianism)

کنفیوشس ازم کا کلاسیکی عہد چن خاندان کے عروج کے ساتھ ختم ہو گیا اگر چہ یہ عہد باقی خاندانوں کے مقابلے میں مختصر تھا لیکن اس خاندان نے کنفیوشس ازم کو سخت نقصان پہنچایا۔ اگر چہ اسی عہد میں عظیم دیوار چین تیار ہوئی اور نئے سیاسی افکار نے جنم لیا لیکن کنفیوشس ازم کے لیے یہ زمانہ بہت نازک تھا۔ دستوریت کے حامیوں کا اس خاندان نے صفایا کر دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ نظریہ کہ عوام صرف ریاست کے اعضاء و جوارح ہیں اور ان کے اپنے جذبات و احساسات نہیں بالکل غلط اور بے رحمانہ ہے۔ کنفیوشس کے پیروکاروں پر نہ صرف مظالم ڈھائے گئے بلکہ کئی افراد کو زندہ گاڑ دیا گیا۔ ۲۱۳ ق م کے لگ بھگ تقریباً تمام مفکرین کا صفایا کر دیا گیا اور تمام اہم کتب کو جلا دیا گیا۔

چن خاندان کے زوال کے بعد ہان خاندان نے کنفیوشس ازم کا از سر نو احیاء کیا شاہی سرپرستی کے باوجود اس مذہب کو تاؤ ازم اور دستوریت کے مبلغین سے خطرہ درپیش رہا اس خاندان کو دوسری صدی عیسوی میں زوال کا سامنا کرنا پڑا۔ حکومت فوج کے ہاتھ آ گئی اس کے نتیجہ میں آئندہ ساڑھے تین سو سال (۲۲۱ تا ۵۸۹ء) انتشار، سیاسی افراتفری اور ابتری عروج پر رہی۔ کنفیوشس ازم کی اساس اور اس کی مقبولیت ختم ہو کر رہ گئی۔ اس کو کسی حد تک تاؤ ازم نے اور بہت حد تک بدھ مت نے پس منظر میں دھکیل دیا۔

آئندہ تین سو سالوں میں سوئی خاندان (Sui Dynasty) کے عہد ۶۱۸ء ۔ ۵۸۹ء میں کنفیوشس ازم کے احیا کی کوشش کی گئی لیکن اس کو پہلی سی مقبولیت اور عروج حاصل نہ ہوا۔ سوئی خاندان نے بدھ مت کی سرپرستی کی اس کے بعد تانگ (Tang) خاندان نے تاؤ ازم کی سرپرستی کی ان کا کہنا تھا کہ وہ لاؤزو بانی تاؤ ازم کے خاندان سے ہیں۔ (۲۸)

بدھ مت کی تیزی سے بڑھتی ہوئی مقبولیت نے لوگوں کو ایک نئے فلسفہ وفکر سے روشناس کرایا کنفیوشس ازم بعض امراء اور اہل علم کا عقیدہ بن کر رہ گیا۔ عوام میں اس کی قدر و منزلت کم ہونے لگی تاؤازم نے اس موقع سے فائدہ اٹھایا کہ کنفیوشس کی ذات اور اس کے افکار کے متعلق کئی من گھڑت باتیں پھیلا دیں ان تمام باتوں اور نا مساعد حالات کے باوجود اس کی منفرد حیثیت ختم نہ ہوئی شاہی اکادمی میں طلباء کی کثیر تعداد اور انالیکٹ اور پانچ کلاسیکی کتب کی درس و تدریس کے سلسلے نے اس شمع کو مکمل طور پر بجھنے سے بچائے رکھا۔ اس کی لوٹمٹاتی رہی مدھم پڑتی رہی۔ لیکن کسی نہ کسی رنگ میں جلوہ گر رہی تاوقتیکہ بیسویں صدی کا ظہور ہوا۔ نئے نئے فلسفوں، سماجی نظریات اور معاشی تصورات نے جنم لیا اس بدلتے ہوئے ماحول میں کنفیوشس ازم کے ایک نئے دور کا آغاز ہوا۔ (۲۸)

